.49 (ان سرغنوں نے) کہا: تم آپس میں اللہ کی قسم کھا کر عہد کرو کہ ہم ضرور رات کو صالح (علیہ السلام) اور اس کے گھر والوں پر قاتلانہ حملہ کریں گے پھر ان کے وارثوں سے کہہ دیں گے کہ ہم ان کی ہلاکت کے موقع پر حاضر ہی نہ تھے اور بیشک ہم سچے ہیں۔ o50 اور انہوں نے خفیہ سازش کی اور ہم نے (بھی اس کے توڑ کے لئے) خفیہ تدبیر فرمائی اور انہیں خبر بھی نہ ہوئی o (سورۃ البقرہ)

لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

Daily SEHAR

روزنامہ

سحر

لاہور

چیف ایڈیٹر

ملک یامین اعوان

جلد: 19 | ہفتہ 12 ستمبر 2026ء 1448ھ 29 ربیع الاول 28 بھادوں صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 230

www.sehar.pk

dailysehar1@gmail.com

مہنگائی کے ستائے شہریوں پر مزید بوجھ کا خدشہ، پیٹرول کی قیمت میں پھر اضافے کا امکان

ہفتے کے اختتام پر بھی پیٹرولیم مصنوعات مزید 5.30 روپے تک مہنگی ہونے کا امکان ہے اور ممکنہ طور پر تین روز کے لیے ڈیزل فی لیٹر 5 روپے 28 پیسے اور پیٹرول 5 روپے 02 پیسے مزید مہنگا ہونے کا خدشہ ہے

ہفتے کے اختتام پر پیٹرولیم مصنوعات مزید مہنگی ہو جائیں گی، اوگرا رات کو قیمتوں کا تعین کرے گا اور پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا، آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مہنگائی کے ستائے عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ پڑنے کا خدشہ ہے اور اوگرا (آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی) ذرائع کے مطابق ہفتے کے اختتام پر پیٹرولیم مصنوعات مزید مہنگی ہو جائیں گی۔ ذرائع اوگرا نے بتایا کہ ہفتے کے اختتام پر بھی پیٹرولیم مصنوعات مزید 5.30 روپے تک مہنگی ہونے کا امکان ہے اور ممکنہ طور پر تین روز کے لیے ڈیزل فی لیٹر 5 روپے 28 پیسے اور پیٹرول 5 روپے 02 پیسے مزید مہنگا ہونے کا خدشہ ہے۔ ذرائع (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ساہیوال کے ارکان صوبائی اسمبلی ملاقات کرتے ہوئے

حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان جاری کشیدگی اور اختلافات ختم کرانے کیلئے پس پردہ رابطے کامیاب

حکومت نے پیپلز پارٹی سے مذاکرات اور رابطوں کے لیے اسپیکر قومی اسمبلی کو مکمل مینڈیٹ دے دیا تھا جس کے بعد پیپلز پارٹی قانون سازی کے معاملے پر لچک دکھانے پر آمادہ ہو گئی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان جاری سیاسی کشیدگی اور قانون سازی پر اختلافات ختم کرانے کے لیے پس پردہ رابطے کامیاب ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے دونوں سیاسی جماعتوں کے درمیان ڈیڈ لاک ختم کرایا۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے پیپلز پارٹی سے مذاکرات اور رابطوں کے لیے اسپیکر قومی اسمبلی کو مکمل مینڈیٹ دے دیا تھا جس کے بعد پیپلز پارٹی قانون سازی کے معاملے پر لچک دکھانے پر آمادہ ہو گئی ہے۔

چیف الیکشن کمشنر کی تقرری، حکومت اور حزب اختلاف میں مشاورت کا آغاز

اجلاس میں 27 ستمبر احتجاج کے حوالے سے تفصیلی مشاورت ہوئی، پی ٹی آئی کو 27 ستمبر کے لیے بھرپور تیاری کی ہدایت کی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف الیکشن کمشنر اور دو ممبران کی تقرری کے سلسلہ میں حکومت اور حزب اختلاف میں مشاورت کا آغاز ہو گیا۔ قائد حزب اختلاف راجہ ناصر عباس کے چیمبر میں اپوزیشن کا اہم اجلاس ہوا جس میں محمود خان اچکزئی، بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ شریک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

اہم خبریں

اسلام آباد ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی کے 27 ستمبر احتجاج اور لانگ مارچ کے خلاف درخواست پر سماعت پیر تک ملتوی کر دی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی کے 27 ستمبر احتجاج اور لانگ مارچ کے خلاف درخواست پر سماعت پیر تک ملتوی کر دی گئی۔ جمعہ کو چیف جسٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

ارب ڈالر توسیعی فنڈ فیسلٹی پروگرام؛ پاکستان اور آئی ایم ایف کے مذاکرات رواں ماہ ہوں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان اہم مذاکرات 23 ستمبر سے شروع ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ان مذاکرات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

لائیو اسٹاک شعبے کی ترقی اور زرعی برآمدات کے فروغ کیلئے وفاق اور صوبوں کے درمیان مؤثر رابطہ اور شراکت داری ضروری ہے، شہباز شریف

زرعی شعبے کا معیشت کی ترقی اور استحکام میں کلیدی کردار ہے

وزیراعظم

نیشنل ایگریکلچر اینڈ فوڈ سیکیورٹی کونسل میں وزرائے اعلیٰ اپنے اپنے صوبوں کی نمائندگی کریں گے، ڈیجیٹل فارمرز ڈائری-ایگری سٹیک کی تشکیل کی تجویز؛ جس کے تحت ملک بھر کے کسانوں اور زرعی لینڈ ریکارڈز کو ڈیجیٹائز کیا جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ زرعی شعبے کا پاکستان کی معیشت کی ترقی اور استحکام میں کلیدی کردار ہے، فی ایکڑ زرعی پیداوار میں اضافے، زراعت میں جدت لانے، لائیو اسٹاک کے شعبے کی ترقی اور زرعی برآمدات کے فروغ کے لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان مؤثر رابطہ اور شراکت داری ضروری ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی زرعی مصنوعات کے لیے عالمی منڈیوں میں رسائی بڑھانے اور نئی منڈیاں تلاش کرنے کے لیے مربوط اقدامات لیے جائیں، وزیراعظم نے زرعی برآمدات کے فروغ کے لیے پاکستان کے بیرون ملک مشنز میں تعینات کمرشل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف پاور لوڈ مینجمنٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

پاکستانی نژاد ذیشان حامد کینیڈا کے وزیر برائے سیاحت و ثقافت مقرر

اس سے قبل ذیشان حامد آٹو تھیفٹ اینڈ بیل ریفارمز کے معاون وزیر تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی نژاد کینیڈین ذیشان حامد کو سیاحت و ثقافت کی صوبائی وزارت کا قلمدان سونپ دیا گیا۔ کینیڈا کے سب سے بڑے صوبے اونٹاریو کے پریمیئر ڈگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

ایس آئی ایف سی کی ون ونڈو سہولت کاری، معاشی ترقی کے نئے دور کا آغاز

سرمایہ کاری کے عمل کو مزید آسان بنانے کیلئے ایس آئی ایف سی نے ڈیجیٹل ٹکٹنگ ہب متعارف کرا دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس آئی ایف سی کی ون ونڈو سہولت کاری سے سرمایہ کاروں کیلئے پاکستان میں کاروباری مواقع تک رسائی آسان بنائی جا رہی ہے، ایس آئی ایف سی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

کرم میں سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، افغان خارجی عبید اللہ سعد سمیت 4 دہشتگرد ہلاک

عبیداللہ سعد پاکستان میں دہشتگردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھا، سیکیورٹی فورسز کا کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم' ملک کے امن و سلامتی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا' سیکیورٹی ذرائع

فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں فورسز کے بہادر سپوت ہمارا سرمایہ افتخار ہیں، قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، وزیر داخلہ

پشاور/اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کرم ڈسٹرکٹ میں سیکیورٹی فورسز نے 8 ستمبر 2026 کو خوارج کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے فتن الخوارج سے منسلک افغان خارجی عبید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

محسن نقوی سے رابطہ رہتا ہے تفصیلات نہیں بتائیں گے، بیرسٹر گوہر

ڈائیلاگ بانی پی ٹی آئی کی پالیسی ہے، کس سے، کب، کن شرائط پر ہونا ہے فیصلہ عمران خان ہی کریں گے، کوئی قدم بانی پی ٹی آئی کی مرضی کے بغیر نہیں اٹھاتے

اگر بات کرنی ہے تو سنجیدگی اور خلوص سے کی جائے، سوچ کر بتائیں گے والی پالیسی نہ ہو، وزیراعظم کے خط سے متعلق سوال کے جواب پر کہا کہ وزیراعظم صاحب نے خط لکھا تھا فائنلی لیٹر ہمیں موصول ہو گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ محسن نقوی سے رابطہ رہتا ہے کبھی انکار نہیں کیا، محسن نقوی سے رابطے کی تفصیلات نہیں بتائیں گے۔ اسلام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

بجلی کی طلب میں اضافہ اور پاور سیکٹر کی لاگت میں کمی حکومت کی اہم ترجیحات ہیں، اویس لغاری

حکومت پاور سیکٹر کی لاگت کم کرنے اور صارفین پر غیر ضروری بوجھ کو کم کرنے کے لیے متعدد اقدامات پر پہلے ہی کام کر رہی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سے پاکستان بزنس کونسل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جاوید قریشی کی قیادت میں آئے وفد نے ملاقات کی جس میں پاور سیکٹر میں بجلی کی طلب بڑھانے، دستیاب پیداواری صلاحیت کے مؤثر استعمال، لاگت میں کمی اور معاشی سرگرمیوں کے لیے بجلی کے استعمال کو فروغ دینے کے امکانات پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

پاکستان علما کونسل کی اپیل پر حوثی باغیوں کی طرف سے ارضِ حرمین شریفین مملکتِ سعودی عرب پر حملوں کیخلاف یوم مذمت منایا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان علما کونسل اور انٹرنیشنل تعظیم حرمین شریفین کونسل کی اپیل پر پاکستان سمیت دنیا کے متعدد ممالک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

بچوں کے تحفظ کیلئے سیاسی عزم، مضبوط ادارے اور مسلسل اقدامات ضروری ہیں، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ بچوں کے تحفظ کیلئے سیاسی عزم، مضبوط ادارے اور مسلسل اقدامات ضروری ہیں، حکومتی ادارے، صوبائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

ہانگ کانگ: وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو جان لی کا چیو ملاقات کرتے ہوئے

قائداعظمؒ کے اصول پاکستان کی بقا اور خودمختاری کے ضامن ہیں، علیم خان

پوری قوم کو ملکی ترقی اور استحکام کے لیے یکسوئی اور باہمی اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اور استحکامِ پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے قائداعظم محمد علی جناح کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

آئی سی سی آئی وفد کی وزیر مملکت برائے داخلہ سے ملاقات

حکومت کاروبار دوست اپروچ پر یقین رکھتی ہے، وزیر مملکت طلال چوہدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر سردار طاہر محمود کی قیادت میں وفد نے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے ملاقات کی اور دارالحکومت میں کمرشل پلازوں کی سیلنگ، سی ڈی اے کے ریگولیٹری معاملات، فلور ایریا ریشو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

سینیٹ قائمہ کمیٹی میں پاکستان پوسٹ آفس کی نجکاری کی تجویز پیش، پاکستان پوسٹ آفس کی ڈیجیٹلائزیشن نہ ہونے کی وجہ سے کمیٹی ارکان کی پوسٹ آفس حکام پر تنقید

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کے اجلاس میں پاکستان پوسٹ آفس کی نجکاری کی تجویز پیش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

قائداعظمؒ کے زریں اصولوں، اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط کو مشعلِ راہ بنا کر ہی ملک کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنایا جا سکتا ہے، وزیر ریلوے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ قائداعظم کی دوراندیش قیادت، اصول (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کی لائسنسنگ کا عمل شروع، 70 درخواستیں موصول

ریگولیٹری فریم ورک پر پورا اترنے والی کمپنیوں کو ڈیجیٹل اثاثوں کی خرید و فروخت کا لائسنس جاری کیا جائے گا، بلال بن ثاقب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کی لائسنسنگ کا عمل شروع کر دیا گیا۔ چیئرمین پاکستان ورچوئل ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

YOUTH KI URAAN
Young Development Fellows (YDF)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال سی ڈی ڈبلیو پی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

قائداعظم کی سیاسی بصیرت اور دوراندیشی سے پاکستان کا خواب شرمندہ تعبیر ہوا

مریم نواز

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کی برسی پر اپنے پیغام میں بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناحؒ کی بصیرت افروز قیادت کو خراج تحسین پیش کیا ہے

قائداعظمؒ کے ویژن کے مطابق مملکت خداداد پاکستان کو حقیقی فلاحی ریاست بنانا ہمارا عزم ہے مریم نواز شریف کا بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناحؒ کی بصیرت افروز قیادت کو خراج تحسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کی برسی پر اپنے پیغام میں بابائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

وزیر تجارت سے ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو کی ملاقات

باہمی تجارت و سرمایہ کاری اور عوامی روابط بڑھانے کے عزم کا اعادہ

ہانگ کانگ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو جان لی کا چیو نے ملاقات کی جس دوران باہمی تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی روابط بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق ملاقات میں ہانگ کانگ کے سیکرٹری تجارت و اقتصادی ترقی الجرنن یا اور پاکستانی قونصل جنرل ریاض احمد شیخ بھی موجود تھے۔ دونوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

وزیر داخلہ کا قائداعظم کو ان کی عظیم جدوجہد پر زبردست خراجِ عقیدت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کو ان کی عظیم جدوجہد پر زبردست خراجِ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

پاکستان اور تاجکستان کے درمیان تجارتی و زرعی تعاون بڑھانے پر اتفاق

وسطی ایشیا میں تاجکستان پاکستان کا ایک اہم اور قابل اعتماد شراکت دار ہے، رانا تنویر حسین

تاجکستان کے سفیر نے وفاقی وزیر کو ستمبر میں منعقد ہونے والے اقتصادی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شرکت کی دعوت دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق، رانا تنویر حسین سے تاجکستان کے سفیر یوسف شریف زادہ نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور تاجکستان کے درمیان باہمی تجارت، زرعی تعاون، اقتصادی روابط اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران تاجکستان کے سفیر نے وفاقی وزیر کو ستمبر میں منعقد ہونے والے اقتصادی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام پر ظلم، حکومت اپنی نااہلی کا بوجھ عام آدمی پر نہ ڈالے، فواد چوہدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کے رہنماؤں فواد حسین چوہدری اور محمود مولوی نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات اور بجلی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام کی زندگی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سے سپریم کورٹ آف پاکستان اسلام آباد کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی معاملات کا اجلاس، مختلف قانونی و انتظامی امور کی منظوری دیدی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر قانون کی سربراہی میں قائم کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی معاملات نے پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس 2002 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

قومی عدالتی پالیسی ساز کمیٹی کا ادارہ جاتی استعداد بڑھانے، انصاف تک رسائی بہتر بنانے اور مؤثر نظامِ انصاف کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی عدالتی پالیسی ساز کمیٹی نے ادارہ جاتی استعداد بڑھانے، انصاف تک رسائی بہتر بنانے اور مؤثر نظامِ انصاف کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ چیف جسٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

پی ٹی آئی وفد کی فضل الرحمٰن سے ملاقات، احتجاجی تحریک پر بات چیت

صوبوں کے معاملے پر اے پی سی بلائی جا رہی ہے، قومی معاملات پر تمام جماعتوں کو اعتماد میں لیں گے، گوہر

بلوچستان میں بدامنی سمیت دہشت گردی و مسائل پر بات ہوگی، غفور حیدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تحریک انصاف کے وفد نے سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات ہوئی جس میں سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وفد میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر شامل ہیں۔ وفد کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

مکران ڈویژن، سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی، فتن الہندوستان کا بڑا حملہ ناکام

دہشت گردوں نے ڈپٹی کمشنر تمپ کے پروٹیکشن اسکواڈ کو نشانہ بنایا تھا، سیکیورٹی ذرائع

مکران (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے مکران ڈویژن کے ضلع تمپ میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے فتن الہندوستان کے بزدلانہ حملے کو بری طرح ناکام بنا دیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے ڈپٹی کمشنر تمپ کے پروٹیکشن اسکواڈ کو نشانہ بنایا تھا۔ فتن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

نوجوان نسل کو قائداعظمؒ کی جدوجہد، افکار اور اصولوں سے روشناس کرانا ضروری ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا قائداعظم محمد علی جناحؒ کو ان کی برسی پر خراجِ عقیدت

قائداعظمؒ کے وژن سے رہنمائی لیتے ہوئے جمہوری روایات، برداشت، اتحاد اور باہمی احترام کو فروغ دینا ہوگا

اسلام آباد (عباس ملک سے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کی برسی پر پیغام۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا قائداعظم محمد علی جناحؒ کو ان کی برسی پر خراجِ عقیدت۔ قائداعظمؒ کی بصیرت افروز اور مدبرانہ قیادت نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے آزاد وطن کے قیام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس، پاکستان کا سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار

یمن کی صورتحال کو انتہائی تشویشناک اور خطرناک مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، یمن کی صورتحال پر گہری تشویش ہے، عاصم افتخار

ہم سلامتی کونسل میں جاری اختلافات اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے تعطل پر بدستور تشویش رکھتے ہیں، جس نے کونسل کے ذیلی اداروں کے کام کو بھی متاثر کیا ہے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ حوثی حملے سعودی عرب کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

پاکستانی پولٹری فارمز سپر بگز کا گڑھ بننے لگے، برطانوی اخبار کی رپورٹ میں انکشاف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی پولٹری فارمز سپر بگز کا گڑھ بننے لگے، برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز کی رپورٹ میں خبردار کر دیا گیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

ملزم نے ایسا کام کیا ہے کہ اسے 10 بار اور اندر ڈالنا چاہیے'، دودھ میں ملاوٹ کے ملزم کی ضمانت مسترد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان نے دودھ میں ملاوٹ اور کار سرکار میں مداخلت کے ملزم غلام نبی کی ضمانت مسترد کر دی۔ دوران سماعت سرکاری وکیل نے کہا کہ ملزم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

سپریم کورٹ نے پولیس پر فائرنگ کے ملزم ارشاد کی ضمانت منظور کر لی

پولیس پر فائرنگ کیس، کیا یہ لوگ اللہ سے نہیں ڈرتے، ہاف فرائی فل فرائی کیا ہوتا ہے؟ دوران سماعت جج برہم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان نے پولیس پر فائرنگ کے ملزم ارشاد کی ضمانت منظور کر لی۔ پولیس نفری پر فائرنگ کے کیس کی سماعت سپریم کورٹ کے جسٹس مندوخیل نے کی جس دوران ملزم کے وکیل مطیع اللہ نے موقف اپنایا کہ یہ مقدمہ ملزم کی گرفتاری کے بعد بنایا گیا ہے جس پر جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ آپ خوش قسمت ہیں کہ ساتھی کی گولی صرف ٹانگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

وزیراعلیٰ کی ارکان اسمبلی کو جاری ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے معیار اور شفافیت پر نظر رکھنے کی ہدایت

تفصیلی تبادلہ خیال، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا جلد 14 مزید الیکٹرو بسیں مہیا کرنے کا اعلان

نواز شریف سکولز آف ایمیننس میں غریب اور امیر کے بچوں کو ترقی کے یکساں مواقع میسر آئیں گے: مریم نواز شریف

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ارکان اسمبلی کو جاری ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے معیار اور شفافیت پر نظر رکھنے کی ہدایت کر دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے گزشتہ روز ضلع ساہیوال کے ارکان صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی اور مختلف سیاسی و ترقیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے ملاقات کرنے والوں میں ولایت شاہ، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق، رانا تنویر حسین سے تاجکستان کے سفیر یوسف شریف زادہ ملاقات کر رہے ہیں

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

تھانہ سمبڑیال پولیس کی بڑی کارروائی،1500 گرام چرس، جبکہ تین نوجوانوں سے شراب برآمد

تھانہ سمبڑیال پولیس کی بڑی کارروائی،1500 گرام چرس، جبکہ تین نوجوانوں سے شراب برآمد

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) تھانہ سمبڑیال پولیس کی بڑی کارروائی 1500 گرام چرس، جبکہ تین نوجوانوں سے شراب برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کے احکامات پر منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران ایس ایچ او تھانہ سمبڑیال غازی عبد الرزاق کی اہم کارروائی کے نتیجہ میں گشت کے دوران بھدر تاج پورہ والا بالمقابل مسلم بلاک فیکٹری کے قریب 2 مشکوک خواتین کو روکا گیا۔ لیڈی کانسٹیبل کے ذریعے تلاشی لینے پر ان کے قبضہ سے 1500 گرام چرس برآمد ہوئی۔ جبکہ تین ملزمان شمس نعیم، حسن، حیدر علی کے قبضہ سے شراب برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

پاکپتن تحصیل کے زیر اہتمام انسداد اسموگ پر نمبردارن کنونشن کا انعقاد ڈی ایم اے ہال میں کیا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) پاکپتن تحصیل کے زیر اہتمام انسداد اسموگ پر نمبردارن کنونشن کا انعقاد ڈی ایم اے ہال میں کیا گیا، کنونشن کا بنیادی مقصد اسموگ کے بڑھتے ہوئے خطرے سے نمٹنے کے لیے دیہی علاقوں کے نمبرداروں کو متحرک کرنا اور انہیں اسموگ کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات سے آگاہ کرنا تھا، کنونشن میں شہباز اختر ڈائریکٹر زراعت توسیع ساہیوال ڈویژن، اسسٹنٹ کمشنر پاکپتن مس منتہا اظہر، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع پاکپتن ریاض احمد، سابق صدر پریس کلب پاکپتن وقار فرید جگنو اور محمد اجمل ایکسٹرا اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع پاکپتن و دیگر عمائدین نے بھی خطاب کیا، تقریب میں سینکڑوں نمبرداروں نے شرکت کی، شرکاء کو اسموگ کی وجوہات، اس کے صحت پر مضر اثرات، اور اس سے بچاؤ کے طریقوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، کنونشن میں فیصلہ کیا گیا کہ ہر نمبردار اپنے گاؤں میں اسموگ کے خلاف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری فیاض احمد کے مختلف تعلیمی اداروں کے دورے، ڈیوٹی سے غیر حاضری

بچیکی (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری فیاض احمد کے مختلف تعلیمی اداروں کے دورے، ڈیوٹی سے غیر حاضری، ناقص صفائی اور ڈسپلن کی خلاف ورزی پر دو سکولوں کے ہیڈ ٹیچرز کو شوکاز نوٹسز جاری، سرکاری تعلیمی اداروں میں ڈسپلن کی خلاف ورزی اور بدانتظامی کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر رعنا حمید اور سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی شفقت محمود کی خصوصی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری میل ایجوکیشن فیاض احمد کے ضلع بھر میں سرکاری تعلیمی اداروں کے دورے جاری ہیں، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے گورنمنٹ پرائمری سکول واڑہ اندھیاں (عمرکوٹ) کے دورے کے دوران ڈیوٹی سے غیر حاضری، ڈریس کوڈ کی خلاف ورزی اور ناقص صفائی انتظامات پر سکول کے ہیڈ ٹیچر ذیشان منیر کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلبی کر لی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے گورنمنٹ پرائمری سکول واڑہ لہب سنگھ کے دورے کے دوران ناقص (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

طلباء وطالبات کو ناقص اور غیر معیاری میٹریل سے تیار کردہ پاپڑ، نمکو، سلنٹی، بسکٹ، کولڈ ڈرنکس اور دیگر کھانے پینے کی اشیاء کی فروخت کا سلسلہ جاری

چونیاں (تحصیل رپورٹر) سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں طلباء وطالبات کو ناقص اور غیر معیاری میٹریل سے تیار کردہ پاپڑ، نمکو، سلنٹی، بسکٹ، کولڈ ڈرنکس اور دیگر کھانے پینے کی اشیاء کی فروخت کا سلسلہ جاری ہے۔ جس کے باعث بچوں کی صحت کے حوالے سے والدین میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ والدین اور شہریوں کا کہنا ہے کہ کم عمر بچے روزانہ تعلیمی اداروں میں مختلف اقسام کی اشیائے خورونوش خرید کر استعمال کرتے ہیں، مگر ان اشیاء کے معیار، تیاری، صفائی اور میعاد ختم ہونے کی تاریخ کو چیک کرنے کا مؤثر نظام نظر نہیں آتا۔ ذرائع کے مطابق بعض تعلیمی اداروں کے اندر یا ان کے اطراف قائم دکانوں پر ایسی کھانے پینے کی اشیاء بھی فروخت ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں جن کے معیار پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ والدین کا کہنا ہے کہ رنگ برنگے پیکٹوں اور پرکشش پیکنگ کی وجہ سے بچے ان (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر22)

موضع شمالی وجنوبی کے سائلین کی سہولت کیلئے میونسپل کمیٹی شورکوٹ میں کھلی کچہری

شورکوٹ (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ ظفر احمد کی جانب سے موضع شمالی وجنوبی کے سائلین کی سہولت اور ریونیو سے متعلقہ مسائل کے فوری حل کیلئے میونسپل کمیٹی شورکوٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر مختلف علاقوں سے آنے والے سائلین نے اپنے مسائل اور درخواستیں اسسٹنٹ کمشنر کے سامنے پیش کیں، جن پر انہوں نے متعلقہ ریونیو افسران واہلکاروں کو قانون و میرٹ کے مطابق فوری کارروائی کی ہدایات جاری کیں کھلی کچہری کے موقع پر اسٹینو اسسٹنٹ کمشنر محمد رمضان، شہروز منور ہندلانہ، تحصیلدار شورکوٹ چوہدری محمد عمران اکرم، نائب تحصیلدار انصر یاسین، موضع جنوبی کے پٹواری ممتاز حسین، موضع شمالی کے پٹواری نیئر اور گرداور ملک دستگیر سمیت متعلقہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

ستھرا پنجاب ایجنسی تحصیل اوکاڑہ کے فیلڈ مانیٹرنگ افسران میں نئے یونیفارم تقسیم کر دیے گئے

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور مینیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی مشترکہ ہدایات پر ستھرا پنجاب ایجنسی تحصیل اوکاڑہ کے فیلڈ مانیٹرنگ افسران میں نئے یونیفارم تقسیم کر دیے گئے اس موقع پر ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا اور سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر نے فیلڈ مانیٹرنگ افسران میں نئے یونیفارم تقسیم کیے نئے یونیفارم کی فراہمی کا مقصد فیلڈ میں فرائض انجام دینے والے مانیٹرنگ افسران کی باقاعدہ شناخت کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ان کی پیشہ ورانہ ظاہری شکل کو مزید بہتر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

کسانوں کو نہری پانی کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے، کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل

ساہیوال (تحصیل رپورٹر) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت کسانوں کو نہری پانی کی فراہمی، آبیانہ کی ای بلنگ اور ریونیو ریکوری سے متعلق امور کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد طارق اسماعیل، محکمہ آبپاشی کے ایکسین محمد طلحہ، حافظ ریاض اور صدام حسین اور اسسٹنٹ کمشنر ریونیو رانا نوید نے شرکت کی۔ محکمہ آبپاشی کے افسران نے نہروں، کھالوں اور موگوں پر پانی کی دستیابی سمیت آبیانہ کی وصولی اور ای (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

ڈاکٹر محمد شفیق طاہر ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن ضلع اوکاڑہ کے بلامقابلہ ضلعی صدر منتخب عوامی پریس کلب حجرہ شاہ مقیم کی جانب سے ڈاکٹر محمد شفیق طاہر کو صمیم قلب سے مبارکباد

حجرہ شاہ مقیم (الٰہی بخش ڈولہ) ڈاکٹر محمد شفیق طاہر ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن ضلع اوکاڑہ کے بلامقابلہ ضلعی صدر منتخب عوامی پریس کلب حجرہ شاہ مقیم کی جانب سے ڈاکٹر محمد شفیق طاہر کو صمیم قلب سے مبارکباد تفصیلات کے مطابق حجرہ شاہ مقیم کے مایہ ناز ماہر تعلیم اور پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول کوٹ شوکت سلطان ڈاکٹر محمد شفیق طاہر ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن ضلع اوکاڑہ کے بلامقابلہ ضلعی صدر منتخب ہو گئے ڈاکٹر محمد شفیق طاہر کا بلامقابلہ انتخاب ان کی علمی بصیرت ان کے شاندار کردار اور شعبہ تعلیم کے لیے ان کی گراں قدر خدمات پر ضلع بھر کے ہیڈ ماسٹر صاحبان کے بھرپور اعتماد کا روشن ثبوت ہے ان کی مسلسل تعلیمی خدمات اور ہیڈ ماسٹرز کی فلاح و بہبود کے لیے ان کی مخلصانہ کاوشوں نے انہیں تعلیمی حلقوں میں ایک معتبر مقام عطا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

گھر میں گھس کر ایک شخص نے دوشیزہ کو زبردست تشدد کا نشانہ بنا دیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) گھر میں گھس کر ایک شخص نے دوشیزہ کو زبردست تشدد کا نشانہ بنا دیا۔ بتایا گیا ہے کہ ٹبہ محمد نگر کی مہوش کو سابقہ رنجش پر گھر میں گھس کر محبوب احمد نے گذشتہ روز بدترین تشدد کا نشانہ بنا دیا اور جاتے ہوئے ساڑھے بارہ ہزار روپے چوری کر کے لے گیا۔ صدر پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

مالی امداد کے بہانے تین افراد نے خاتون سے زبردستی زنا بالجبر کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مالی امداد کے بہانے تین افراد نے خاتون سے زبردستی زنا بالجبر کیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بڈیانہ کے علاقہ منڈیکی بیریاں کی رہائشی نازیہ بی بی کو محمد افضل نے مالی امداد کے بہانے اپنی دکان واقع لنگے میں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

نہر سے 8 ماہ کے بچے سمیت دو لاشیں برآمد

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) نہر سے 8 ماہ کے بچے سمیت دو لاشیں برآمد تفصیلات کے مطابق لاہور جڑانوالہ روڈ پر ہیڈ تولے کی کے قریب کیو بی لنک نہر سے 8 ماہ کے بچے سمیت دو لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ریسکیو 1122 کو کیو بی لنک نہر میں لاشیں تیرنے کی اطلاع ملی، جس پر ریسکیو اہلکار فوری موقع پر پہنچ گئے۔ ریسکیو ٹیم نے پیشہ ورانہ مہارت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

معاشی بدحالی اور قرضوں کا مبینہ بوجھ ایک اور زندگی نگل گیا

موڑ کھنڈا (شیخ ریاست علی) معاشی بدحالی اور قرضوں کا مبینہ بوجھ ایک اور زندگی نگل گیا۔ تاجر نے مبینہ طور پر گندم میں رکھنے والی گولیاں کھا کر زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ بتایا جاتا ہے کہ موڑ کھنڈا کا معروف پلاسٹک برتن کا تاجر شیخ محمد آصف یوسف نے گزشتہ روز مالی مشکلات اور قرضوں کے بوجھ سے تنگ آ کر گندم میں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

مختلف علاقوں میں 6 پولیس مقابلے، 1 ریکارڈ یافتہ منشیات فروش ہلاک

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے نوشہرہ ورکاں سمیت گوجرانوالا کے مختلف علاقوں میں 6 پولیس مقابلے، 1 ریکارڈ یافتہ منشیات فروش ہلاک، 6 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار تھانہ لدھیوالہ وڑائچ پولیس مقابلہ: بدنام زمانہ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک، قبضہ سے منشیات برآمد۔ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت ڈی پی ایس کیمبرج کیمپس کا جائزہ اجلاس، جاری ترقیاتی کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج کیمبرج کیمپس ساہیوال کی کارکردگی اور بقیہ ترقیاتی کاموں کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، پرنسپل ڈی پی ایس اکبر علی، وائس پرنسپل کیمبرج کیمپس مومنہ ایزد، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ٹیکنیکل عمران خان اور بلڈنگ افسران نے شرکت کی۔ پرنسپل اکبر علی نے سکول کی تعلیمی و انتظامی کارکردگی اور کیمبرج کیمپس کے بقیہ کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ کیمبرج کیمپس کے کام جلد از جلد مکمل کیے جائیں اور تمام کام کنسلٹنٹ کی جانب سے فراہم کردہ منظور شدہ مکینیکل والیکٹریکل ڈیزائن کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ تعمیراتی کاموں میں منظور شدہ معیار اور مقدار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے جبکہ کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔

صفائی ستھرائی، اساتذہ کی حاضری اور طلبہ کے لیے محفوظ تعلیمی ماحول کو یقینی بنانے کے لیے سکولوں کے معائنے کا سلسلہ جاری

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ننکانہ کی جانب سے سرکاری سکولوں میں تعلیمی وانتظامی امور کی نگرانی، صفائی ستھرائی، اساتذہ کی حاضری اور طلبہ کے لیے محفوظ تعلیمی ماحول کو یقینی بنانے کے لیے سکولوں کے معائنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلہ میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (EE-M) ننکانہ فیاض احمد نے مختلف سرکاری سکولوں کا دورہ کر کے سکولوں کے انتظامی و تعلیمی امور، صفائی ستھرائی اور دیگر ضروری معاملات کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران گورنمنٹ پرائمری سکول واڑہ اندھیاں عمرکوٹ میں ہیڈ ٹیچر محمد ذیشان منیر کے خلاف فرائض میں غفلت، غیر حاضر اور بے ضابطگیوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

ملک میں قانون کی حکمرانی اور آئین کی بالادستی کو یقینی بنانا اہل قلم، وکلاء اور ہر شہری کی بنیادی ضرورت ہے، میاں عدنان صدیق ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) میاں عدنان صدیق ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، میاں عبدالرحمن صدیق ایڈووکیٹ ہائی کورٹ اور وقاص جوندہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ملک میں قانون کی حکمرانی اور آئین کی بالادستی کو یقینی بنانا اہل قلم، وکلاء اور ہر شہری کی بنیادی ضرورت ہے۔ انصاف میں تاخیر انصاف سے انکار کے مترادف ہے، اس لیے ضروری ہے کہ اداروں کو مزید مضبوط اور مؤثر بنایا جائے تا کہ عام آدمی کو فوری اور سستا انصاف فراہم ہو سکے۔ پریس کلب وزیرآباد کے عہدیداران سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وکلاء برادری ہمیشہ آئین وقانون کی بالادستی اور عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پریس کلب اظہار رائے کی آزادی اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کا اہم پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ اپنے قانونی حقوق سے آگاہ رہیں، مسائل کے حل کے لیے قانونی راستہ اختیار کریں اور ملکی قوانین کا احترام کریں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

راوی کیمپس پتوکی وائلڈ لائف ڈیپارٹمنٹ کے چیئرمین بدعنوانی کے الزام میں عہدے سے ہٹا دیے گئے، نئے چیئرمین مقرر

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے راوی کیمپس پتوکی میں شعبہ جنگلی حیات و ماحولیات کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر ارشد جاوید کو بدعنوانی اور بدانتظامی کے الزامات کے تحت عہدے سے ہٹا دیا گیا ہے یونیورسٹی کے رجسٹرار دفتر سے 8 ستمبر 2026 کو جاری ہونے والے نوٹیفکیشن نمبر ریگر/ایڈمن/278 کے مطابق وائس چانسلر نے یونیورسٹی سنڈیکیٹ کے 30 جولائی 2026 کو ہونے والے اجلاس میں دیے گئے اختیارات کے تحت یہ کارروائی عمل میں لائی پروفیسر ڈاکٹر ارشد جاوید کے خلاف پنجاب ملازمین کارکردگی نظم وضبط واحتساب ایکٹ 2006 کے تحت انکوائری شروع کی گئی تھی انکوائری کے دوران سامنے آنے والے الزامات کی بنیاد پر انہیں فوری طور پر شعبہ جنگلی حیات و ماحولیات کے چیئرمین کے عہدے سے معطل کر دیا گیا ہے جبکہ یہ حکم آئندہ احکامات تک (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

عمران خان قوم کی امید اور پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، چوہدری اشتیاق احمد جٹ

رینالہ خورد (شیخ آصف علی تحصیل رپورٹر) پی ٹی آئی کے تحصیل صدر چوہدری اشتیاق احمد جٹ نے کہا ہے کہ عمران خان قوم کی امید اور پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے قوم کی آواز عمران خان کی رہائی اور صاف شفاف انتخابات ہیں اس حق بات پر پارٹی کارکنوں کو شدید انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے حکمرانوں کے انتقامی ہتھکنڈوں سے ہم خائف نہیں اور نہ ہی اپنی جمہوری جدوجہد سے کسی صورت دستبردار ہوں گے ہمارے نمائندے پارلیمان کے اندر اور باہر عوام کے حقوق کیلئے بھرپور آواز بلند کرتے ہیں تا کہ عوامی امنگوں کی حقیقی ترجمانی کی جا سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے معروف سیاسی وسماجی رہنما حاجی راؤ شاہد علی خاں کے ہمراہ میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ مفاد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹر وے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگارام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

انجمن تاجران ضلع اوکاڑہ (رجسٹرڈ) کی جانب سے صدر انجمن تاجران ضلع اوکاڑہ شیخ ریاض انور کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر ان کے اعزاز میں پرتکلف عشائیے کا اہتمام

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ+نامہ نگار) انجمن تاجران ضلع اوکاڑہ (رجسٹرڈ) کی جانب سے صدر انجمن تاجران ضلع اوکاڑہ شیخ ریاض انور کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر ان کے اعزاز میں پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں ایم این اے چوہدری ندیم عباس ربیرا، ایم پی اے میاں محمد منیر، ایم پی اے میاں یاور زمان، انجمن تاجران کے عہدیداران، تاجر رہنماؤں اور دیگر سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی۔ شرکاء نے شیخ ریاض انور کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات اور دعاؤں کا اظہار کیا۔ مقررین نے تاجر برادری کے مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے لیے شیخ ریاض انور کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ تاجر برادری کے اتحاد اور فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر شیخ ریاض انور نے عشائیے میں شرکت کرنے والی تمام (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

پاکستان سنی تحریک کے صوبائی صدر شمالی پنجاب محمد زاہد حبیب قادری اور صوبائی جنرل سیکرٹری صاحبزادہ علامہ محمد امتیاز چٹان ودیگر کا گروپ فوٹو

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی

کاموکے (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہو گئے۔ گذشتہ روز لائن پار کا بائیس سالہ علی موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہو گیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں بارہ سالہ حسن، تیرہ سالہ عمیر، اٹھارہ سالہ زنیب، چھبیس سالہ عماد، چالیس سالہ رجب علی، ستر سالہ محمد رشیداں اور تیس سالہ محمد مبارک شدید زخمی ہو گیا۔ زخمیوں کو طبی امداد کیلئے تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

سابقہ رنجش پر چچا کے گھر کے باہر فائرنگ، دو مرکزی ملزمان گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سابقہ رنجش پر چچا کے گھر کے باہر فائرنگ، دو مرکزی ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سمبڑیال پولیس نے محلہ فضل پورہ میں سابقہ رنجش پر شہری کے گھر کے باہر فائرنگ کرنے والے دو مرکزی ملزمان سعد بٹ اور عمیر بٹ کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضہ سے فائرنگ میں استعمال ہونے والے 2 پسٹل برآمد کر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن ”انصاف شہریوں کی دہلیز تک“ کے تحت ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کا کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) پولیس کی جانب سے ضلع کے مختلف مقامات پر کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا، جہاں شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کرتے ہوئے اپنے مسائل اور شکایات ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کے سامنے پیش کیں ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے شہریوں کے مسائل کو موقع پر سنا اور ان کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے ڈی پی او ساہیوال نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنانا اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر فوری انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ شہریوں کے مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ ساہیوال پولیس عوام کی خدمت، تحفظ اور فوری داد رسی کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ ترجمان پولیس ساہیوال۔

نئے صوبوں کا قیام عوامی رائے کے خلاف ہوا تو قومی وحدت کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے، صاحبزادہ علامہ محمد امتیاز چٹان

علی پور چٹھہ (تحصیل رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے صوبائی صدر شمالی پنجاب محمد زاہد حبیب قادری اور صوبائی جنرل سیکرٹری صاحبزادہ علامہ محمد امتیاز چٹان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام عوامی رائے کے خلاف ہوا تو قومی وحدت کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے، سیاسی حکومتیں ملک میں حقیقی اور مکمل جمہوریت کے قیام میں ناکام ثابت ہوئی ہیں، سیاسی و دینی جماعتوں میں بھی موروثیت اور آمریت کا رجحان موجود ہے، ہر دوسری سیاسی جماعت جمہوریت کا لبادہ اوڑھ کر غیر جمہوری طریقوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر14)

میاں الطاف حسین نیکوکارہ کا دسویں کا ختم شریف کل 13 ستمبر بروز اتوار دن دو بجے ڈیرہ پمپ عبدالغفور شاہ نیکوکارہ ہرسہ شیخ میں ہوگا

جلال پور بھٹیاں (نمائندہ خصوصی) تفصیلات کے مطابق میاں الطاف حسین نیکوکارہ ولد میاں عبدالغفور شاہ نیکوکارہ رضائے الٰہی سے وفات پا گئے مرحوم کی وفات پر اہل خانہ، عزیز و اقارب اور دوست احباب گہرے رنج وغم میں مبتلا ہیں مرحوم کے سوگواران میں بھائی میاں عابد حسین نیکوکارہ، میاں امداد حسین نیکوکارہ اور میاں اعجاز حسین نیکوکارہ شامل ہیں، جبکہ مرحوم کے بیٹوں میں علی رضا نیکوکارہ ایڈووکیٹ، فرحت رضا نیکوکارہ اور اویس رضا نیکوکار۔

توجہ برائے نمائندگان، نیوز ایجنٹ
MEMBER APNS ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر
نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں
0331-4667648
0321-4618852

معروف آرٹسٹ ذوالفقار علی کا ”رقص قلم“ سولو شو منفرد فن پاروں کی نمائش جاری

جاری حبیب آباد (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق معروف آرٹسٹ اور کیلیگرافر ذوالفقار علی کی جانب سے لاہور کی اوشن آرٹ گیلری میں ”رقص قلم“ کے عنوان سے شاندار سولو شو کا انعقاد کیا گیا، جس میں فنکار کے تخلیق کردہ منفرد اور دیدہ زیب فن پارے نمائش کے لیے پیش کیے گئے۔ سولو شو میں کیلیگرافی کے مختلف فن پارے شامل ہیں، جن کے ذریعے ذوالفقار علی نے اپنے منفرد فنی اسلوب اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کیا ہے۔ ”رقص قلم“ سولو شو میں پیش کیے گئے فن پاروں میں رنگوں، اشکال، حروف اور تخلیقی خیالات کا حسین امتزاج نمایاں دکھائی دیتا ہے۔ ذوالفقار علی نے اپنے مخصوص انداز میں قلم اور فن خطاطی کو جدید فنی اظہار کے ساتھ جوڑتے ہوئے ایسے فن پارے تخلیق کیے ہیں جو دیکھنے والوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کراتے ہیں۔ نمائش میں آنے والے شائقین فن نے ذوالفقار علی کے فن پاروں کو گہری دلچسپی سے دیکھا اور ان کے تخلیقی کام کو سراہا۔ اس موقع پر آرٹسٹوں، کیلیگرافرز (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر15)

عقیدہ ختم نبوت اسلام کے بنیادی اور قطعی عقائد میں سے ہے، مولانا طیب خان ثاقب

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) جمعیت علماء اسلام کے رہنما و مہتمم دار العلوم مدنیہ ڈسکہ کلاں مولانا طیب خان ثاقب نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت اسلام کے بنیادی اور قطعی عقائد میں سے ہے، مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ وہ دل و جان سے اس عقیدے پر ایمان رکھے کہ حضرت محمد مصطفیٰ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں، عقیدہ ختم نبوت ہر مسلمان کے ایمان کی بنیادی اساس ہے، اس لیے اس عقیدے کی حفاظت، اس کی صحیح سمجھ اور آنے والی نسلوں تک اس کی منتقلی ہم سب کی دینی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت ہمیں نبی کریم کے ساتھ کامل محبت، عقیدت اور وفاداری کا درس دیتا ہے مسلمان کے دل میں یہ یقین ہونا چاہیے کہ دنیا میں سب سے بڑی نعمت حضور اکرم کی امت میں پیدا ہونا ہے۔ اور آپ کی غلامی نصیب ہونا ہے ہمیں اپنے ایمان کی قدر کرنی چاہیے اور اپنی زندگی کو حضور کی سنت کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرنی چاہیے۔



سیالکوٹ: اسپائر گروپ آف کالجز غوثیہ کیمپس سیالکوٹ میں باوقار وروح پرور ”محفل میلاد النبیؐ“ کا انعقاد

اسپائر گروپ آف کالجز غوثیہ کیمپس سیالکوٹ میں باوقار وروح پرور ”محفل میلاد النبیؐ“ کا انعقاد

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ”اسپائر گروپ آف کالجز (غوثیہ کیمپس)“ ایمن آباد روڈ سیالکوٹ میں سرور کونین، فخر موجودات، حضرت محمد مصطفیٰ کی آمد مسعود کی خوشی میں ایک نہایت باوقار، شاندار اور روح پرور ”محفل میلاد النبی“ کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کا انعقاد دو مختلف نشستوں (بوائز سیشن اور گرلز سیشن) پر مشتمل تھا، جس میں کالج انتظامیہ، اساتذہ کرام اور طلبہ وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اسپائر گروپ آف کالجز کے ڈائریکٹر رانا عثمان اعظم خاں ایڈووکیٹ کی خصوصی ہدایت کے مطابق تقریب کی صدارت مینیجنگ ڈائریکٹر ایم عابد ایڈووکیٹ نے کی جبکہ وائس پرنسپل اشفاق نیاز، پروفیسر محمد عمیر، پروفیسر عثمان علی پروفیسر علی رضا بھی اسٹیج پر موجود تھے۔ محفل کی نظامت اور اسٹیج سیکرٹری کے فرائض انسٹرکٹر انگلش لینگویج صبا یاسین نے نہایت احسن، شائستہ اور ترنم ریز انداز میں انجام دیے۔ اس موقع پر پروفیسر تمکین زاہرہ اور پروفیسر انعم زاہرہ طالبات کی بھرپور معاونت کی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز اور بوائز سیشن کی معطر فضا محفل کا آغاز خالق کائنات کی بابرکت کتاب قرآن مجید کی آیات بینات کی تلاوت سے ہوا۔ بوائز سیشن میں طالب علم قاسم نے اپنی سحر انگیز آواز میں تلاوت کلام پاک سے حاضرین محفل کے قلوب کو منور کیا۔ تلاوت کلام پاک کے بعد پروفیسر مدثر جبار نے خوبصورت انداز میں حمدیہ کلام پیش کیا۔ بارگاہ رسالت مآب میں عقیدت کے پھول نچھاور کرنے کے لیے محتشم نے نعت رسول مقبول (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

اسسٹنٹ کمشنر عمار انور گل نے رات گئے شہر کے مختلف مارٹس اور دکانوں کا اچانک دورہ کیا

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) اسسٹنٹ کمشنر عمار انور گل نے رات گئے شہر کے مختلف مارٹس اور دکانوں کا اچانک دورہ کیا اور موقع پر انتظامات، اشیائے ضروریہ کی دستیابی اور ان کی قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا اسسٹنٹ کمشنر نے مارٹس میں قائم ڈی سی کاؤنٹرز کا خصوصی معائنہ کیا تا کہ عوام کو مقررہ سرکاری نرخوں پر بنیادی اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے انہوں نے دکانداروں اور مارٹ انتظامیہ کو سخت ہدایت کی کہ حکومت کی جانب سے جاری کردہ سرکاری نرخ نامے کی مکمل پاسداری کی جائے اور گرانفروشی یا ذخیرہ اندوزی سے سخت گریزی کی جائے اسسٹنٹ کمشنر عمار انور گل نے کہا کہ عوام کو مناسب سہولیات اور سروسز کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری قیمتوں پر عمل نہ کرنے اور عوام کو پریشان کرنے والے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

اوکاڑہ مینیجنگ ڈائریکٹر واسا فاروق نجیب کا شہر کا دورہ، کے اور روڈ ریسٹوریشن اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار و معیار کا تفصیلی جائزہ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ مینیجنگ ڈائریکٹر واسا فاروق نجیب کا شہر کا دورہ، کے اور روڈ ریسٹوریشن اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار و معیار کا تفصیلی جائزہ، مینیجنگ ڈائریکٹر واسا فاروق نجیب نے شہر کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور سڑکوں کی بحالی اور دیگر ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور کام کی پیش رفت اور تعمیراتی معیار کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ ایم ڈی واسا فاروق نجیب نے موقع پر موجود متعلقہ افسران اور سائیٹ انجینئرز کو کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام جاری ترقیاتی منصوبے متعین وقت کے اندر مکمل کیے جائیں تا کہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا جلد از جلد خاتمہ ہو سکے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ معائنے کے عمل کو روزانہ کی بنیاد پر یقینی بنایا جائے اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ فاروق نجیب نے کہا کہ ہمارا بنیادی مقصد شہر میں جاری واسا کے تمام

اوکاڑہ کے علاقہ مراد بلاک میں سیوریج سسٹم نہ ہونے کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) اوکاڑہ کے علاقہ مراد بلاک میں سیوریج سسٹم نہ ہونے کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ککلیے۔ گلیوں اور محلوں میں جگہ جگہ گندے پانی کے جوہر بن گئے ہیں ڈینگی مچھر اور دیگر بیماریاں جنم لے رہی ہیں کوڑا کرکٹ کے ڈھیر لگے ہیں جس سے شدید تعفن پھیل رہا ہے۔ علاقہ مکینوں ریحان خان۔ دلشاد وٹو۔ شاہ زیب رائے شاہد۔ مامون۔ ظفر۔ عابد مستری ودیگر کا کہنا ہے کہ گندے پانی اور گندگی کے باعث علاقے میں مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔ بچے، خواتین اور بزرگ سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کئی بار مقامی سیاسی قیادت او اداروں کو شکایات کے باوجود متعلقہ اداروں نے کوئی توجہ نہیں دی۔ شہریوں نے کمشنر اوکاڑہ اور واسا حکام ستھرا پنجاب سے فوری مطالبہ کیا ہے کہ مراد بلاک میں سیوریج سسٹم اور صفائی کے عمل کا کا فوری انتظام کیا جائے تا کہ علاقہ مکینوں کو اس عذاب سے نجات مل

ڈاکو راج برقرار، چار مسلح ڈاکوؤں نے رات کے وقت میر کوٹ نہر، مین روڈ الہ آباد پر ناکا لگا کر متعدد مسافروں کو گن پوائنٹ پر لوٹ لیا

چونیاں (تحصیل رپورٹر) ڈاکو راج برقرار، چار مسلح ڈاکوؤں نے رات کے وقت میر کوٹ نہر، مین روڈ الہ آباد پر ناکا لگا کر متعدد مسافروں کو گن پوائنٹ پر لوٹ لیا۔ ڈاکو، عنصر جاوید، مظہر، ندیم اور دیگر مسافروں سے ہزاروں روپے نقدی چھین کر موقع سے فرار ہو گئے۔ واردات کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ شہریوں نے بڑھتی ہوئی وارداتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پولیس حکام سے مؤثر گشت اور ڈاکوؤں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔ واقعہ کا مقدمہ تھانہ سٹی چونیاں، عنصر جاوید کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

منشیات برآمدگی کیس میں مجرم کو 10 سال قید، 5 لاکھ روپے جرمانہ، عدم ادائیگی پر مزید 6 ماہ قید بھگتنا ہوگی

حجرہ شاہ مقیم (سردار محمد اعظم وجھلانہ سے) منشیات برآمدگی کیس میں مجرم کو 10 سال قید، 5 لاکھ روپے جرمانہ، عدم ادائیگی پر مزید 6 ماہ قید بھگتنا ہوگی ایڈیشنل سیشن جج سیدہ نبیلا جعفری نے منشیات برآمدگی کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے جرم ثابت ہونے پر منشیات فروش نصرت کو 10 سال قید بامشقت اور 5 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی عدالت نے قرار دیا کہ جرمانہ کی عدم ادائیگی کی صورت میں مجرم کو مزید 6 ماہ قید بھگتنا ہوگی استغاثہ کے مطابق گوگیرہ پولیس نے سال 2024ء میں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)



Police Station: Gogera, Okara.
No 226 Dated 10-9-2026

To

The Superintendent,
District Jail,
Okara.

Whereas, accused Nusrat Ali s/o Ahmad Ali, Caste Hamandka Kharal, r/o Thatha Hamandka Tehsil & District Okara was tried by this court (Syeda Nabila Jaffery, Addl. Sessions Judge, Okara) in case FIR No.1000/2024 offence U/S 9-(2)6 of CNSA, 1997 Police Station Gogera, Okara and accused **Nusrat Ali s/o Ahmad Ali has been sentenced to imprisonment for 10 years (ten years) R.I alongwith fine of Rs.5,00,000/- (five lacs) and in default thereof, he would further suffer 06-months S.I.** Benefit of Section 382-B of Cr.P.C has also been extended to the convict.

This is to authorize you and require you the said Superintendent Jail to receive the said convict **Nusrat Ali s/o Ahmad Ali** into your custody in the said jail together with this warrant and to keep him safely to carry out the sentence in accordance with law.

Given under my hand and the seal of the Court, on this 10th day of September, 2026.

Syeda Nabila Jaffery,
Addl. Sessions Judge,
Okara.

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

بغیر ترپال ریت و مٹی لانے والی ٹریکٹر ٹرالیوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کا فیصلہ

شورکوٹ (نامہ نگار) ڈی پی او جھنگ اور ڈی ایس پی ٹریفک پولیس جھنگ کی خصوصی ہدایت پر شورکوٹ میں بغیر ترپال ریت و مٹی لے جانے والی ٹریکٹر ٹرالیوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے انچارج ٹریفک پولیس شورکوٹ عبدالقیوم نے کارروائی کرتے ہوئے بغیر ترپال ٹریکٹر ٹرالیوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی انچارج ٹریفک پولیس شورکوٹ عبدالقیوم نے کہا کہ بغیر ترپال ریت اور مٹی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

ملزم مبین احمد بشارت سی سی ڈی کے ساتھ مقابلے میں ہلاک

جنوری 2025 میں تھانہ کینٹ کی حدود میں شاہ زور پر سوار محنت کش کو دورانِ ڈکیتی فائرنگ کر کے قتل کرنے والا مبینہ ملزم مبین احمد بشارت سی سی ڈی کے ساتھ ہونے والے پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگیا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) تھانہ کینٹ کی حدود میں شاہ زور پر سوار محنت کش کو دورانِ ڈکیتی فائرنگ کر کے قتل کرنے والا مبینہ ملزم مبین احمد بشارت سی سی ڈی کے ساتھ پولیس مقابلے میں ہلاک، جنوری 2025 میں تھانہ کینٹ کی حدود میں شاہ زور پر سوار محنت کش کو دورانِ ڈکیتی فائرنگ کر کے قتل کرنے والا مبینہ ملزم مبین احمد بشارت سی سی ڈی کے ساتھ ہونے والے پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزم سنگین نوعیت کی وارداتوں میں ملوث تھا۔ اس کے خلاف فائرنگ، اقدام قتل، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر شوکت علی وٹو اور ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر عامر رضا کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال بہاولنگر کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو بہترین اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ سید محمد عباس شاہ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو بہترین اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ سید محمد عباس شاہ۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر شوکت علی وٹو اور ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر عامر رضا کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال بہاولنگر کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

اوکاڑہ: ایم ڈی واسا فاروق نجیب سہر میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے

نئے صوبوں کا قیام اہم انتظامی ضرورت ہے، شہباز جاوید

پاکستان وسیع رقبے اور بڑی آبادی پر مشتمل ملک ہے، موجودہ انتظامی ڈھانچے کے باعث دور دراز علاقوں کے شہریوں کو صحت، تعلیم، انصاف اور دیگر بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے اکثر طویل سفر کرنا پڑتا ہے، صدر نیشنل پریس کلب رینالہ خورد

شیر گڑھ (نمائندہ خصوصی) صدر نیشنل پریس کلب رینالہ خورد شہباز جاوید نے مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان وسیع رقبے اور بڑی آبادی پر مشتمل ملک ہے، موجودہ انتظامی ڈھانچے کے باعث دور دراز علاقوں کے شہریوں کو صحت، تعلیم، انصاف اور دیگر بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے اکثر طویل سفر کرنا پڑتا ہے، اس صورتحال میں نئے صوبوں کا قیام ایک اہم انتظامی ضرورت کے طور پر زیر غور آنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نسبتاً چھوٹے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 29)

میاں محمد اسلم چنڈور اور مرزا فاروق احمد سلفی کے زیرِ اہتمام یومِ دفاع کی پروقار تقریب، بڑے عوامی اجتماع میں تبدیل

دیپالپور (نامہ نگار امام دین + تحصیل رپورٹر سے) یومِ دفاعِ پاکستان 6 ستمبر کے موقع پر سیاسی و سماجی رہنماؤں میاں محمد اسلم چنڈور اور مرزا فاروق احمد سلفی کے زیرِ اہتمام ایک نہایت پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں چیئرپرسن سوشل پروٹیکشن اتھارٹی پنجاب محترمہ جہاں آراء وٹو نے بطور مہمانِ خصوصی خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات سمیت وکلاء برادری، صحافی برادری، سیاسی و سماجی کارکنان، معززینِ علاقہ اور سینکڑوں شہریوں نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب اپنی بھرپور شرکت اور جوش و جذبے کے باعث دیکھتے ہی دیکھتے ایک بڑے عوامی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 32)

تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال نوشہرہ ورکاں نائٹ ڈیوٹی پر سوالات، اسپتال سے باہر میڈیکل سٹور سے ٹیکہ منگوانے کا بھی الزام

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپوٹر تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال نوشہرہ ورکاں نائٹ ڈیوٹی پر سوالات، اسپتال سے باہر میڈیکل سٹور سے ٹیکہ منگوانے کا بھی الزام تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال نوشہرہ ورکاں کی نائٹ ڈیوٹی پر مبینہ غفلت اور حکومتی پالیسی کی خلاف ورزی کا معاملہ سامنے آ گیا ہے۔ متوفیہ کے بھائی محمد اکرم نے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالا نوید احمد اور سیکرٹری صحت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 31)

سابق رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 137 دیپالپور و سابق پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں کے آنکھوں کا آپریشن کامیابی سے مکمل

دیپال پور (نامہ نگار امام دین سے) سابق رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 137 دیپالپور و سابق پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں کے آنکھوں کا آپریشن کامیابی سے مکمل ہونے کے بعد وہ مکمل صحتیاب ہوگئے ان کی صحتیابی پر اہلِ علاقہ، دوست احباب، سیاسی رفقاء، کارکنان اور عزیز و اقارب کی جانب سے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مکمل صحت وسلامتی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا جا رہا ہے دوسری جانب حاجی راؤ محمد اجمل خاں کے صاحبزادے راؤ سعد اجمل خاں نے عمرہ کی سعادت حاصل کی، جس پر اہلِ علاقہ اور عزیز و اقارب کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کی جا رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے راؤ سعد اجمل خاں کو اپنے مقدس گھر کی حاضری اور عمرہ کی سعادت نصیب فرمائی، جس پر اہلِ علاقہ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے عمرہ کی قبولیت کے لیے دعائیں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر30)

میاں محمد اسلم چنڈور اور مرزا فاروق احمد سلفی کے زیرِ اہتمام یومِ دفاع کی پروقار تقریب، بڑے عوامی اجتماع میں تبدیل

شیر گڑھ کے نواحی گاؤں چک نمبر 31/1AL میں محکمہ انہار کی مبینہ ملی بھگت سے نہری پانی چوری کا سلسلہ جاری

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر سے) شیر گڑھ کے نواحی گاؤں چک نمبر 31/1AL میں محکمہ انہار کی مبینہ ملی بھگت سے نہری پانی چوری کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث نہروں میں پانی کی شدید قلت پیدا ہونے سے مقامی زمینداروں کی کھڑی فصلیں تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی ہیں اور کسان شدید تشویش و معاشی مشکلات کا شکار ہیں۔ متاثرہ کسانوں اور زمینداروں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، کمشنر ساہیوال اور دیگر اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پانی چوری میں ملوث عناصر اور مبینہ سہولت کاروں کے خلاف شفاف تحقیقات کے بعد سخت قانونی کارروائی کی جائے، جبکہ کسانوں کو ان کے جائز حصے کا نہری پانی فراہم کر کے فصلوں کو مزید نقصان سے بچایا جائے۔

گورنمنٹ ہائی سکول کا شاندار رزلٹ، کلاس نہم سیکشن اے کا 100% رزلٹ آنے پر اہل علاقہ کی مبارکباد

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ ہائی سکول کا شاندار رزلٹ، کلاس نہم سیکشن اے کا 100% رزلٹ آنے پر اہل علاقہ کی مبارکباد، گوجرانوالہ بورڈ کلاس نہم کے رزلٹ میں گورنمنٹ ہائی سکول ڈسکہ کا رزلٹ شاندار رہا جبکہ گورنمنٹ ہائی سکول کی نہم کلاس سیکشن اے کا نتیجہ سو فیصد رہا جن میں 54 طلباء نے شاندار کارکردگی ادا کرتے اے پلس گریڈ جبکہ 21 طلبا نے پانچ سو سے زائد نمبر حاصل کئے جس پر سیاسی، سماجی، مذہبی، کاروباری شخصیات، وکلاء، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر27)

مہنگائی کا طوفان، غریب عوام دو وقت کی روٹی کو ترس گئے اشرافیہ کے شاہی اخراجات کم، پٹرولیم مصنوعات پر ٹیکسوں کا بوجھ گھٹایا جائے: ثقلین علی پنڈی بھٹیاں

(نمائندہ خصوصی) مہنگائی کا طوفان، غریب عوام دو وقت کی روٹی کو ترس گئے اشرافیہ کے شاہی اخراجات کم، پٹرولیم مصنوعات پر ٹیکسوں کا بوجھ گھٹایا جائے: ثقلین علی پنڈی بھٹیاں حالیہ مہنگائی اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے غریب، دیہاڑی دار اور پسماندہ طبقات کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے۔ مہنگائی کے بڑھتے ہوئے طوفان کے باعث عام آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے، جبکہ بنیادی ضروریات زندگی کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کو شدید معاشی دباؤ سے دوچار کر دیا ہے۔

شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، حاجی محمد سعید مغل

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) سماجی رہنما حاجی محمد سعید مغل آف امریکہ نے کہا ہے کہ شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، 6 ستمبر 1965 کی پاک بھارت جنگ میں ہماری مسلح افواج نے پوری بہادری سے دشمن کو عبرت ناک شکست سے دو چار کر کے تاریخ رقم کردی۔ حاجی محمد سعید مغل نے مزید کہا کہ اس ملک کی خاطر جن شہداء نے قربانیاں دیں انہیں تاریخ کے سنہری اوراق میں لکھا جائے گا۔ شہداء کی وجہ سے ہم آزاد فضاؤں میں سانس لے رہے ہیں۔ ان شہداء کی قربانیوں کو تاقیات یاد رکھا جائے گا۔

یوم دفاعِ پاکستان: قومی امن کمیٹی تحصیل پیر محل کے زیرِ اہتمام پروقار تقریب خراج تحسین کے قابل تھی، سید شاہد عباس نقوی

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) تفصیلات کے مطابق علامہ سید شاہد عباس نقوی سنٹرل کوارڈینیٹر پاکستان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی وانسانی حقوق پاکستان تحصیل پیر محل کے زیرِ اہتمام یوم دفاعِ پاکستان کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں چیئرمین تحصیل پیر محل حماد رضا خرم اور سینئر وائس چیئرمین زوار کاشف علی بابر نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر پیر محل اور ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ بھی شریک ہوئے۔ شرکاء جلس پر مرکزی جنرل نے شہداء پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ تقریب میں افواجِ پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہنے، وطن کے دفاع، قومی اداروں سے یکجہتی، بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری، محبت اور قومی اتحاد کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ علامہ سید شاہد عباس نقوی سنٹرل کوارڈینیٹر پاکستان نے کہا کہ پیر محل میں یوم دفاعِ پاکستان پر جو تقریب کا اہتمام کیا گیا وہ قابلِ ستائش تھی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی وانسانی حقوق پاکستان تحصیل پیر محل کے زیرِ اہتمام یومِ دفاعِ پاکستان کی تقریب منعقد

---

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

پہلوانوں کے شہر سے
I ❤ GUJRANWALA
افتخار احمد چوہان

ڈپٹی کمشنر کا علی الصبح شہر کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے علی الصبح شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خاتمے، روڈ بحالی اور دیگر شہری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد نے علی الصبح شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خاتمے، روڈ بحالی اور دیگر شہری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے گلبرگ کالونی، تقوی چوک اور ملحقہ گلیوں و بازاروں میں صفائی کے انتظامات کا معائنہ کیا اور شہریوں سے صفائی خدمات کی فراہمی اور معیار کے حوالے سے براہِ راست آگاہی حاصل کی۔ ناقص صفائی انتظامات پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو صفائی کے معیار میں فوری اور نمایاں بہتری لانے جبکہ غفلت کے مرتکب ذمہ داران کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ستھرا پنجاب کے متعلقہ حکام اور کنٹریکٹر کو صفائی آپریشن مزید مؤثر بنانے، مقررہ معیار کے مطابق صفائی کی فراہمی یقینی بنانے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات ہنگامی بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ کھیالی بائی پاس کا معائنہ ڈپٹی کمشنر نے کھیالی بائی پاس کا بھی دورہ کیا اور مین روڈ سے ملحقہ خالی پلاٹوں میں موجود کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں کا سخت نوٹس لیا۔ انہوں نے سی ای او جی ڈبلیو ایم سی کو خالی پلاٹوں کی فوری صفائی، کوڑا کرکٹ مکمل طور پر اٹھانے اور صفائی کے مستقل انتظامات یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔ دورے کے دوران کھیالی بائی پاس پر تجاوزات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو مین روڈ اور ملحقہ علاقوں سے تجاوزات کے خاتمے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور مؤثر ریگولیشن کے لیے بلاامتیاز کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ سٹی فلائی اوور پر مکینیکل سویپنگ کا معائنہ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے سٹی فلائی اوور کا دورہ کرتے ہوئے سڑکوں سے دھول مٹی کے خاتمے اور فضائی آلودگی کے تدارک کے لیے ستھرا پنجاب کے تحت جاری مکینیکل سویپنگ سرگرمیوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ مکینیکل سویپنگ کا عمل مؤثر انداز میں اور بلاتعطل جاری رکھا جائے تاکہ سڑکوں کی صفائی، گردوغبار کے خاتمے اور شہریوں کو بہتر ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ لیاقت پارک میں روڈ بحالی کے کام کا جائزہ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے لیاقت پارک کا دورہ کیا اور جاری ترقیاتی و بحالی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے واسا حکام کو ہدایت کی کہ واٹر سٹوریج ٹینک کی تعمیر اور اسے مرکزی ڈرینیج سسٹم سے منسلک کرنے کا عمل مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ متاثرہ سڑک کو اصل حالت میں بحال کرنے کا کام بھی ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے، تاکہ شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کا فوری ازالہ ممکن بنایا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول، بہتر شہری سہولیات اور بلاتعطل آمدورفت کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ شہری خدمات کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور غفلت یا کوتاہی کے مرتکب افسران و اہلکاروں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

گوجرانوالہ میں جمعیت اہلحدیث کا اہم تنظیمی اجلاس

تنظیم کو ملک بھر میں فعال بنانے اور مرکزی شوریٰ کی تشکیل کا فیصلہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) جمعیت اہلحدیث سٹی گوجرانوالہ کے زیر اہتمام ریڈ روز میرج ہال میں ایک اہم تنظیمی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت سٹی صدر گوجرانوالہ مولانا محمد عارف اثری نے کی۔ اجلاس میں جمعیت اہلحدیث کے چیئرمین مولانا طارق محمود یزدانی، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری رانا حبیب الرحمٰن ضیا، صدر پنجاب مولانا نعیم الرحمٰن شیخوپوری، ناظم اعلیٰ پنجاب مولانا عبداللطیف، ناظم تبلیغ جمعیت اہلحدیث پاکستان مولانا حافظ عدیل احمد گھرجاکھی، صدر ضلع شمشاد احمد ناہرا، صدر ڈویژن گوجرانوالہ مولانا نصر اللہ خان مظفر، صدر یوتھ فورس سٹی مولانا حمزہ اکبر، ناظم جمعیت اہلحدیث ناصر محمود سلفی، ناظم مالیات عتیق الرحمٰن خلیق، ناظم تبلیغ عبدالوحید ساجد، اور نائب صدر اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان عطاء الرحمٰن ثاقب سمیت اور دیگر عہدیداران و ممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تنظیمی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین جمعیت اہلحدیث مولانا طارق محمود یزدانی نے کہا کہ جمعیت اہلحدیث کو پورے پاکستان میں مزید منظم اور فعال بنایا جائے گا۔ مرکزی شوریٰ کی تشکیل: اس مقصد کے لیے مرکزی شوریٰ کا انتخاب کیا جائے گا، جس میں ضلع اور سٹی سے پانچ پانچ اراکین شامل کیے جائیں گے۔ اس عمل کو حتمی شکل دینے کے لیے باقاعدہ کمیٹیاں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں۔ ایڈیشنل جنرل سیکرٹری رانا حبیب الرحمٰن ضیا نے کامیاب تنظیمی اجلاس کے انعقاد پر سٹی صدر گوجرانوالہ مولانا محمد عارف اثری اور ان کی پوری باڈی کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے جمعیت اہلحدیث ضلع و ڈویژن گوجرانوالہ اور اہلحدیث یوتھ فورس سٹی و ضلع گوجرانوالہ کے ذمہ داران، تحریک طلبہ اہلحدیث گوجرانوالہ کی بھرپور شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

قومی استحکام کیلئے قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے' رانا مدثر نذر خاں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) نائب صدر لائیرز فورم مسلم لیگ (ن) گوجرانوالہ رانا مدثر نذر خاں ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پاکستانی عوام نے ملکی و سلامتی کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں اور آئندہ بھی ملکی استحکام کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی کوششیں کرنیوالے ناکام ہونگے۔ پاکستانی قوم کا مثالی اتحاد ہماری سب سے بڑی طاقت ہے جس کو مزید توانا کرنے کیلئے حکومت عوامی امنگوں کی ترجمانی یقینی بنا رہی ہے عسکری قیادت پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کیلئے سرگرم عمل ہے

☆☆☆☆☆

سی ای او جی ڈبلیو ایم سی عبدالرزاق ڈوگر کا یونین کونسلز 31 اور 65 کا تفصیلی دورہ، صفائی انتظامات کا جائزہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سی ای او گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی / ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی عبدالرزاق ڈوگر نے تحصیل صدر کی یونین کونسل 31 کشمیر کالونی اور یونین کونسل 65 کوٹلی نواب کا تفصیلی دورہ کیا اور مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ اور گھر گھر سے کوڑا کرکٹ اٹھانے کے انتظامات کا موقع پر جائزہ لیا۔ سی ای او عبدالرزاق ڈوگر نے راجے والا، تیمور خان والا گلہ، مین روڈ واہنڈو، محلہ صابری چوک، کوٹلی نواب مین روڈ، محلہ گلہ چراغ آباد، ڈھینگ والی سمیت مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے گلیوں اور محلوں میں صفائی کی صورتحال، سڑکوں اور گزرگاہوں کی صفائی، سالڈ ویسٹ کی ڈور ٹو ڈور کلیکشن، ویسٹ پوائنٹس اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی صفائی کی دیگر سہولیات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے صفائی عملے کی فیلڈ میں موجودگی، مقررہ علاقوں میں صفائی کے معمولات اور گھر گھر سے کوڑا کرکٹ اٹھانے کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ سی ای او نے مختلف مقامات پر صفائی کی صورتحال کا باریک بینی سے مشاہدہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران اور فیلڈ اسٹاف کو صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ سی ای او/ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی عبدالرزاق ڈوگر نے دورے کے دوران شہریوں اور مقامی تاجروں سے بھی ملاقات کی اور ان سے صفائی ستھرائی کے انتظامات، گھر گھر سے کوڑا کرکٹ اٹھانے اور صفائی عملے کی کارکردگی کے حوالے سے براہِ راست فیڈ بیک حاصل کیا۔ انہوں نے شہریوں کی جانب سے نشاندہی کیے گئے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور صفائی کے نظام میں مزید بہتری لانے کی ہدایت کی۔ سی ای او جی ڈبلیو ایم سی نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہری علاقوں میں صفائی کے بہترین انتظامات اور مؤثر ویسٹ مینجمنٹ کو یقینی بنانا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صفائی کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے فیلڈ آپریشنز کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے جبکہ ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن کے نظام کو مزید فعال اور مربوط بنایا جا رہا ہے۔

چوہدری ثاقب مہر کا بلا مقابلہ صدر سبزی منڈی گوجرانوالہ منتخب ہونا نیک شگون ہے: تاجر رہنما

چوہدری ثاقب مہر کا بلا مقابلہ انتخاب تمام تاجروں اور آڑھتیوں کے مکمل اعتماد کا مظہر ہے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سبزی منڈی گوجرانوالہ کے الیکشن میں چوہدری ثاقب مہر کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہونے پر تاجر برادری میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ اس موقع پر ممتاز تاجر رہنماؤں شیخ بابر کھرانہ، جمود الرحمٰن، چوہدری غلام صابر، چوہدری محمد حفیظ، اور ثنا الحق میر سمیت دیگر نے چوہدری ثاقب میر، چوہدری جواد الحسن، چوہدری خالد مہر اور چوہدری غلام صابر مہر کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔ مبارکباد دیتے ہوئے تاجر رہنماؤں کا کہنا تھا کہ چوہدری ثاقب مہر کا بلا مقابلہ انتخاب تمام تاجروں اور آڑھتیوں کے مکمل اعتماد کا مظہر ہے۔ ان کا صدر بننا سبزی منڈی کے لیے ایک نیک شگون ثابت ہوگا اور ان کی متحرک قیادت میں منڈی کے دیرینہ مسائل، بشمول بنیادی سہولیات اور کاروباری تحفظ، ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے۔ نو منتخب صدر چوہدری ثاقب مہر نے تمام تاجر برادری اور آڑھتیوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنے عزم کا اظہار کیا: "بلا مقابلہ انتخاب میرے لیے انتہائی اعزاز کی بات ہے اور میں تاجر برادری کے اس اعتماد پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کروں گا۔ سبزی منڈی کے تمام مسائل کا حل، آڑھتیوں اور خریداروں کو بہترین ماحول کی فراہمی، اور منڈی کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری میری اولین ترجیح ہوگی۔ ہم سب مل کر منڈی کی ترقی اور تاجروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے دن رات کام کریں گے۔"

☆☆☆☆

ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنانا اہم ذمہ داری ہے، کمشنر

کمشنر محمد علی کی زیرِ صدارت 16ویں ڈویژنل ماحولیاتی منظوری کمیٹی، گجرات کا اجلاس، ماحولیاتی منظوری سے متعلق مختلف کیسز کا تفصیلی جائزہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی کی زیرِ صدارت 16ویں ڈویژنل ماحولیاتی منظوری کمیٹی، گجرات کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ماحولیاتی منظوری سے متعلق مختلف کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات گجرات اسامہ ماجد نے اجلاس کے شرکا کو پیش کیے گئے کیسز اور ان سے متعلقہ امور پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں پولٹری فارمز کے 24، اینٹوں کے بھٹے کا 1 اور کمرشل عمارت کے 3 کیسز پیش کیے گئے۔ کمیٹی نے ماحولیاتی قوانین، قواعد و ضوابط اور مقررہ تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے منظوری کے اہل کیسز کی منظوری دی، جبکہ ایک پولٹری فارم کے کیس کو مزید جائزے کے لیے مؤخر کر دیا گیا۔ اس موقع پر کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنانا انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے، اس لیے تمام ترقیاتی اور تجارتی سرگرمیوں میں ماحولیاتی قوانین اور مقررہ قواعد و ضوابط کی مکمل پابندی ضروری ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ماحولیاتی منظوری کے معاملات میں شفافیت، میرٹ اور قانونی تقاضوں کو ہر صورت ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔ کمشنر محمد علی نے اس امر پر بھی زور دیا کہ صنعتی، تجارتی اور دیگر ترقیاتی سرگرمیوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی تحفظ کو اولین ترجیح دی جائے تاکہ پائیدار ترقی کے اہداف حاصل کیے جا سکیں اور شہریوں کو صاف، صحت مند اور محفوظ ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

☆☆☆☆

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔.........(جامع ترمذی)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یاسین اعوان

27 ستمبر احتجاج، وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات کیلئے رابطے

اپوزیشن جماعتوں نے 27 ستمبر کے احتجاج کی بھرپور تیاری کا فیصلہ کرلیا، جبکہ ملکی حالات کے پیش نظر تمام سیاسی جماعتوں سے رابطوں اور جلد آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ محمود خان اچکزئی کی زیر صدارت اپوزیشن رہنماؤں کا اہم اجلاس سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس کے چیمبر میں ہوا، جس میں بیرسٹر گوہر خان، بیرسٹر سلمان اکرم راجا، اسد قیصر اور دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں 27 ستمبر کے احتجاج کے حوالے سے اپوزیشن رہنماؤں نے تفصیلی مشاورت کی۔ محمود خان اچکزئی اور علامہ راجا ناصر عباس نے تحریک انصاف کو احتجاج کے لیے بھرپور تیاری کی ہدایت کی۔ اپوزیشن نے ملکی حالات کے پیش نظر تمام سیاسی جماعتوں سے رابطے کرنے اور جلد آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا فیصلہ کیا۔ آل پارٹیز کانفرنس میں ملکی مسائل کے حل کے لیے اجتماعی لائحہ عمل پر غور ہوگا۔ دریں اثنا تحریک تحفظ آئین کا اجلاس 15 ستمبر کو طلب کرلیا گیا ہے، جس میں آل پارٹیز کانفرنس کی تیاریوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ دوسری جانب وزیراعظم کے خط کے بعد اپوزیشن لیڈر اور وزیراعظم کے دفاتر کے درمیان رابطوں کا آغاز ہوگیا ہے، جبکہ اپوزیشن لیڈر اور وزیراعظم کے درمیان ملاقات طے کرنے کے لیے مشاورت بھی شروع کردی گئی ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی، جس میں سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس بھی شریک ہوئے۔ ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال اور تحریک انصاف کے مارچ سے متعلق گفتگو کی گئی۔ پاکستان تحریک انصاف کا وفد نے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور انہیں آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی۔ وفد کا مولانا فضل الرحمان اور دیگر نے استقبال کیا۔ جس کے بعد ملاقات ہوئی جس میں اپوزیشن کی احتجاجی تحریک پر بات کی گئی۔ ملاقات کے بعد مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ کے باہر گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن سے جوائنٹ اپوزیشن پر بات ہوئی تھی سینیٹ وقومی اسمبلی میں جوائنٹ اپوزیشن پر اتفاق ہوا تھا، جوائنٹ اپوزیشن کے حوالے سے آج پہلی میٹنگ ہوئی، ہم نے فیصلہ کیا کہ قومی معاملات پر تمام جماعتوں کو اعتماد میں لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کے معاملے پر آل پارٹیز کانفرنس بلائی جارہی ہے، جوائنٹ اپوزیشن پلیٹ فارم سے اسمبلی اجلاس سمیت قیدیوں کے معاملے پر متفقہ مشاورت ہوگی، آج پہلی ملاقات خوش آئند رہی اور مستقبل میں بھی جاری رہے گی۔ جے یو آئی رہنما مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ ہم اپوزیشن کی آمد کا خیر مقدم کرتے ہیں، مشاورتی اجلاس میں آل پارٹیز کانفرنس پر بات چیت ہوئی، ملک میں صوبوں کی قیام سمیت مختلف معاملات پر بات چیت ہوئی، بلوچستان میں بدامنی سمیت دہشت گردی ومسائل پر بات ہوگی، ملک جن مسائل میں گھرا ہے اس میں کوشش ہوگی کچھ کردار ادا کریں۔

پاکستان میں سیاسی ہیجان، معاشی چیلنجز اور خارجہ پالیسی کا کڑا امتحان

میری بات
روہیل اکبر
rohailakbar@gmail.com

پاکستان اس وقت ایک ایسے نازک موڑ پر کھڑا ہے جہاں داخلی سیاست کا ابال، معاشی اصلاحات کا دباؤ اور مشرقِ وسطیٰ میں تیزی سے بدلتی ہوئی جیوپولیٹیکل صورتحال ملکی سلامتی اور استحکام کے لیے نئے چیلنجز پیدا کررہی ہے موجودہ سیاسی صورتحال ملکی منظرنامے کی ایک ایسی تصویر پیش کرتی ہیں جس میں ایک طرف سخت معاشی فیصلے عوام کے صبر کا امتحان لے رہے ہیں تو دوسری طرف سیاسی جماعتوں کے احتجاج اور دھرنوں کی کالز نے دارالحکومت کے درجہ حرارت کو بڑھا دیا ہے۔ اس تمام تر صورتحال میں پاکستان کے سامنے سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ کیا وہ اپنی معاشی بقا کو برقرار رکھتے ہوئے داخلی اور خارجی بحرانوں سے نمٹنے میں کامیاب ہو سکے گا؟ حالیہ دنوں میں ملکی سیاست کا رخ ایک بار پھر احتجاج اور دھرنوں کی طرف مائل نظر آتا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف (PTI) کی جانب سے وفاقی دارالحکومت میں بڑے پیمانے پر احتجاج کی تیاریاں کی جارہی ہیں۔ حکومت اور سیکیورٹی اداروں کی جانب سے ان مظاہروں کے حوالے سے سخت تشویش کا اظہار کیا گیا ہے اور اسے امن وامان کے لیے ایک بڑا چیلنج قرار دیا جارہا ہے۔ مشیرِ وزیراعظم رانا ثناء اللہ سمیت حکومتی حلقوں کی جانب سے دعوے کیے جا رہے ہیں کہ ان مظاہروں میں سیاسی کارکنوں کے علاوہ بعض شرپسند عناصر بھی شامل ہو سکتے ہیں جبکہ دوسری طرف اپوزیشن جماعتوں کا مؤقف ہے کہ پرامن احتجاج ان کا آئینی حق ہے اور حکومت طاقت کے بل بوتے پر عوامی آواز کو دبانے کی کوشش کر رہی ہے۔ سیاسی ہیجان کی اس فضا میں جماعتِ اسلامی بھی پیٹرولیم لیوی اور آزاد پاور پروڈیوسرز (IPPs) کے معاہدوں کے خلاف میدان میں اتر آئی ہے اور ملک گیر لانگ مارچ اور دھرنوں کی دھمکیوں نے حکومت پر عوامی دباؤ میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ سیاسی استحکام کے بغیر معاشی بحالی کا خواب دیکھنا ناممکن ہے جبکہ موجودہ حالات ظاہر کرتے ہیں کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کے تمام راستے مسدود ہوچکے ہیں جو کہ جمہوریت اور ملکی بقا کے لیے ایک فکر انگیز اشارہ ہے معاشی محاذ پر پاکستان کے لیے رواں ماہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF) کا ایک اعلیٰ سطحی وفد پاکستان کا دورہ کرنے والا ہے تاکہ 7 ارب ڈالر کے بیل آؤٹ پروگرام (EFF) کا جائزہ لیا جا سکے اگرچہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر میں حالیہ اضافے کی بدولت کچھ ریلیف ملا ہے اور ذخائر بڑھ کر 18.33$ ارب تک پہنچ چکے ہیں لیکن آئی ایم ایف کی شرائط پر عمل درآمد اب بھی حکومت کے لیے ایک ڈراؤنا خواب بنا ہوا ہے۔ عوام کے لیے سب سے بڑی تشویش پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہے۔ حال ہی میں پیٹرول کی قیمت میں مزید ساڑھے تین روپے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں پانچ روپے سے زائد کا اضافہ کیا گیا ہے، جس نے عام آدمی کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ حکومت کو ایک طرف آئی ایم ایف کے ٹیکس اہداف کو پورا کرنا ہے تو دوسری طرف مہنگائی کی چکی میں پسی ہوئی عوام کا غصہ بھی جھیلنا ہے اس کے علاوہ حکومت نے نئی "آٹو پالیسی 2026" کی منظوری دی ہے جس کا مقصد الیکٹرک گاڑیوں کو فروغ دینا اور معاشی اصلاحات کو آگے بڑھانا ہے لیکن ان طویل مدتی پالیسیوں کے ثمرات عام آدمی تک پہنچنے میں ابھی وقت لگے گا۔ معاشی گورننس میں شفافیت کا نقصان اور ریاستی اداروں میں اصلاحات کی سست روی آئی ایم ایف کے جائزے میں پاکستان کے لیے مشکلات کھڑی کرسکتی ہے۔ پاکستان کے داخلی سیکیورٹی چیلنجز میں سب سے سنگین صورتحال صوبہ بلوچستان کی ہے۔ سال 2026 کے دوران بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوا ہے اور یہ صوبہ سیکیورٹی کے لحاظ سے ملک کا سب سے متاثرہ علاقہ بن چکا ہے کالعدم تنظیموں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیاں اور سیکیورٹی فورسز پر حملے نہ صرف ملکی امن کو برباد کررہے ہیں بلکہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) جیسے اہم معاشی منصوبوں کے لیے بھی خطرہ بنے ہوئے ہیں بلوچستان کے مسائل کا حل صرف فوجی کارروائیوں میں نہیں بلکہ وہاں کے عوام کو سیاسی اور معاشی طور پر بااختیار بنانے اوران کے جائز مطالبات کوتسلیم کرنے میں پنہاں ہے جب تک صوبے میں گورننس اور سیکیورٹی کی صورتحال کو بہتر نہیں کیا جاتا ملکی استحکام کا خواب ادھورا رہے گا۔ عالمی اور علاقائی سطح پر بھی پاکستان کی خارجہ پالیسی اس وقت انتہائی کٹھن دور سے گزر رہی ہے مشرقِ وسطیٰ میں یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے سعودی عرب کی تنصیبات پر حملوں کے بعد خطے میں کشیدگی انتہا کو پہنچ چکی ہے پاکستان نے سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی غیر مشروط حمایت کا اعادہ کیا ہے اوران حملوں کی شدید مذمت کی ہے تاہم پاکستان نے مکہ دفاعی معاہدے میں مزید ممالک کی شمولیت کی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وہ خطے میں کسی نئی جنگ کا حصہ نہیں بننا چاہتا اس کے ساتھ ہی امریکہ اور ایران کے درمیان ممکنہ جنگی خطرات اور سفارتی تناؤ نے پاکستان کے لیے سیکیورٹی اور معاشی خدشات بڑھا دیے ہیں وزیراعظم شہباز شریف اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی (UNGA) کے اجلاس میں شرکت کے لیے نیویارک جارہے ہیں جہاں وہ امریکہ اور ایران کے درمیان جنگی صورتحال کو روکنے اور سفارتی حل تلاش کرنے کے لیے پاکستان کا مؤقف پیش کریں گے پاکستان کے لیے اپنے برادر اسلامی ممالک (سعودی عرب اور ایران) اور عالمی طاقتوں (امریکہ اور چین) کے درمیان توازن برقرار رکھنا ایک بہت بڑا چیلنج بن چکا ہے آج کے پاکستان کو درپیش بحران کثیر الجہتی ہیں معاشی ناہمواری، سیاسی عدم برداشت، داخلی بدامنی اور بیرونی جیوپولیٹیکل دباؤ نے مل کر ملک کو ایک پیچیدہ صورتحال سے دوچار کر دیا ہے ان تمام مسائل کا واحد حل قومی یکجہتی اور سیاسی استحکام میں ہے حکومت کو چاہیے کہ وہ اپوزیشن کے ساتھ محاذ آرائی کی پالیسی ترک کر کے مذاکرات کا راستہ اختیار کرے جبکہ معاشی محاذ پر صرف آئی ایم ایف کی شرائط کے سہارے رہنے کے بجائے ایسے ٹھوس اور دور رس اقدامات کیے جائیں جن سے عام آدمی کو براہِ راست ریلیف مل سکے پاکستان کے پاس اب مزید غلطیوں کی گنجائش نہیں ہے موجودہ قیادت کو انتہائی دانشمندی اور تدبر کے ساتھ ملکی کشتی کو اس طوفان سے نکالنا ہوگا۔

نئے صوبے، بڑے پنجاب کا بوجھ اور پتوکی کو ضلع بنانے کی ناگزیر ضرورت

کالم نگار
محمد نوید بھٹی پتوکی
pattokinews049@gmail.com

ایک پرانا مطالبہ، ایک نیا عزم

پاکستان بننے سے لے کر آج تک "نئے صوبے" کا موضوع ہماری سیاست کا مستقل حصہ رہا ہے۔ کبھی سرائیکی صوبہ، کبھی ہزارہ، کبھی بہاولپور، کبھی جنوبی پنجاب۔ ہر دور میں عوام نے یہ آواز اٹھائی کہ بڑے صوبے انتظامی طور پر ناکارہ ہو چکے ہیں اور عوام کی دہلیز پر حکمرانی کا خواب پورا نہیں ہو رہا اب جب حکومتِ پاکستان نے ایک بار پھر نئے صوبوں پر سنجیدگی سے غور شروع کیا ہے تو عوام میں نئی امید جاگی ہے۔ کیونکہ حقیقت یہ ہے کہ 24 کروڑ کی آبادی والے ملک میں 4 صوبوں کا نظام 1947 والا ہے، جبکہ ملک کی آبادی 8 گنا بڑھ چکی ہے اس پورے تناظر میں ضلع قصور کی سب سے بڑی تحصیل پتوکی کا معاملہ بھی سامنے آتا ہے۔ پتوکی آج بھی تحصیل ہے، جبکہ اس کی آبادی، رقبہ، معیشت اور مسائل کسی ضلع سے کم نہیں اگر حکومت واقعی عوام تک سہولت پہنچانا چاہتی ہے تو نئے صوبوں کے ساتھ "نئے اضلاع" بنانا بھی اتنا ہی ضروری ہے اور اس فہرست میں سب سے اوپر نام پتوکی کا ہے نمبر 1 پنجاب کا بوجھ: ایک صوبہ، تین صوبوں جتنا پاکستان کا 60 فیصد سے زائد رقبہ اور 55 فیصد سے زائد آبادی پنجاب میں ہے۔ پنجاب کی آبادی تقریباً 13 کروڑ سے تجاوز کرچکی ہے یعنی پنجاب کی آبادی اکیلے ایران، ترکی یا جرمنی جتنے ملکوں سے زیادہ ہے سوچیں ایک چیف سیکرٹری، ایک آئی جی اور ایک کابینہ 13 کروڑ لوگوں کے مسائل کیسے حل کرے گی؟ نتیجہ ہمارے سامنے ہے۔ 1 انصاف میں تاخیر: سیشن کورٹ سے ہائی کورٹ تک برسوں لگ جاتے ہیں۔ 2 ترقیاتی فنڈز کی ناہموار تقسیم: لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی کو سب کچھ ملتا ہے، جبکہ قصور، اوکاڑہ، پاکپتن جیسے اضلاع محروم رہ جاتے ہیں۔ 3 انتظامی بے حسی: ایک عام آدمی کو ڈومیسائل، فرد، رجسٹری یا تھانے کے کام کے لیے دس چکر لگانے پڑتے ہیں دنیا کے بڑے ملکوں نے بہت پہلے صوبوں کی تقسیم کرلی تھی۔ امریکہ میں تقریباً 50 ریاستیں، بھارت میں تقریباً 28 ریاستیں، چین میں تقریباً 34 صوبائی یونٹس ہیں۔ ہم آج بھی 4 صوبوں پر اصرار کررہے ہیں۔ یہ ضد نہیں تو اور کیا ہے 2۔ نئے صوبے کیوں ناگزیر ہیں نئے صوبے بنانے کے 3 بڑے فائدے ہیں جن سے کوئی انکار نہیں کرسکتا الف: بہتر حکمرانی

چھوٹا انتظامی یونٹ ہوگا تو وزیراعلیٰ، چیف سیکرٹری اور آئی جی کی رسائی آسان ہوگی۔ مسائل فوری حل ہوں گے ب: وسائل کی منصفانہ تقسیم آج جنوبی پنجاب کا بجٹ لاہور میں بیٹھ کر طے ہوتا ہے۔ کل کو اگر جنوبی پنجاب کا اپنا صوبہ ہوگا تو اس کا بجٹ، اس کی ترجیحات، اس کے لوگ خود طے کریں گے ج: مقامی قیادت کا فروغ نئے صوبے بنیں گے تو نئی کابینہ، نئی سیکرٹریٹ، نئی اسمبلی بنے گی۔ اس سے مقامی لوگوں کو قیادت کے مواقع ملیں گے اس لیے عوام کی اکثریت نئے صوبوں کے حق میں ہے۔ یہ کوئی لسانی یا نسلی مطالبہ نہیں، یہ انتظامی اور معاشی ضرورت ہے 3۔ ضلع قصور اور تحصیل پتوکی: اعداد وشمار کی زبان اب آتے ہیں اپنے اصل موضوع پر۔ ضلع قصور پنجاب کا ایک اہم ضلع ہے۔ اس کی 4 تحصیلیں ہیں: قصور، پتوکی، چونیاں اور کوٹ رادھا کشن لیکن اگر آپ اعداد وشمار دیکھیں تو حیران رہ جائیں گے۔ 1 آبادی: پتوکی کی آبادی 10 لاکھ سے تجاوز کرچکی ہے۔ یہ قصور شہر سے بھی زیادہ ہے۔ 2 رقبہ: پتوکی زرعی لحاظ سے پنجاب کی زرخیز ترین تحصیلوں میں سے ایک ہے۔ پھولوں کی کاشت، سبزی، گندم اور چاول یہاں کی پہچان ہے 3. معیشت: پتوکی "پھولوں کا شہر" کہلاتا ہے۔ یہاں سے روزانہ کروڑوں روپے کے پھول پورے پاکستان اور بیرونِ ملک ایکسپورٹ ہوتے ہیں۔ پتوکی کا سبزی منڈی، اناج منڈی اور ٹرانسپورٹ کا نظام ضلع بھر کی معیشت چلاتا ہے۔ 4 جغرافیہ: پتوکی لاہور، ملتان اور کراچی روڈ کے سنگم پر واقع ہے۔ یہ ایک تجارتی مرکز ہے اتنی بڑی تحصیل ہونے کے باوجود پتوکی کے عوام کو آج بھی ہر چھوٹے بڑے کام کے لیے قصور جانا پڑتا ہے 4۔ پتوکی کے عوام کے 5 بڑے مسائل پتوکی کو ضلع نہ بننے کی وجہ سے عوام کن مشکلات کا شکار ہیں*

ڈپٹی کمشنر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، ڈی پی او، ایس پی، ایس ای لیسکو، ریس؟ یو ایمرجنسی آفیسر، سب قصور میں بیٹھتے ہیں۔ پتوکی میں صرف اسسٹنٹ کمشنر، ڈی ایس پی کا دفتر ہے جس کے پاس اختیارات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ زمین کے تنازعے، پولیس کے مسائل، ترقیاتی کام سب کے لیے قصور کے چکر صحت کے مسائل پتوکی کا ٹی ایچ کیو ہسپتال 10 لاکھ آبادی کے لیے ناکافی ہے۔ کوئی بڑا سرجیکل یونٹ، برن یونٹ یا کارڈیالوجی وارڈ نہیں ایمرجنسی کیس قصور یا لاہور ریفر ہو جاتا ہے۔ راستے میں مریض دم توڑ دیتا ہے۔ تعلیم کے مسائل پتوکی میں یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز کا کیمپس تو ہے، لیکن کوئی جنرل پبلک یونیورسٹی، کوئی میڈیکل کالج، کوئی بڑا کالج نہیں۔ بچے اعلیٰ تعلیم کے لیے لاہور جاتے ہیں 5۔ ترقیاتی فنڈز ضلع کا سارا بجٹ قصور شہر پر لگ جاتا ہے۔ پتوکی کی سڑکیں، سیوریج، پارکس، لائبریریاں سب نظرانداز۔ پتوکی ریونیو تو کروڑوں دیتا ہے، لیکن بدلے میں کچھ نہیں ملتا پتوکی کو ضلع بنانے کے فوائد اگر پتوکی کو ضلع کا درجہ دے دیا جائے تو ایک رات میں یہ 5 بڑے فائدے ہوں گے۔ 1. ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او کی تعیناتی: مقامی سطح پر فیصلے ہوں گے۔ کرپشن کم ہوگی۔ 2. سیشن کورٹ اور جوڈیشل کمپلیکس: انصاف دہلیز پر ملے گا۔ 3. ڈسٹرکٹ ہسپتال: 500 بیڈ کا ہسپتال بنے گا سپیشلسٹ ڈاکٹر آئیں گے ترقیاتی بجٹ پتوکی کا اپنا ADP ہوگا۔ سڑکیں، پارکس، واٹر سپلائی کے منصوبے خود منظور ہوں گے روزگار کے نئے دفاتر بنیں گے تو ہزاروں لوگوں کو سرکاری نوکریاں ملیں گی یعنی ایک فیصلے سے 10 لاکھ لوگوں کی زندگی بدل سکتی ہیا اعتراضات اور ان کا جواب کچھ لوگ کہتے ہیں "پتوکی کو ضلع بنانے سے خزانے پر بوجھ پڑے گا"۔ یہ سراسر غلط ہے پتوکی ضلع بننے سے حکومت کا خرچہ نہیں بڑھتا، بلکہ ریونیو بڑھتا ہے۔ کیونکہ جب دفاتر مقامی سطح پر آئیں گے تو کرپشن کم ہوگی، ٹیکس کلیکشن بہتر ہوگی دوسرا اعتراض "انتظامی پیچیدگی" کا ہے۔ 1990 کے بعد پاکستان میں درجنوں نئے اضلاع بن چکے ہیں۔ نارووال، حافظ آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ سب نئے اضلاع ہیں۔ کیا وہاں نظام نہیں چل رہا؟ بالکل چل رہا ہے 7۔ عالمی مثالیں بھارت میں 2000 کے بعد 3 نئی ریاستیں بنیں: جھارکھنڈ، چھتیس گڑھ، اتراکھنڈ۔ ان تینوں کی معیشت اور تعلیم میں 200% اضافہ ہوا ترکی نے اپنے صوبوں کو چھوٹے اضلاع میں تقسیم کیا نتیجہ یہ نکلا کہ ترکی آج یورپ کی بڑی معیشت ہے ہم کیوں پیچھے رہیں 8۔ سیاسی قیادت سے اپیل اب وقت آگیا ہے کہ وفاقی حکومت، پنجاب حکومت، ایم این ایز اور ایم پی ایز پتوکی کے اس جائز مطالبے کو سنجیدہ لیں ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ۔ 1 فوری طور پر پتوکی کو ضلع کا درجہ دیا جائے 2 پتوکی میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ، ڈی پی او آفس اور ڈی سی آفس قائم کیا جائے 3 پتوکی ٹی ایچ کیو کو ڈسٹرکٹ ہسپتال کا درجہ دیا جائے 4 پتوکی میں پبلک یونیورسٹی کا کیمپس بنایا جائیہ کوئی سیاسی مطالبہ نہیں۔ یہ 10 لاکھ انسانوں کی بنیادی ضرورت ہے *نتیجہ: فیصلہ اب حکومت کے ہاتھ میں نئے صوبے بنانا حکومت کا وژن ہے۔ اور پتوکی کو ضلع بنانا اس وژن کی پہلی سیڑھی ہے اگر ہم واقعی "عوامی حکومت" اور "آسان پاکستان" کا نعرہ لگاتے ہیں تو ہمیں انتظامی اکائیوں کو عوام کے قریب لانا ہوگا پتوکی نے ہمیشہ ملک وقوم کی خدمت کی ہے۔ پھولوں سے پورے ملک کو مہکایا ہے۔ اب وقت ہے کہ ریاست بھی پتوکی کو اس کا حق دے ہمیں یقین ہے کہ فیلڈ مارشل پاکستان سید عاصم منیر، وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ضلع قصور کی سیاسی قیادت اس آواز کو سنیں گے۔ کیونکہ تاریخ گواہ ہے کہ جو قوم عوام کی آواز پر کان دھرتے ہیں، وہی ترقی کرتی ہیں "پتوکی کو ضلع بناؤ، عوام کو سہولت دو" یہ صرف ایک نعرہ نہیں، یہ 10 لاکھ دلوں کی دعا ہے۔

کچے کے اندھیروں میں جلتا ہوا چراغ، خوف کے ملبے سے امن کی صبح تک

آنکھ سے نظر تک
عباس ملک
0300-5558352

جنوبی پنجاب کی دھرتی پر ایک زمانہ ایسا بھی گزرا ہے جب شام کا اترنا محض دن کے اختتام کا نام نہ تھا،
بلکہ ان بستیوں کے لیے ایک انجانی وحشت کے دروازے کھلنے کا استعارہ تھا۔ سورج جب دریائے سندھ کے افق پر اپنی آخری سنہری لکیر کھینچتا
اور بیابانوں کی ریت پر شام کا دھندلا سایہ پھیلتا
تو کچے کے خطے میں زندگی جیسے اپنے ہی وجود کو سمیٹ کر کسی نامعلوم خوف کی اوٹ میں جا چھپتی۔
درختوں کی دبیز قطاریں،
دریا کی پیچیدہ گزرگاہیں،
جھاڑیوں اور بیابانی راستوں کا وہ الجھا ہوا جال،
جسے قدرت نے اپنی بے ساختہ صناعی سے تخلیق کیا تھا،
کبھی کبھی انسانی شرارت نے اسے خوف کی کمین گاہ میں بدل دیا تھا۔
ان علاقوں میں رہنے والے لوگوں کے لیے رات صرف اندھیرا نہیں تھی؛
رات ایک سوال تھی، ایک خدشہ تھی
، ایک بے نام سا خوف تھا
جو دروازے بند ہونے کے بعد بھی دل کے اندر کھلا رہتا تھا۔ کچے کے ان دشوار گزار علاقوں میں ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر نے طویل عرصے تک دہشت کا ایسا حصار قائم کیے رکھا تھا جس میں عام آدمی کی زندگی محض زندگی نہیں بلکہ مسلسل آزمائش بن گئی تھی۔
راستے خوف زدہ تھے، بستیاں مضطرب تھیں، مسافر محتاط تھے اور گھروں میں بیٹھے لوگ بھی کبھی کبھی باہر سے آنے والی کسی معمولی آواز کو غیر معمولی خطرے کا پیش خیمہ سمجھ لیتے تھے
۔ دہشت کا سب سے بڑا ہتھیار بندوق نہیں ہوتی؛
خوف ہوتا ہے۔
بندوق ایک جسم کو نشانہ بناتی ہے،
مگر خوف پورے معاشرے کے اعصاب کو مفلوج کرسکتا ہے۔ کچے کے علاقوں میں یہی خوف ایک مدت تک لوگوں کے روزمرہ وجود پر سایہ کیے رہا۔ مگر تاریخ کا ایک اصول ہے
کہ کوئی رات ہمیشہ رات نہیں رہتی۔ اندھیرا خواہ کتنا ہی دبیز کیوں نہ ہو
، صبح کے امکان کو اپنے اندر سے فنا نہیں کرسکتا۔
جنوبی پنجاب کے کچے کے خطے میں بھی وقت نے کروٹ لی۔

قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اس خوف کے مقابل کھڑے ہونے کا فیصلہ کیا،
اور پھر وہ مرحلہ آیا جب پولیس نے محض کارروائی نہیں کی بلکہ ایک ایسی جنگ لڑی
جس کا اصل مقصد زمین کا قبضہ نہیں، لوگوں کے دلوں سے خوف کا قبضہ چھڑانا تھا۔
پنجاب پولیس کے جوانوں نے ان دشوار گزار علاقوں میں جس عزم،
حوصلے اور قربانی کا مظاہرہ کیا،
وہ محض سرکاری کارروائیوں کے اعداد وشمار میں قید نہیں ہوسکتا۔
کچے کے علاقے کی جغرافیائی پیچیدگیاں،
دریا کے کناروں کی دشواریاں،

جھاڑیوں اور بیابانی راستوں کی پراسراریت
اور جرائم پیشہ عناصر کے قائم کردہ ٹھکانوں نے اس معرکے کو ایک غیر معمولی نوعیت کا چیلنج بنایا۔ مگر وردی میں ملبوس جوانوں نے جانا کہ اگر خوف کے اس قلعے کو توڑا نہ گیا
تو اس کے سائے میں پلنے والی کئی نسلیں اعتماد کے مفہوم سے محروم رہیں گی
۔ یہاں پولیس کے ان شہیدوں کو سلام جنہوں نے اپنے لہو سے وہ راستہ روشن کیا جس پر آج امن کے مسافر چل رہے ہیں۔ شہید پولیس اہلکار کے لیے شاید سب سے بڑی گواہی یہی ہے کہ جس زمین پر اس نے اپنی جان نچھاور کی،
وہاں آج کوئی بچہ نسبتاً بے خوف ہو کر کھیل سکے،
کوئی کسان اپنے کھیت کی طرف اطمینان سے جاسکے، کوئی مسافر راستے کو دشمن نہ سمجھے
اور کوئی ماں اپنے بیٹے کے گھر سے نکلنے پر ہر لحظہ کسی نامعلوم حادثے کی منتظر نہ رہے۔
شہید کی قربانی کو صرف تعزیتی الفاظ میں محدود کر دینا اس قربانی کی عظمت کے ساتھ ناانصافی ہے۔ شہید نے صرف اپنی جان نہیں دی؛
اس نے اپنے پیچھے رہ جانے والوں کے لیے امن کا امکان چھوڑا۔ اس نے اپنے خون سے ریاست کی اس ذمہ داری پر مہر ثبت کی کہ شہری کا تحفظ محض آئینی عبارت نہیں بلکہ ایک زندہ عہد ہے۔
آج اگر جنوبی پنجاب کے کچے میں زندگی معمول کی طرف واپس آئی ہے، اگر خوف کے بجائے اطمینان کی گفتگو ہونے لگی ہے اور اگر لوگ اپنے گھروں، کھیتوں اور راستوں کو دوبارہ اپنا سمجھنے لگے ہیں تو اس امن کے ہر ذرے میں ان شہیدوں کے لہو کی سرخی شامل ہے۔
یہ کامیابی کسی ایک فرد، ایک ادارے یا ایک دن کی کوشش کا نتیجہ قرار دینا بھی حقیقت کے ساتھ انصاف نہ ہوگا۔

امن ہمیشہ اجتماعی جدوجہد سے جنم لیتا ہے۔
پولیس کے افسران نے حکمت عملی بنائی،
جوانوں نے میدان میں خطرات مول لیے،
مقامی لوگوں نے تعاون کیا،
مختلف اداروں نے اپنی اپنی ذمہ داریاں نبھائیں
اور معاشرے کے ان عناصر نے بھی اپنا کردار ادا کیا
جنہوں نے امن کے قیام کو اجتماعی ضرورت سمجھا۔
اس موقع پر ان تمام شہریوں، عمائدین، انتظامی و پولیس اہلکاروں
اور ہر اس شخص کو خراجِ تحسین پیش کیا جانا چاہیے
جس نے خوف کے زمانے میں بھی امن کی امید کو زندہ رکھا۔
جنوبی پنجاب کی امن کی اس داستان میں سابق گورنر پنجاب مخدوم احمد محمود کی امن وامان کے حوالے سے خدمات اور تعاون کو بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا جانا چاہیے۔
معاشرے میں امن صرف بندوق کی طاقت سے قائم نہیں رہتا؛ اس کے لیے سیاسی، سماجی اور انتظامی سطح پر بھی تعاون، رابطہ اور اجتماعی احساسِ ذمہ داری ضروری ہوتا ہے۔ جہاں مختلف طبقات ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں، وہاں امن کی بنیاد زیادہ مضبوط ہوتی ہے۔

ایسے تمام کردار جو امن کے لیے اپنی استطاعت کے مطابق خدمات انجام دیتے رہے،
یقیناً تحسین کے مستحق ہیں۔ اور پھران افسران کو بھی سلام جنہوں نے اس مشکل میدان میں اپنے جوانوں کی قیادت کی۔ کسی ڈی پی او کے لیے دفتر کی کرسی پر بیٹھ کر امن وامان کی فائل دیکھنا
ایک ذمہ داری ہے،
مگر اس ذمہ داری کو میدان کے حقائق سے جوڑنا کہیں زیادہ بڑا امتحان ہے۔

پولیس قیادت نے جس طرح ان علاقوں میں امن کی بحالی کے لیے اپنی حکمت عملی کو آگے بڑھایا
، اس کا اصل ثمر آج وہ شہری محسوس کر رہے ہیں جن کے لیے ''امن'' کبھی ایک خواب سا لفظ بن چکا تھا۔
کچے کے ڈاکوؤں نے جو خوفناک جال بُنا تھا
، وہ صرف چند جرائم پیشہ افراد کی طاقت سے قائم نہیں رہ سکتا تھا۔ اس کے لیے خوف، خاموشی، جغرافیہ اور معاشرتی بے بسی کا امتزاج درکار تھا۔
اسی لیے اس جال کو توڑنے کے لیے صرف ہتھیار کافی نہ تھے؛ اعتماد بھی واپس لانا تھا۔
لوگوں کو یہ یقین دلانا تھا کہ ریاست ان تک پہنچ سکتی ہے، انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی
اور قانون کی عملداری محض شہروں کی روشن سڑکوں تک محدود نہیں۔
آج جب کچے کے علاقوں میں زندگی معمول کی طرف لوٹنے کی خبر سامنے آتی ہے
تو اس کے پیچھے کئی خاموش کہانیاں سانس لیتی ہیں۔
کسی گھر میں ایک ماں نے شاید برسوں بعد اطمینان سے دروازہ کھولا ہوگا۔
کسی بچے نے شاید پہلی مرتبہ اپنے باپ کو



خوف کے بغیر گھر سے نکلتے دیکھا ہوگا۔
کسی کسان نے شاید شام ڈھلے کھیت سے واپسی پر آسمان کو پہلے سے زیادہ روشن محسوس کیا ہوگا۔ کسی مسافر نے شاید وہ راستہ دوبارہ اختیار کیا ہوگا
جس سے کبھی گزرنے کا تصور بھی دل میں اضطراب پیدا کردیتا تھا
۔ یہی امن کی اصل تصویر ہے۔
امن یہ نہیں کہ اخبارات میں جرم کی خبر کم ہوجائے؛ امن یہ ہے کہ لوگوں کے دلوں میں
خوف کم ہوجائے۔
امن یہ نہیں کہ سرکاری اجلاس میں کامیابی کی رپورٹ پیش کردی جائے؛
امن یہ ہے کہ ایک عام آدمی رات کو اپنے گھر کا دروازہ بند کر کے اطمینان سے سو سکے۔ امن یہ نہیں کہ پولیس کے ریکارڈ میں اعداد وشمار بہتر ہوجائیں؛
امن یہ ہے کہ پولیس کی وردی دیکھ کر شہری کے دل میں تحفظ کا احساس پیدا ہو۔
اس مرحلے پر پنجاب پولیس کے ان تمام جوانوں کو خصوصی خراج تحسین پیش کرنا لازم ہے
جنہوں نے اس جنگ میں اپنا کردار ادا کیا۔
وہ جوان جن کے نام شاید ہر اخبار کی سرخی نہ بن سکے، جن کی تصویریں شاید ہر دیوار پر نہ لگیں،
مگر جنہوں نے اپنے فرائض کو اپنی ذات

سے بلند رکھا۔
پولیس کی وردی میں کھڑا جوان اکثر اس وقت سب سے زیادہ تنہا ہوتا ہے جب باقی معاشرہ محفوظ جگہوں پر موجود ہوتا ہے۔ وہ خطرے کی طرف جاتا ہے تاکہ دوسرے خطرے سے دور رہ سکیں
۔ یہی اس کی پیشہ ورانہ عظمت ہے۔ اور ان شہیدوں کے لیے تو الفاظ ہمیشہ کم رہیں گے۔
شہید پولیس اہلکار کی قبر پر رکھا ہوا ایک پھول بھی شاید پوری کتاب سے زیادہ معنی رکھتا ہے، کیونکہ وہ پھول اس زمین کی طرف سے سلام ہوتا ہے جسے اس نے اپنے خون سے محفوظ کیا۔
وہ شہید جو اپنے گھر سے وردی پہن کر نکلا اور پھر واپس نہ آیا، اس کے بچوں کے لیے باپ ایک تصویر بن گیا،
اس کی ماں کے لیے بیٹا ایک دعا بن گیا
آج اگر کچے میں خوف کی جگہ امن، بے یقینی کی جگہ اطمینان
اور اضطراب کی جگہ معمول کی زندگی واپس آئی ہے
تو اس کامیابی تو اس کے پیچھے پولیس کے جوانوں کی لازوال قربانیاں و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بے مثال قربانیاں شہداء کے لہو شامل ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ رحیم یار خان پولیس کے
عرفان سموں ڈی پی او
رحیم یار خان خان۔ جناب ظہیر انور جپہ ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان۔
جناب ریجنل پولیس افسر بہاول پور غازی محمد صلاح الدین
۔ ڈی پی او راجن پور۔ سابق گورنر پنجاب مخدوم سید احمد محمود۔
ایم پی ممتاز چانگ۔ ایم این اے سردار اظہر خان لغاری۔ کی بھرپور کاوشیں بھی شامل ہیں
اس کے علاوہ عوامی خواہش ہے عوامی سہولیات مزید بہتر ہوں، تعلیم، صحت، روزگار

اور بنیادی ضروریات کی فراہمی بڑھے اور شہریوں کو یہ احساس مستقل طور پر حاصل رہے
کہ وہ ریاست کے حاشیے پر نہیں بلکہ ریاست کے برابر کے شہری ہیں۔ کیونکہ جس زمین پر کبھی خوف نے اپنے خیمے گاڑ رکھے تھے،
وہاں امن کا چراغ صرف پولیس کی بندوق سے نہیں جلتا؛ اسے انتظامیہ،
پولیس، عوام، سیاسی قیادت، مقامی عمائدین اور ریاستی اداروں کے مشترکہ ہاتھوں سے روشن رکھنا پڑتا ہے۔
جنوبی پنجاب کے کچے کی یہ داستان ہمیں یہ بھی سکھاتی ہے کہ ریاست جب اپنے شہریوں کے لیے پوری قوت، حکمت اور قربانی کے ساتھ اپنے عوام کے ساتھ کھڑی ہے
خوف کی سلطنت خواہ کتنی ہی پرانی ہو،
قانون کی ایک مضبوط صبح اسے ختم کرسکتی ہے
۔ آج دریائے سندھ شاید وہی ہے،
ریت شاید وہی ہے، درختوں کے جھنڈ شاید وہی ہیں
، راستے شاید وہی ہیں؛
مگر منظر بدل گیا ہے۔ کبھی جن راستوں پر خوف چلتا تھا
، وہاں اب زندگی چل رہی ہے
۔ کبھی جن گھروں میں خاموشی خوف کی علامت تھی
، وہاں اب معمول کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔
کبھی جس رات کا انتظار ڈر کے ساتھ ہوتا تھا،
اب اسی رات کے آسمان پر امن کا چاند طلوع ہوگیا ہے۔ اور اس نئی صبح کے دامن پر سب سے پہلے نام انہی کا لکھا جانا چاہیے
جنہوں نے اس کے لیے اپنا کل قربان کردیا۔ پنجاب پولیس کے شہیدوں کو سلام،
پنجاب پولیس کے غازیوں کو سلام
۔ ان تمام افسران اور جوانوں کو سلام جنہوں نے کچے کے خوفناک جال میں اتر کر امن کا راستہ تراشا
۔ ان تمام شہریوں کو سلام
جنہوں نے امن کے سفر میں ریاست کا ساتھ دیا۔
اور ان سب کے بعد جنوبی پنجاب کی اس دھرتی کو سلام،
جس نے خوف کی طویل راتیں کاٹیں
، اپنے زخم سہے،
اپنے سپوت قربان کیے اور
پھر ایک دن اپنے افق پر یہ لکھ دیا:
''دہشت کا زمانہ گزر گیا؛
اب یہاں زندگی اپنے اصل نام سے واپس آگئی ہے۔''
پاکستان زندہ باد پاک افواج زندہ باد



طبی معلومات کا تحفظ، NHS پر سوالات

قلمِ حق
انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

برطانیہ کا نیشنل ہیلتھ سروس (NHS) دنیا کے بڑے اور اہم ترین عوامی صحت کے نظاموں میں شمار ہوتا ہے، جہاں روزانہ لاکھوں مریضوں کا علاج، معائنہ اور طبی ریکارڈ محفوظ کیے جاتے ہیں۔ ان ریکارڈز میں مریض کی بیماری، علاج، ادویات، ٹیسٹ رپورٹس اور دیگر انتہائی حساس معلومات شامل ہوتی ہیں۔

طبی ریکارڈ محض چند کاغذات یا کمپیوٹر میں موجود معلومات نہیں ہوتے بلکہ یہ کسی فرد کی نجی زندگی کا اہم حصہ ہوتے ہیں۔ اسی لیے ان تک رسائی صرف ان افراد کو ہونی چاہیے جنہیں اپنے کام کی ذمہ داری پوری کرنے کے لیے واقعی ضرورت ہو۔ NHS میں مریضوں کے ڈیٹا تک رسائی کے لیے مختلف حفاظتی نظام اور اصول موجود ہیں۔ ملازمین کو عموماً اپنی ملازمت اور ذمہ داری کے مطابق مخصوص معلومات تک رسائی دی جاتی ہے، جبکہ سسٹمز میں یہ بھی ریکارڈ کیا جاسکتا ہے کہ کس شخص نے کب اور کس ریکارڈ کو دیکھا۔

اس کے باوجود کبھی کبھار ایسے واقعات سامنے آتے ہیں جن میں NHS کے ریکارڈز تک غیر مناسب یا غیر مجاز رسائی کا معاملہ پیدا ہو جاتا ہے۔ بعض صورتوں میں ملازم کسی ایسے مریض کا ریکارڈ دیکھ لیتا ہے جس سے اس کے کام کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

غیر مجاز رسائی کی وجوہات مختلف ہوسکتی ہیں۔ یہ جان بوجھ کر کی جانے والی کارروائی بھی ہو سکتی ہے، جبکہ بعض معاملات میں ملازم کی لاپرواہی، غلط سسٹم استعمال کرنے یا حفاظتی طریقہ کار پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے بھی مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے۔

کسی مشہور شخصیت، ساتھی ملازم، رشتہ دار یا کسی ایسے شخص کا ریکارڈ محض تجسس کی بنیاد پر دیکھنا جس کے علاج میں متعلقہ ملازم شامل نہیں، قابلِ قبول نہیں۔ طبی معلومات تک رسائی کا مقصد صرف مریض کی نگہداشت اور متعلقہ پیشہ ورانہ ذمہ داری ہونا چاہیے۔

ڈیٹا کی رازداری کا معاملہ اس لیے بھی اہم ہے کہ طبی ریکارڈ میں ایسی معلومات شامل ہوسکتی ہیں جن کے افشا ہونے سے کسی شخص کی نجی زندگی، ملازمت، خاندانی معاملات یا سماجی ساکھ متاثر ہوسکتی ہے۔

اگر کسی ملازم نے کسی مریض کا ریکارڈ غیر ضروری طور پر دیکھا ہو تو یہ صرف ایک تکنیکی معاملہ نہیں رہتا۔ اس سے مریض کے اعتماد کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے، کیونکہ لوگ یہ توقع رکھتے ہیں کہ ان کی جانب سے NHS کو دی گئی معلومات محفوظ اور رازدارانہ رہیں گی۔

ڈیٹا کی حفاظت کے لیے NHS اداروں میں مختلف کنٹرولز استعمال کیے جاتے ہیں۔ ان میں رسائی کی اجازت، پاس ورڈز، صارف اکاؤنٹس، نگرانی اور آڈٹ لاگز جیسے اقدامات شامل ہیں، جن کا مقصد مشکوک سرگرمیوں کی نشاندہی کرنا ہے۔

سسٹم میں کسی ریکارڈ کو کھولنے کا مطلب لازماً یہ نہیں کہ کوئی جرم ہوا ہے۔ بعض اوقات ملازم کسی ریکارڈ تک کام کی جائز ضرورت کے تحت رسائی حاصل کرتا ہے۔ اصل سوال یہ ہوتا ہے کہ رسائی کی وجہ کیا تھی اور کیا وہ متعلقہ ملازم کی ذمہ داریوں سے مطابقت رکھتی تھی۔

اگر کسی غیر مناسب رسائی کا شبہ پیدا ہو تو متعلقہ ادارہ عام طور پر معاملے کی تحقیقات کر سکتا ہے۔ آڈٹ ریکارڈز کے ذریعے یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ کس اکاؤنٹ سے معلومات تک رسائی حاصل کی گئی، کب کی گئی اور اس رسائی کا کوئی جائز پیشہ ورانہ مقصد تھا یا نہیں۔

ڈیٹا کی خلاف ورزی صرف کسی ریکارڈ کو غیر مجاز طور پر دیکھنے تک محدود نہیں۔ معلومات کا غلط شخص کو بھیج دیا جانا، حساس فائل کا غلط جگہ شیئر ہونا، کاغذات کا گم ہونا یا کسی سسٹم کی کمزوری کے باعث معلومات کا افشا ہونا بھی ڈیٹا بریچ کا سبب بن سکتا ہے۔

برطانیہ میں ذاتی معلومات کے تحفظ کے لیے مضبوط قانونی اور انتظامی تقاضے موجود ہیں۔ صحت سے متعلق معلومات کو خاص طور پر حساس سمجھا جاتا ہے، اس لیے NHS اداروں پر مریضوں کے ڈیٹا کی مناسب حفاظت کی اہم ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

مریضوں کو بھی یہ جاننے کا حق حاصل ہے کہ ان کی معلومات کس مقصد کے لیے استعمال کی جارہی ہیں اور ان کے ڈیٹا کو مناسب طریقے سے محفوظ رکھا جارہا ہے۔ شفافیت اور اعتماد کسی بھی صحت کے نظام کے بنیادی ستون ہیں۔ ڈیٹا بریچ کا اثر بعض اوقات فوری طور پر نظر نہیں آتا۔ اگر کسی شخص کی طبی معلومات غلط ہاتھوں میں پہنچ جائیں تو مستقبل میں اس معلومات کے غلط استعمال، غیر ضروری افواہوں یا نجی زندگی میں مداخلت جیسے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔

یہ بات بھی اہم ہے کہ ہر ڈیٹا واقعے کو سنسنی خیزی کے ساتھ پیش کرنے کے بجائے حقائق کی بنیاد پر دیکھا جائے۔ کسی ادارے میں ڈیٹا سے متعلق واقعہ سامنے آنا خود بخود یہ ثابت نہیں کرتا کہ پورا نظام ناکام ہو چکا ہے۔

اصل ضرورت ایک ایسے نظام کی ہے جس میں غیر مجاز رسائی کو روکنے کے ساتھ ساتھ خلاف ورزی ہونے کی صورت میں فوری طور پر اس کی نشاندہی اور تحقیقات کی جا سکیں۔ مؤثر نگرانی کسی بھی بڑے ڈیجیٹل نظام کی بنیادی ضرورت ہے۔ NHS کے ملازمین کے لیے باقاعدہ تربیت بھی انتہائی اہم ہے۔ انہیں واضح طور پر بتایا جانا چاہیے کہ مریضوں کی معلومات کب دیکھی جاسکتی ہیں، کب شیئر کی جاسکتی ہیں اور کن حالات میں کسی ریکارڈ تک رسائی لینا ممنوع یا غیر ضروری ہے۔

ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے ساتھ صحت کے شعبے میں سائبر سیکیورٹی کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ الیکٹرانک مریض ریکارڈز نے علاج کے عمل کو آسان اور تیز ضرور بنایا ہے، لیکن ساتھ ہی معلومات کی حفاظت کے لیے زیادہ مضبوط نظام کی ضرورت بھی پیدا ہوئی ہے۔

مریضوں کا اعتماد صرف اچھے علاج سے قائم نہیں ہوتا بلکہ اس بات سے بھی جڑا ہوتا ہے کہ ان کی ذاتی معلومات کس قدر محفوظ ہیں۔ اگر لوگوں کو یہ خدشہ ہو کہ ان کا طبی ریکارڈ غیر متعلقہ افراد دیکھ سکتے ہیں تو وہ اپنی معلومات فراہم کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کر سکتے ہیں۔

اسی لیے NHS اداروں کو ڈیٹا کی حفاظت کو محض ایک آئی ٹی مسئلہ سمجھنے کے بجائے مریضوں کی حفاظت اور اعتماد کا حصہ سمجھنا چاہیے۔ ہر ملازم، مینیجر اور انتظامی ادارے کی اپنی ذمہ داری ہے کہ رازداری کے اصولوں پر سختی سے عمل کیا جائے۔

اگر کسی مریض کو خدشہ ہو کہ اس کے ریکارڈ تک غیر مناسب رسائی ہوئی ہے تو اسے متعلقہ NHS ادارے سے وضاحت طلب کرنے اور مناسب شکایت کے طریقہ کار سے فائدہ اٹھانے کا راستہ معلوم ہونا چاہیے۔ ایسے معاملات کو نظر انداز کرنے کے بجائے مناسب فورم پر اٹھانا زیادہ مؤثر طریقہ ہے۔

مستقبل میں مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل ہیلتھ ریکارڈز اور مختلف طبی نظاموں کے باہمی رابطے میں اضافے کے ساتھ ڈیٹا سیکیورٹی کے چیلنجز بھی بڑھ سکتے ہیں۔ اس لیے NHS کو نئی ٹیکنالوجی کے ساتھ مضبوط حفاظتی اقدامات کو بھی مسلسل بہتر بنانا ہوگا۔

مریض اور NHS کے درمیان اعتماد ایک قیمتی رشتہ ہے۔ طبی معلومات تک رسائی صرف ضرورت، ذمہ داری اور واضح قانونی و پیشہ ورانہ اصولوں کے تحت ہونی چاہیے۔ غیر مجاز رسائی اور ڈیٹا بریچ کے خلاف مؤثر نگرانی، جواب دہی اور شفاف کارروائی ہی اس اعتماد کو برقرار رکھنے کا بہترین راستہ ہے۔

☆☆☆☆☆

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر 384 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اللہ دتہ ولد ساوا اللہ چک نمبر 384 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی (لاولد) فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں ساوا اللہ والد، خانن بی بی والدہ، محمد طفیل برادر، نور بیگم ہمشیرہ پہلے فوت شدگان، ولائیت علی انجم برادر، غلام فاطمہ، نسرین بی بی ہمشیرگان زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہو گا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محبوب احمد بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد جمیل ولد محمد رفیق چک نمبر 77 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد رفیق والد پہلے فوت شدگان، بشیراں بی بی والدہ، ساجدہ پروین بیوہ، عدیل احمد، محمد افضل پسران، راشدہ جمیل، یسرا جمیل، ادیبہ جمیل دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہو گا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب نبرا یاسین فیملی وسول جج کاموںکے

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع

خدیجہ بی بی دختر حاجی الکریم کھوکھر ساکن تتلے عالی روڈ گلی ملک ریاض والی کاموںکے ضلع گوجرانوالہ بنام محمد وقاص ولد محمد صدیق قوم کھوکھر ساکن گلی نمبر 3 عقب تعمیر ملت ہائی سکول محلہ پاک ٹاؤن کاموںکے ضلع گوجرانوالہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 21/09/2026 کو پیش عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Nadeem Gujjar

از دفتر میاں محمد عاصم وٹو صاحب چیئرمین ثالثی کونسل نمبر 130 چکنمبر 38 ڈی تحصیل دیپالپور

نوعیت مقدمہ: طلاق نامہ

بعنوان: عشرت پروین بنام محمد شہزاد

نوٹس بنام محمد شہزاد ولد محمد اقبال قوم ڈولہ ساکن بستی معین آباد دیپالپور (فریق اول)

ہر گاہ بذریعہ اخبار اشتہار میں فریق اول جو کہ مقدمہ عنوان بالا میں روپوش ہے۔ جس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 2026-09-15 کو دن 10 بجے صبح اصالتاً دفتر ہذا میں حاضر ہو۔ بصورت دیگر حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا

المشتہر: میاں محمد عاصم وٹو صاحب چیئرمین ثالثی کونسل نمبر 130 چکنمبر 38 ڈی تحصیل دیپالپور

Cr..Imam Din

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہر گاہ عملہ فیلڈ ہمارے روبرو انتقال وراثت متوفی منظور احمد ولد حاجی محمد ذات لنگاہ موضع ماڑی میاں قادر بخش اوتار تحصیل ضلع بہاولنگر پیش ہوا جس میں حسب گفتہ محمد احمد پسر متوفی نے اپنے علاوہ غلام فاطمہ بیوہ متوفی کو زندہ و شرعی وارثان جبکہ والدین متوفی کو متوفی سے قبل فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ دیگر کوئی وارث نہ ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اندر میعاد سات یوم دفتر مجاز عدالت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہر گاہ عملہ فیلڈ ہمارے روبرو انتقال وراثت متوفی محمد منیر ولد محمد شریف ذات قریشی موضع تخت محل اوتار/ چک عبداللہ اوتار تحصیل ضلع بہاولنگر پیش ہوا جس میں حسب گفتہ محمد عرفان پسر متوفی نے اپنے علاوہ ارشاد بی بی بیوہ متوفی، محمد تنویر، محمد مقصود، شہناز بی بی، شازیہ پروین، خالدہ بی بی پسران و دختران متوفی کو زندہ و شرعی وارثان جبکہ والدین متوفی کو متوفی کے بعد فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ دیگر کوئی وارث نہ ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اندر میعاد سات یوم دفتر مجاز عدالت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

Cr..Raja Kokab

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل و ضلع سیالکوٹ۔

عنوان: نوٹس برائے لیٹ اندراج (اخبار اشتہار)

دفتر زیر دستخطی میں مسمی محمد بلال ولد مشتاق احمد ساکن ڈھوک جھنگ تحصیل راولپنڈی ضلع راولپنڈی اپنی بھانجی جس کا نام مسمی مہک شہزادی تاریخ پیدائش 14-04-2011 ہے۔ جس کا لیٹ اندراج کرنے کی درخواست دائر کروائی ہے

کسی فرد/ ادارے کو کسی قسم کا اعتراض ہو تو اندر 10 یوم یونین کونسل نمبر (90) بلکن میں جمع کروائے۔ بصورت دیگر حسب ضابطہ لیٹ اندراج کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

مہر و دستخط ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع سیالکوٹ

Cr..Shan

بعدالت جناب افضال احمد ہنجرا صاحب سول و فیملی جج کورٹ تحصیل رینالہ خورد

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع وغیرہ عنوان زہرہ فاطمہ بنام صغیر احمد اشتہار بنام صغیر احمد ولد سبحان قوم قصاب سکنہ ڈولہ مستقیم نزد شیر گڑھ مقیم تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ مورخہ 26-09-14 بوقت آٹھ بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Sarwar

بعدالت جناب محبوب احمد بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر کھرڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عبدالغفور ولد محمد اسماعیل چک نمبر 96 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد اسماعیل والد، سائراں بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، غلام صغراں بیوہ بعد میں فوت شدہ، عبدالرحمن پسر، نسیم اختر دختر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہر گاہ عملہ فیلڈ ہمارے روبرو انتقال وراثت متوفی محمد منیر ولد محمد شریف ذات قریشی موضع تخت محل اوتار/ چک عبداللہ اوتار تحصیل ضلع بہاولنگر پیش ہوا جس میں حسب گفتہ محمد عرفان پسر متوفی نے اپنے علاوہ ارشاد بی بی بیوہ متوفی، محمد تنویر، محمد مقصود، شہناز بی بی، شازیہ پروین، خالدہ بی بی پسران و دختران متوفی کو زندہ و شرعی وارثان جبکہ والدین متوفی کو متوفی کے بعد فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ دیگر کوئی وارث نہ ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اندر میعاد سات یوم دفتر مجاز عدالت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

CR..Raja Kokab

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہر گاہ عملہ فیلڈ ہمارے روبرو انتقال وراثت متوفی منظور احمد ولد حاجی محمد ذات لنگاہ موضع ماڑی میاں قادر بخش اوتار تحصیل ضلع بہاولنگر پیش ہوا جس میں حسب گفتہ محمد احمد پسر متوفی نے اپنے علاوہ غلام فاطمہ بیوہ متوفی کو زندہ و شرعی وارثان جبکہ والدین متوفی کو متوفی سے قبل فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ دیگر کوئی وارث نہ ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اندر میعاد سات یوم دفتر مجاز عدالت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

CR..Raja Kokab

بعدالت جناب صدف لیاقت صاحبہ سول جج کاموںکی ضلع گوجرانوالہ

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع

خدیجہ بی بی دختر حاجی الکریم کھوکھر ساکن تتلے عالی روڈ گلی ملک ریاض والی کاموںکے ضلع گوجرانوالہ بنام محمد وقاص ولد محمد صدیق قوم کھوکھر ساکن گلی نمبر 3 عقب تعمیر ملت ہائی سکول محلہ پاک ٹاؤن کاموںکے ضلع گوجرانوالہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 21/09/2026 کو پیش عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Nadeem Gujjar

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 40 کوڑیانوالی

ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ طارق محمود سکنہ رام پورہ تحصیل بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کے حقیقی بیٹے حمدان فرزند کی تاریخ پیدائش مورخہ 01-01-2019 ہے جس کی پیدائش کا اندراج بروقت یونین کونسل میں نہ کروایا سکا۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار و عزیز و اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل/لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا گیا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں، اس مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب اللہ یار بھٹی صاحب سول جج تحصیل چیچہ وطنی

نوعیت۔ دعویٰ صدور ڈگری دلاپانے ہرجانہ عنوان۔ راشد علی بنام محمد کاشف وغیرہ بنام۔ محمد کاشف ولد محمد شفیق سکنہ چک نمبر 6R/95 تحصیل و ضلع ساہیوال، احد علی ولد صداقت علی سکنہ مکان نمبر 156 بلاک نمبر 7 نزد ظفر علی سٹیڈیم روڈ سول لائن ساہیوال، افتخار الحسن ولد قاری غلام حسن مکان نمبر 31 گلی نمبر 2 امامیہ کالونی عقب امامیہ کالج ساہیوال، محمد امین ولد الٰہی بخش سکنہ چک نمبر 9L/187 تحصیل و ضلع ساہیوال۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 14-09-2026 صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Tariq

بعدالت جناب نازش نواز کیانی صاحب جج فیملی کورٹ پسرور

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع: نبیلہ بی بی بنام ذیشان علی: اشتہار بنام ذیشان علی ولد نور حسین ساکن پنڈوریاں تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 14-09-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

از دفتر DDLG صاحب سیالکوٹ۔

عنوان: نوٹس برائے لیٹ اندراج (اخبار اشتہار)

دفتر زیر دستخطی میں مسمی مقصود احمد نے اپنا لیٹ اندراج خود جس کا نام مسمی مقصود احمد تاریخ پیدائش 01-02-1987 ہے۔ جس کا لیٹ اندراج کرنے کی درخواست دائر کروائی ہے

خلاف شواہد اور گواہان کے بیانات عدالت میں پیش کیے ایڈیشنل سیشن جج سیدہ نبیلا جعفری نے کیس کے ریکارڈ، پیش کیے گئے شواہد اور فریقین کے دلائل کا جائزہ لینے کے بعد نصرت کو جرم کا مرتکب قرار دیتے ہوئے 10 سال قید بامشقت اور 5 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی عدالت کے فیصلے کے بعد مجرم کو مقررہ قانونی کاروائی کے تحت جیل منتقل کر دیا گیا منشیات فروش کو سزا سنائے جانے کے فیصلے کو منشیات کے خلاف جاری کاروائیوں کے تناظر میں اہم قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ سحر 18

بلنگ کے نظام پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ایریگیشن ریونیو کلیکشن سسٹم کے نام سے ای بلنگ کا نظام پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے تیار کیا ہے، جس کے ذریعے گرداوری کے بعد آبیانہ بلوں کی تیاری اور وصولی کا عمل مکمل کیا جاتا ہے۔

بقیہ سحر 19

بنانا ہے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے افسران نے کہا کہ فیلڈ مانیٹرنگ افسران صفائی آپریشن کی نگرانی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں اور نئے یونیفارم کی فراہمی سے فیلڈ میں ان کی شناخت مزید واضح ہوگی۔

بقیہ سحر 20

لیے گئے، جبکہ دیگر نامزد ملزمان نے عدالت سے ضمانت حاصل کر رکھی ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے تفتیش میں میرٹ اور انصاف کے تمام تقاضے پورے کرنے کی ہدایت کی ہے۔ قانون کو ہاتھ میں لینے اور امنِ عامہ میں خلل ڈالنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ سحر 21

ریونیو عملہ بھی موجود تھا اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ ظفر احمد نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد شہریوں کو ریونیو سے متعلقہ مسائل کے حل کیلئے آسان اور فوری رسائی فراہم کرنا ہے۔

بقیہ سحر 22

اشیاء کی طرف راغب ہوتے ہیں، جبکہ بعض مصنوعات میں استعمال ہونے والے غیر معیاری اجزاء اور صفائی کے ناقص انتظامات بچوں کی صحت کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ والدین اور شہریوں نے پنجاب فوڈ اتھارٹی قصور کے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل چونیاں کے سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کا اچانک معائنہ کیا جائے۔

بقیہ سحر 23

نافذ العمل رہے گا ڈاکٹر خالد محمود انجم نئے چیئرمین مقرر وائس چانسلر کی جانب سے جاری اسی نوٹیفکیشن کے ذریعے پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود انجم کو شعبہ جنگلی حیات و ماحولیات کا نیا چیئرمین مقرر کر دیا گیا ہے ان کی تعیناتی بھی فوری طور پر اور آئندہ احکامات تک کے لیے کی گئی ہے نوٹیفکیشن پر یونیورسٹی کے رجسٹرار سجاد حیدر اور ڈپٹی رجسٹرار

بعدالت جناب طارق فاروق شاہ صاحب سول جج/فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی

عنوان: شاہد محمود بنام کاشف

کاشف ولد غلام مرتضیٰ سکنہ مین بازار نزد جامع مسجد رحمان گارڈن ستیانہ روڈ فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار رسپانڈنٹ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2026-09-25 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSd

بعدالت جناب عبدالغفور صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنزہ شہادت کنڈی دختر محمد شہادت چک نمبر 570 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی کنواری فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں محمد شہادت والد، علی احمد شہادت کنڈی برادر پہلے فوت شد، محمد یعقوب چچا بعد میں فوت شد، صدف فاطمہ والدہ، دعا شہادت کنڈی ہمشیرہ، سردار محبوب کنڈی، عبدالغفو، عبدالشکور چچا گان، برکت خاتوں، عصمت خاتوں، زینت بی بی، صاحب خاتوں پھوپھیاں زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب شہوار امین وانگہ صاحب سول جج تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی عنوان مقدمہ محمد حسین بنام عوام الناس اخبار اشتہار منجانب محمد حسین ولد عنایت حسین، ساکن محلّہ اسلام گنج کھیوڑہ، تحصیل پنڈ دادنخان، ضلع جہلم (سائل)۔ ہرگاہ درخواست عنوان بالا سائل نے عدالت حضور میں دائر کر رکھی ہے جس میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 15-09-2026 بوقت 08 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب طارق فاروق صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن سرگودھا

درخواست فروختگی جائیداد

خالدہ طارق بنام عوام الناس

خالدہ طارق زوجہ طارق محمود سکنہ جوہر کالونی گلی نمبر 1 سرگودھا

اشتہار بنام۔ عوام الناس

عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تقرر 14.09.2026 کو اصالتاً یا وکالتاً بوقت 9 بجے حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ آج ہمارے مہر و دستخط سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب شہزاد اقبال صاحب نائب تحصیلدار قصور

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ بیگم ظہور دختر گہنہ کی وراثت انتقال واقع موضع گنڈا سنگھ والا درج ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان کی تصدیق ہونا ہے۔ والدین متوفی پہلے فوت شد، رحمت علی خاوند بعد میں فوت شد، محمد شہباز، محمد نواز، محمد شہزاد، ممتاز بی بی، شہناز بی بی، شمشاد بی بی، معافیہ بی بی، فاخرہ بی بی، فائقہ بانو پسران ودختران متوفیہ زندہ ہیں کو وارثان ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر کسی کو نسبت وراثت سے اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو بعد از اشاعت سات 7 یوم میں عدالت ہذا سے رابطہ کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Bhutta

ذوالفقار علی کے دستخط موجود ہیں یونیورسٹی ذرائع کے مطابق مذکورہ کارروائی ادارے میں شفافیت نظم وضبط اور احتساب کے عمل کو یقینی بنانے کے لیے عمل میں لائی گئی ہے تاہم انکوائری کے حتمی نتائج اور اس کے بعد سامنے آنے والی مزید پیش رفت کے بارے میں یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے آئندہ احکامات جاری کیے جانے کا امکان ہے

بقیہ سحر 24

لے جانے والی ٹریکٹر ٹرالیاں سڑک پر چلنے والے شہریوں اور بالخصوص موٹر سائیکل سواروں کے لیے حادثات کا سبب بن سکتی ہیں، اس لیے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ایسی ٹریکٹر ٹرالیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے ڈرائیورز کو ہدایت کی کہ ریت ومٹی لے جاتے وقت لازمی طور پر ترپال کا استعمال کریں اور ٹریفک قوانین کی پابندی یقینی بنائیں۔

بقیہ سحر 25

ڈکیتی اور قتل سمیت مختلف سنگین جرائم کے مقدمات درج تھے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق ملزم قتل کے تین مقدمات کے علاوہ چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کے 60 سے زائد مقدمات میں مبینہ طور پر ملوث رہا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق مبین احمد بشارت بعض افراد کے کہنے اور ایما پر قبضہ گیری اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں میں بھی ملوث رہا۔ ان افراد کے کردار کا تعین کرنے کے لیے تحقیقات اور رپورٹس مرتب کی جارہی ہیں۔ سی سی ڈی نے واقعے میں ملوث دیگر ملزمان اور مبینہ سرپرستوں کی تلاش شروع کر دی ہے، جبکہ ان کے خلاف بھی قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ سحر 26

جات کا معائنہ کرتے ہوئے طبی سہولیات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر عملہ کی حاضری چیک کی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی ادویات، علاج معالجے کی سہولیات، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مختلف وارڈز میں زیر علاج مریضوں سے ملاقات کی، ان کی خیریت دریافت کی اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں براہ راست معلومات حاصل کیں۔ مریضوں نے حکومت پنجاب کی جانب سے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات اور علاج معالجے کے انتظامات کے حوالے سے اپنے تاثرات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مریضوں کو علاج معالجے، ادویات اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل ماڑی میاں صاحب

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سائناں بی بی بیوہ عبدالشکور ذات میرو جا جوئیہ سکنہ بستی حاموں میرو کا کوٹ لنگاہ تحصیل وضلع بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کے حقیقی بیٹے عبدالروف کی تاریخ پیدائش مورخہ 01-09-2008، کلیم اللہ تاریخ پیدائش مورخہ 01-01-2015 اور حقیقی بیٹی آمنہ بی بی کی تاریخ پیدائش مورخہ 01-01-2007 ہے جن کی پیدائش کا اندراج بروقت یونین کونسل میں نہ کروایا سکی۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار وعزیز و اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل/لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا گیا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں، اس مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بر بنائے خلع ، بعنوان: سلمیٰ بی بی بنام محمد ممتاز

اشتہار بنام: محمد ممتاز ولد منظور حسین ساکن اکرم پارک جنت چوک سانده کلاں مکان نمبر 120 گلی نمبر 64 شہر لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 26-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب تنزیلہ تبسم صاحبہ سول جج فیملی کورٹ گجرات،

مقدمہ: دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ ،عنوان: حفصہ بی بی وغیرہ ،بنام: محمد جمیل،اشتہار بنام: محمد جمیل ولد محمد امین ساکن کھٹانہ شریف ڈاکخانہ کڑیانوالہ تحصیل وضلع گجرات، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 14/09/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہواہے

Cr..Ghafar

بعدالت جناب محمد ضیاء خاں صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن قصور

ثناء بی بی بنام امام بخش

مقدمہ نمبر 372/FC بابت

سال 30-07-26 دعویٰ۔ تنسیخ نکاح۔اشتہار بنام:۔ امام بخش ولد اللہ دتہ قوم کھوکھر ساکن عبدالرشید گارڈن تحصیل وضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 14-09-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر 384 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عابد حسین ولد بشیر احمد چک نمبر 384 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں بشیر احمد والد، خورشید بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، سیداں بی بی بیوہ، ضمیر حیدر، بلال، محمد نوید پسران، فضیلت بی بی دختر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بقیہ سحر 27

صحافیوں، سول سوسائٹی ودیگر شعبہ ہائے اندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے کلاس انچارج ٹیچرز محمد اشفاق اور محمد عارف مغل کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں پر ان کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ سحر 28

سیکرٹری محمد اشرف جعفری نے تمام ٹیم کو شاندار تقریب کے اختتام پر مبارکباد پیش کی ہے۔

بقیہ سحر 29

صوبوں کے قیام سے انتظامی امور عوام کے قریب لائے جاسکتے ہیں اور شہریوں کو اپنے مسائل کے حل کے لیے صوبائی دارالحکومتوں تک سینکڑوں میل سفر کرنے کی ضرورت کم ہو سکتی ہے، جبکہ سرکاری اداروں اور بنیادی سہولیات تک رسائی بھی آسان بنائی جا سکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صحت کے شعبے میں نئے ہسپتال، مراکز صحت اور ماہر ڈاکٹرز دور دراز علاقوں تک پہنچائے جا سکتے ہیں، اسی طرح تعلیمی اداروں میں اضافہ کر کے بچوں اور نوجوانوں کو اپنے علاقوں میں بہتر تعلیمی مواقع فراہم کیے جا سکتے ہیں۔ انصاف کے شعبے میں بھی عدالتوں، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں تک عوام کی رسائی آسان بنائی جا سکتی ہے، جبکہ مقامی سطح پر مضبوط انتظامی نظام قائم ہونے سے شہریوں کی شکایات کے ازالے میں تیزی لائی جا سکتی ہے۔ شہباز جاوید نے صدر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ عمران زاہد کھوکھر سمیت دیگر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ نئے صوبوں کا قیام محض سیاسی بنیادوں پر نہیں بلکہ انتظامی ضرورت، آبادی، جغرافیہ، وسائل، معاشی امکانات اور عوامی رائے کو مدنظر رکھتے ہوئے ہونا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی حکومتوں کو بھی بااختیار بنانا ضروری ہے تاکہ اختیارات حقیقی معنوں میں عوام کی دہلیز تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبے پاکستان کو تقسیم کرنے کے بجائے اگر بہتر انتظام، منصفانہ وسائل کی تقسیم، مؤثر حکمرانی اور عوامی سہولیات کی فراہمی کا ذریعہ بنیں تو یہ ملک کو مزید مضبوط، مستحکم اور خوشحال بنانے کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہو سکتے ہیں۔

بقیہ سحر 30

کی ہیں اسی خوشی کے موقع پر معروف شخصیت میاں ناظم سرفراز بودلہ کی جانب سے آج شام 7 بجے معززینِ علاقہ کو انکے اعزاز میں گرینڈ ڈنر کا اہتمام کیا گیا ہے، جس میں علاقے کی اہم سیاسی، سماجی، کاروباری اور دیگر معزز شخصیات شرکت کریں گی گرینڈ ڈنر کا مقصد حاجی راؤ محمد اجمل خاں کی کامیاب آنکھوں کے آپریشن کے بعد مکمل صحتیابی پر خوشی کا اظہار، جبکہ راؤ سعد اجمل خاں کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کرنا ہیاس موقع پر معززینِ علاقہ دونوں سے ملاقات کریں گے۔

بقیہ سحر 31

پنجاب کو درخواست دیتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ ان کی بہن کو طبیعت خراب ہونے پر تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال نوشہرہ ورکاں لایا گیا درخواست میں لواحقین کا موقف ہے کہ نائٹ ڈیوٹی پر موجود میڈیکل عملے نے مریضہ کا بروقت علاج نہیں کیا اور ڈیوٹی کے دوران موبائل فون کے استعمال میں مصروف رہے۔ لواحقین کا مزید الزام

بعدالت جناب عقیل احمد جنجوعہ صاحب سول جج درجہ اول ملکوال ۔ درخواست گارڈین۔ محمد مدثر بنام عوام الناس۔ اشتہار منجانب۔ محمد مدثر ولد محمد نذیر قوم چدھڑ ساکن بھو جو ال بذریعہ مختار خاص یاسر اقبال۔ درخواست مندرجہ عنوان بالا میں مسئول علیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہٰذا مسئول علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 12-09-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب نوید احمد گھمن صاحب سول جج درجہ اول ملکوال۔ دعویٰ استقرار حق۔ فیضان شفیق وغیرہ بنام محمد بلال اکرم وغیرہ اشتہار بنام ۔ فیضان شفیق، عبدالرحمٰن شفیق پسران، خدیجہ شفیق، زینب شفیق دختران نجمہ شفیق بیوہ شفیق احمد اقوام راجپوت سکنائے انصاری روڈ مکان نمبر 388 بلاک بی 4 تحصیل ساہیوال حال مقیم محلّہ راجگان ملکوال ۔ بنام عوام الناس ۔ مدعی نے دعویٰ استقرار حق بابت ہونے شرعی وارث دائر کیا ہے عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 12-09-2026 اصالتاً واثالتاً حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب محمد ساجد بلال صاحب سول جج فیملی کورٹ گجرات،

مقدمہ: دعویٰ تنسیخ نکاح، عنوان: اقراء رانی، بنام: عابد حسین، اشتہار بنام: عابد حسین ولد محمد یعقوب ساکن ڈاکخانہ چک نمبر 1 ڈی این بی تحصیل یزمان ضلع بہاولپور حال مقیم ٹھوکوٹ تحصیل وضلع گجرات، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 19/09/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہواہے

Cr..Ghafar

بعدالت جناب محترمہ صائمہ پرویز بٹ صاحبہ سول جج/جج فیملی کورٹ قصور

مسکان بی بی بنام محمد ندیم

دعویٰ۔ دلاپانے خرچہ نان نفقہ۔اشتہار بنام:۔ محمد ندیم ولد محمد یونس قوم فقیر سکنہ نظام پورہ روڈ محلّہ محمد نگر قصور حال مقیم شیخ بھاگو تحصیل وضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 21-09-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب عبدالغفور صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد یوسف ولد نواب چک نمبر 239 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں نواب والد، اللہ رکھی والدہ پہلے فوت شدگان، امیراں بی بی بیوہ، محمد ارشد ندیم، علی عمران، محمد عرفان پسران، غلام فاطمہ دختر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

ہے کہ مریضہ کو لگانے کے لیے ٹیکہ اسپتال کے اندر دستیاب نہ ہونے کا کہہ کر باہر میڈیکل سٹور سے منگوایا گیا۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق سرکاری اسپتال کے عملے کو مریضوں کو دوائی باہر میڈیکل سٹور سے لکھ کر دینے کی اجازت نہیں ہے۔

بقیہ سحر 32

اجتماع میں تبدیل ہوگئی۔ شرکاء نے وطنِ عزیز کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کیا، جبکہ پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔ مہمانِ خصوصی محترمہ جہاں آراء وٹو کی تقریب میں خصوصی شرکت نے پروگرام کی اہمیت کو مزید اجاگر کیا۔ ان کی آمد پر شرکاء کی جانب سے پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ مقررین نے یوم دفاع کی تاریخی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا وہ روشن باب ہے جب پوری قوم نے اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہوکر دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ شہداء اور غازیوں کی قربانیاں پوری قوم کے لیے مشعل راہ ہیں۔ تقریب میں سیاسی وسماجی امور سمیت علاقائی مسائل اور مستقبل کی عوامی سرگرمیوں کے حوالے سے بھی اہم تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء کی بڑی تعداد اور مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی شرکت نے اس تقریب کو دیپالپور کی ایک نمایاں عوامی وسماجی سرگرمی بنا دیا۔ تقریب کے کامیاب، منظم اور پروقار انعقاد پر میاں امام دین، ثناء اللہ کاکڑ، مرزا محمد عثمان مغل ایڈووکیٹ، محمد رمضان جانی، محمد دین اور دیگر دوست احباب کی جانب سے میاں محمد اسلم چنڈور اور مرزا فاروق احمد سلفی کو خصوصی طور پر مبارکباد پیش کی گئی۔ اس موقع پر شرکاء نے بہترین انتظامات، بھرپور عوامی شرکت اور یوم دفاع کے حوالے سے قومی جذبے کو اجاگر کرنے والی اس خوبصورت کاوش کو سراہا۔ تقریب کے بعد میزبان میاں محمد اسلم چنڈور کی جانب سے مبارکباد کے لیے آنے والے دوست احباب اور معزز شخصیات کے اعزاز میں ایک پرتکلف عشائیے کا اہتمام بھی کیا گیا۔ عشائیے کے دوران ملکی وعلاقائی سیاسی صورتحال، دیپالپور کے عوامی مسائل اور مستقبل میں مختلف پروگرامز و تقریبات کے انعقاد کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ یومِ دفاع کی اس کامیاب تقریب کے بعد شہرِ دیپالپور کی سیاسی وسماجی فضا میں بھی نئی ہلچل دیکھنے میں آرہی ہے۔ مختلف سیاسی وسماجی حلقوں میں تقریب کی بھرپور شرکت، اہم شخصیات کی موجودگی اور آئندہ کے پروگرامز کے حوالے سے ہونے والی مشاورت موضوعِ بحث بنی ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ دنوں میں عوامی رابطوں کو مزید مؤثر بنانے اور مختلف سیاسی وسماجی پروگرامز کے انعقاد کے لیے خصوصی لائحہ عمل بھی ترتیب دیا گیا ہے، جس کے باعث دیپالپور میں سیاسی وسماجی سرگرمیوں میں مزید تیزی آنے کی توقع کی جا رہی ہے۔ موجودہ صورتحال میں یومِ دفاع کے موقع پر منعقد ہونے والی یہ پروقار تقریب جہاں وطن سے محبت اور شہداء سے عقیدت کا اظہار بنی، وہیں دیپالپور کی سیاسی وسماجی سرگرمیوں کے حوالے سے بھی ایک اہم اور نمایاں اجتماع ثابت ہوئی۔

بعدالت جناب محمد نعیم صاحب سول جج درجہ اول فیملی کورٹ پھالیہ تحصیل پھالیہ

عنوان: محمد اقبال بنام محمد نواز

دعویٰ: حکم امتناعی دوامی

اشتہار بنام: محمد نواز ولد متعلی خاں قوم مسلم شیخ ساکن مدھرے تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاولدین

ہرگاہ مدعاعلیہ کو نوٹس۔ رجسٹری d/a کے ذریعہ سے تعمیل ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مشکل ہے اس لیے مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 22-09-2026 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو۔ ورنہ آپکے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

یہ اشتہار بحکم عدالت ہذا جاری ہوا ہے۔

Cr..Sarfraz

بعدالت جناب محمد اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین ، بعنوان: محمد افضل بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام: ثمرین دختر محمد اعظم ساکن کلی خلیج رمضان والی سلامت پورہ کامونکی تحصیل کامونکی ضلع گوجرانوالہ بنام مدعاعلیہ ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 23-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب رائے محمد شبریز خان صاحب سول جج منڈی بہاؤالدین۔ دعویٰ دلاپانے۔ امجد اقبال بنام زویا نسیم۔ اشتہار بنام۔ زویا نسیم زوجہ امجد اقبال دختر فیض رسول، فیض رسول، علی رضا ولد فیض رسول ذات تارڑ سکنائے مانو چک تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاوالدین۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 11-09-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب محبوب الٰہی صاحب سول جج/بااختیارات فیملی کورٹ ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 3078/FC مورخہ 08-09-26 سال 2026ء۔ دعوی دلاپانے خرچہ نان ونفقہ مدعیان۔ عنوان مقدمہ۔ زرینہ بی بی وغیرہ بنام اویس علی۔ اخبار اشتہار بنام۔ اویس علی ولد احمد علی قوم جٹ بسراء ساکن کاپی ڈاکخانہ خاص، تحصیل وضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنون بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 25-09-2026 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب محترمہ عمارہ سرفراز صاحبہ سول جج درجہ اول قصور

نرگس جہانگیر وغیرہ بنام عوام الناس

دعویٰ۔ استقرار حق۔اشتہار بنام:۔ تحصیلدار قصور، پٹواری حلقہ قصور اندرون قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعاعلیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 09-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بقیہ سحر 1

نے بتایا کیہ اوگرارات کو قیمتوں کا تعین کرے گا اور پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کیا جائیگا

بقیہ سحر 2

ہوئے۔ اجلاس میں 27 ستمبر احتجاج کے حوالے سے تفصیلی مشاورت ہوئی، پی ٹی آئی کو 27 ستمبر کے لیے بھرپور تیاری کی ہدایت کی گئی۔ ملک کے بگڑتے حالات پر تمام جماعتوں سے رابطہ کر کے اے پی سی بلانے کا فیصلہ کیا گیا، 15 ستمبر کو تحریک تحفظ آئین کا اجلاس ہوگا اور اے پی سی تیاریوں کا جائزہ لیا جائے گا

بقیہ سحر 3

میں پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان 7 ارب ڈالر سے زائد کے توسیعی فنڈ فیسلیٹی (ای ایف ایف) پروگرام کے چوتھے جائزے پر تفصیلی بات چیت کی جائے گی تاکہ معاشی اہداف کا تعین کیا جاسکے اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ مذاکرات کے دوران ایک ارب 40 کروڑ ڈالر کے موسمیاتی تبدیلی سے متعلق آر ایس ایف پروگرام کے تیسرے جائزے پر بھی بات چیت ہوگی، اس اہم عمل میں ای ایف ایف اور آر ایس ایف پروگرام کے جائزے کے لیے پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان بیک وقت مذاکرات منعقد کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات میں گزشتہ مالی سال کی دوسری ششماہی جنوری تا جون 2026 کے دوران پاکستان کی معاشی کارکردگی کا جائزہ بھی لیا جائے گا۔ علاوہ ازیں پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ہونے والے ان مذاکرات میں دونوں پروگرامز پر اب تک کی پیش رفت پر بھی تفصیلی غور وخوض کیا جائے گا۔

بقیہ سحر 4

سرفراز ڈوگر نے درخواست گزار کے وکیل کو ہدایت کی کہ ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا کو دلائل دینے دیے جائیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ان کے آرڈر میں درخواست گزار کے وکیل کے دلائل پہلے ہی درج ہیں۔ ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے دائرہ اختیار سے متعلق دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ہر صوبے اور اسلام آباد کیلئے اپنی اپنی ہائیکورٹس قائم کی گئی ہیں، آئین کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ کا دائرہ اختیار اسلام آباد تک ہے جبکہ اسلام آباد صوبہ نہیں اس لیے الگ ایکٹ کے تحت اسلام آباد ہائیکورٹ قائم کی گئی۔

بقیہ سحر 5

افسران کو مؤثر کردار ادا کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کسانوں کو فصلوں کی نگرانی کے لیے دستیاب موبائل ایپ کے حوالے سے آگاہی بڑھانے کے لیے مؤثر میڈیا مہم چلانے کی ہدایت کی، زرعی شعبے کی برآمدات بڑھانے کے لئے زرعی مصنوعات میں ویلیو ایڈیشن ناگزیر ہے۔ زرعی شعبے کے فروغ اور زرعی برآمدات بڑھانے کے لئے اجلاس میں تجاویز پیش کی گئیں، بریفنگ میں کہا گیا کہ پچھلے مالی سال میں پاکستان کے زرعی شعبے سے برآمدات 5.18 بلین امریکی ڈالرز رہیں، چاول، فشریز، حلال گوشت، آلو، تل، تمباکو، آم ملکی پاکستان کی نمایاں زرعی برآمدات رہیں۔ رعی برآمدات میں اضافے کے لئے ویلیو چینز تشکیل دینے کی تجویز دی گئی،

بقیہ سحر 6

فورڈ نے متعدد وزارتوں میں تبدیلیوں کا اعلان کیا اور رکن اونٹاریو پارلیمنٹ ذیشان حامد کو وزیر برائے سیاحت وثقافت مقرر کردیا۔ اس سے قبل ذیشان حامد آٹو تھیفٹ اینڈ بیل ریفارمز کے معاون وزیر تھے۔ ذیشان حامد کینیڈا کے شہر ملٹن سے پہلی بار 2024 کے ضمنی الیکشن میں رکنِ اونٹاریو پارلیمنٹ منتخب ہوئے تھے۔

بقیہ سحر 7

مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع، سہولیات اور معاونت سے متعلق جامع رہنمائی فراہم کر رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سیکٹر اسپیسفک سپورٹ کے ذریعے سرمایہ کاروں کو موزوں مواقع سے منسلک کر رہا ہے، سرمایہ کاری کے عمل کو مزید آسان بنانے کیلئے ایس آئی ایف سی نے ڈیجیٹل ٹکٹنگ ہب متعارف کرا دیا۔ سرمایہ کار ایس آئی ایف سی ویب سائٹ پر ٹکٹنگ ہب کے ذریعے درخواست درج کر کے سہولت کاری حاصل کر سکتے ہیں، ڈیجیٹل سہولت کاری کے ذریعے ایس آئی ایف سی سرمایہ کاری کے عمل کو مزید آسان، شفاف اور مؤثر بنا رہا ہے۔ خواتین کاروباری افراد کے لیے آسان سہولیات، مواقع اور معاون ماحول فراہم کرنے پر بھی توجہ دی جارہی ہے۔

بقیہ سحر 8

اللہ سعد کو تین ساتھیوں سمیت ہلاک کردیا۔ ذرائع کے مطابق ہلاک ہونے والا خارجی عبیداللہ سعد ولد غلام غوث صالحی افغانستان کے صوبہ لوگر کے گاں شاہی قلعہ کا رہائشی تھا اور کالعدم فتن الخوارج سے وابستہ تھا۔ یادرہے کہ عبیداللہ سعد پاکستان میں دہشتگردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھا۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے افغانستان سے دراندازی کرنے والے ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی، جبکہ ملک کے امن وسلامتی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے کرم میں فتن الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش کی اور افغان خارجی سمیت 4 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ محسن نقوی نے کہا کہ فتن الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، خیبر پختونخوا میں قیام امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت ہمارا سرمایہ افتخار ہیں، قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ سحر 9

ڈیجیٹل اثاثوں کی لائسنسنگ کے لیے اب تک 70 درخواستیں موصول ہوچکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریگولیٹری فریم ورک پر پورا اترنے والی کمپنیوں کو ڈیجیٹل اثاثوں کی خرید وفروخت کا لائسنس جاری کیا جائیگا اور 6 ماہ میں ریگولیٹری فریم ورک بنا دیا گیا ہے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ ڈیجیٹل ترسیلات زر کے ذریعے پاکستانیوں کی ترسیلات زر کی موجودہ لاگت 6.5 فیصد ہے جو کم ہو کر ایک فیصد رہ جائے گی اور لاگت کم ہونے سے 41 کروڑ ڈالر کی بچت ہوسکتی ہے

بقیہ سحر 10

کردی گئی۔ سینیٹر پرویز رشید کی زیرِ صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کا اجلاس ہوا جس میں ڈی جی پاکستان پوسٹ آفس نے قائمہ کمیٹی کو بریفنگ دی۔ پاکستان پوسٹ آفس کی ڈیجیٹلائزیشن نہ ہونے کی وجہ سے کمیٹی ارکان نے پوسٹ آفس حکام پر تنقید کی

بقیہ سحر 11

پسندی اور انتھک جدوجہد نے مسلمانوں کیلئے آزاد وطن کا خواب شرمندہ تعبیر کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت ملک کو معاشی استحکام اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ قائداعظم محمد علی جناح کی 78ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ریلوے میں اصلاحات، ڈیجیٹلائزیشن، جدید ٹیکنالوجی اور انفراسٹرکچر کی بہتری حکومت کے ترقیاتی ایجنڈے کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کو محفوظ، جدید اور عوام دوست ادارہ بنانا بانی پاکستان کے خودمختار پاکستان کے وژن کی تکمیل کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ قائداعظم کے زریں اصولوں، اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کو مشعلِ راہ بنا کر ہی ملک کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنایا جا سکتا ہے۔

بقیہ سحر 12

کہ بانی پاکستان کی قیادت، عزم اور اصول ہی اس ملک کی مضبوط بنیاد ہیں۔ قائداعظم نے اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کے ذریعے منتشر قوم کو ایک نئی سمت اور شناخت عطا کی۔ اپنے پیغام میں عبدالعلیم خان نے زور دیا کہ قائداعظم کی دیانت، امانت اور اصول پسندی قوم کے لیے ہمیشہ مشعلِ راہ رہے گی۔ ان کے افکار و فرمودات پر عمل پیرا ہوکر ہی پاکستان کو داخلی طور پر مضبوط، خوشحال اور خودمختار ریاست بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو ملکی ترقی اور استحکام کے لیے یکسوئی اور باہمی اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

بقیہ سحر 13

(FAR) چارجز، پارکنگ کی شرائط اور دیگر کاروباری مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے وزیر مملکت کو پیمز نرسری میں پیش آنے والے افسوسناک آتشزدگی کے واقعے کے بعد کمرشل پلازوں کی سیلنگ سے پیدا ہونے والی صورتحال پر تاجر برادری کے تحفظات سے آگاہ کیا۔ آئی سی سی آئی نے مؤقف اختیار کیا کہ فائر سیفٹی اور عوامی تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے، تاہم کارروائی سے قبل کاروباری اداروں کو متعلقہ حفاظتی نقائص اور مطلوبہ اقدامات سے واضح طور پر آگاہ کیا جائے تاکہ قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ضروری اصلاحات کی جاسکیں۔ وفد نے اس امر پر بھی زور دیا کہ FAR چارجز، پارکنگ ریکوائرمنٹس اور دیگر سی ڈی اے معاملات میں پالیسی کی وضاحت اور یکساں نفاذ ضروری ہے، تاکہ کاروباری برادری کو غیر یقینی صورتحال کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ تاجر برادری سے متعلق تمام معاملات کو آئی سی سی آئی کے ذریعے ون ونڈو بنیاد پر متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھایا اور فالو اَپ کیا جائے گا، جس سے مسائل کی نشاندہی، متعلقہ اداروں تک رسائی اور ان کے حل کے عمل میں بہتری آئے گی۔

بقیہ سحر 14

آباد میں میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ڈائیلاگ بانی پی ٹی آئی کی پالیسی ہے، کس سے، کب، کن شرائط پر ہونا ہے فیصلہ عمران خان ہی کریں گے۔ کوئی قدم بانی پی ٹی آئی کی مرضی کے بغیر نہیں اٹھاتے۔ بیرسٹر گوہر نے کا کہ ہم نے ہمیشہ مذاکرات کی بات کی کمیٹیاں بنائیں، حکومت کی جانب سے سنجیدگی نہیں دکھائی گئی ہماری آواز کو کمزوری سمجھا گیا، اس وقت نہ حکومت سے مذاکرات ہو رہے ہیں نہ کسی بیک چینل سے، قانونی معاملہ اپنی جگہ سیاسی حل کیلئے جلد مذاکرات ہونے چاہیے۔ چیئرمین تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ اگر بات کرنی ہے تو سنجیدگی اور خلوص سے کی جائے، سوچ کر بتائیں گے والی پالیسی نہ ہو، وزیراعظم کے خط سے متعلق سوال کے جواب پر کہا کہ وزیراعظم صاحب نے خط لکھا تھا فائنلی لیٹر ہمیں موصول ہوگیا۔

بقیہ سحر 15

میں حوثی باغیوں کی جانب سے ارضِ حرمین شریفین مملکت سعودی عرب پر کیے جانے والے حملوں کے خلاف یومِ مذمت منایا گیا۔ اس موقع پر ملک بھر کی مساجد میں جمعہ کے اجتماع کے دوران علما، خطبا، مشائخ اور ائمہ نے اپنے خطبات کا بنیادی محور حوثی باغیوں کی مذمت اور مملکتِ سعودی عرب کے دفاع کو بنایا۔ انہوں نے حوثی باغیوں کے بزدلانہ اقدامات اور شہری آبادیوں کو نشانہ بنانے کے عمل کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے سعودی قیادت، حکومت اور سعودی عوام کے ساتھ کامل اور غیر مشروط یکجہتی کا اعادہ کیا۔ علماو خطبا نے واضح کیا کہ مملکتِ سعودی عرب محض ایک ملک نہیں بلکہ تمام عالمِ اسلام کا قلعہ اور اتحاد کا سرچشمہ ہے۔ حرمین شریفین کی مقدس سرزمین کی سلامتی، خودمختاری، امن اور استحکام تمام مسلمانوں کے ایمان کا حصہ ہے اور اس پر اٹھنے والی ہر بری آنکھ یا اس کے امن کو تاراج کرنے کی کوئی بھی ناپاک کوشش امتِ مسلمہ کے لیے کسی صورت قابل قبول نہیں ہوسکتی

بقیہ سحر 16

بزنس کونسل کی جانب سے ڈاکٹر نوید ارشد نے تیار کردہ اسٹریٹجک فریم ورک پر پریزنٹیشن دی، جس میں پاور سیکٹر کو درپیش طلب اور لاگت کے باہمی چیلنجز، بجلی کی کھپت بڑھانے کے امکانات اور موجودہ پیداواری صلاحیت کے بہتر استعمال سے متعلق مختلف تجاویز پیش کیں۔ آئندہ 5 سے 7 سال کے دوران بجلی کی سالانہ طلب میں تقریباً 44 سے 45 ٹیرا واٹ آور تک اضافے کے امکانات کا جائزہ بھی پیش کیا گیا۔ پریزنٹیشن میں الیکٹرک بسوں اور گاڑیوں، گیس ٹو گرڈ منتقلی، زراعت، ڈیٹا سینٹرز، ریلوے اور صنعتی شعبوں میں بجلی کے استعمال کو فروغ دینے کے مختلف امکانات پر غور کیا گیا۔ یہ بھی بتایا گیا کہ اضافی بجلی کی طلب پیدا کر کے موجودہ فکسڈ کیپیسٹی لاگت کو زیادہ یونٹس پر تقسیم کیا جا سکتا ہے، جس سے فی یونٹ لاگت میں استحکام لانے میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ بجلی کی طلب میں اضافہ، دستیاب پیداواری صلاحیت کا مؤثر استعمال اور پاور سیکٹر کی لاگت میں کمی حکومت کی اصلاحاتی ترجیحات میں شامل ہیں

بقیہ سحر 17

حکام، سکول، سول سوسائٹی، مذہبی و سماجی رہنما اور خاندان اپنے بچوں کا تحفظ ایک مشترکہ قومی ذمہ داری بنائیں۔ جمعہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق آصفہ بھٹو زرداری نے بچوں کے تحفظ کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا کہ ہر بچے کو گھر، سکول، معاشرے میں اور اب بڑھتی ہوئی حد تک ڈیجیٹل کی دنیا میں بھی محفوظ ماحول میں پرورش پانے کا مکمل حق حاصل ہے،

بقیہ سحر 18

قوم قائداعظم محمد علی جناحؒ کی بصیرت افروز قیادت کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے قائداعظمؒ کے فرمودات پر عمل پیرا ہونے کا عہد کیا اور کہا کہ قائداعظمؒ نے اعلیٰ سیاسی حکمت عملی سے حریفوں کو چاروں شانے چت کردیا۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ دور حاضر کے عظیم ترین سیاسی رہنما اور بلند پایہ مدبر ہیں۔ قائداعظمؒ نے مسلمانوں کو متحد ہو کر جدوجہد کرنے کا حوصلہ دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ قائداعظمؒ کی سیاسی بصیرت اور دوراندیشی سے پاکستان کا خواب شرمندہ تعبیر ہوا۔ قائداعظمؒ نے بلا تفریق رنگ ونسل شہری ومذہبی آزادی کے سنہری اصول وضع کئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ قائد اعظمؒ کے ویژن کے مطابق مملکت خداداد پاکستان کو حقیقی فلاحی ریاست بنانا ہمارا عزم ہے۔ اللہ تعالیٰ قائداعظم محمد علی جناحؒ کی مغفرت فرمائیں آمین۔ مریم نواز شریف نے قائداعظمؒ کے لئے بلندی درجات کی دعا کی

بقیہ سحر 19

عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پاکستان نے برصغیر کے مسلمانوں کو غلامی سے نجات دلا کر دنیا کے نقشے پر ایک آزاد اور باوقار ریاست قائم کی، ان کی بے مثل قیادت قومی تاریخ کا روشن ترین باب ہے۔ اپنے پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ قائداعظم کی شخصیت میں کردار کی بلندی، سچائی اور عمل کی یکسوئی نمایاں تھی۔ انہوں نے شدید علالت کے باوجود عزم و ہمت سے قوم کو آزادی کی منزل تک پہنچایا۔ وفاقی وزیر نے یاد دلایا کہ قائداعظم اقلیتوں کے مساوی حقوق کے علمبردار تھے اور حکومت کو عوام کی امانت سمجھتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایمان، اتحاد اور تنظیم پاکستان کی اصل روح ہیں جن پر عمل درآمد ہی ملکی ترقی کا واحد راستہ ہے

بقیہ سحر 20

رہنماؤں نے باہمی تجارتی واقتصادی تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق اور سرمایہ کاری اور عوامی روابط بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو نے بیلٹ اینڈ روڈ سمٹ میں جام کمال خان کے موثر خطاب کو سراہا اور علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے کردار کی تعریف کی۔ جام کمال خان نے خدمات، مالیات، ہوابازی اور بزنس ٹو بزنس روابط میں تعاون بڑھانے پر زور دیا اور کیتھے پیسیفک کی پاکستان کے لیے پروازیں بحال کرنے کی تجویز بھی پیش کی ۔ انہوں نے کہا کہ بہتر فضائی روابط سے تجارت، سیاحت اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ جام کمال نے چیف ایگزیکٹو ہانگ کانگ جان لی کا چیوکودورہ پاکستان کی دعوت بھی دی۔

بقیہ سحر 21

تعاون تنظیم کے اجلاس میں شرکت کی دعوت دی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان برادرانہ اور تاریخی تعلقات موجود ہیں، جبکہ دونوں ممالک مذہبی، ثقافتی اور تہذیبی رشتوں میں بھی جڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وسطی ایشیا میں تاجکستان پاکستان کا ایک اہم اور قابل اعتماد شراکت دار ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان تاجکستان کے ساتھ تجارت اور اقتصادی تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے، جس کے لیے تجارت کے نئے مواقع اور متبادل تجارتی راستوں کو تلاش کرنا ہوگا۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان کی زرعی پیداوار، فوڈ پروسیسنگ، لائیو اسٹاک، زرعی ٹیکنالوجی اور ویلیو ایڈیشن کے شعبوں میں تاجکستان کے ساتھ تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ دونوں ممالک باہمی تجربات اور مہارت سے استفادہ کرتے ہوئے زرعی شعبے میں تعاون کو نئی جہت دے سکتے ہیں۔ تاجکستان کے سفیر یوسف شریف زادہ نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت میں کمی کو دور کرنے اور دوطرفہ تجارت کو دوبارہ بہتر سطح پر لانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے تجارت کے نئے اور متبادل مواقع تلاش کیے جانے چاہئیں۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی روابط کے فروغ، کاروباری برادری کے روابط بڑھانے اور زرعی وغذائی شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ ملاقات میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ علاقائی رابطہ کاری، باہمی تجارت اور اقتصادی تعاون کو فروغ دے کر پاکستان اور تاجکستان اپنے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں

بقیہ سحر 22

اجیرن بنادی ہے، گزشتہ چند دنوں میں پیٹرول کی قیمت میں نمایاں اضافہ ہوچکا ہے جبکہ مجموعی طور پر تیل کی قیمت میں اب تک 119 روپے تک اضافہ عوام پر بھاری بوجھ بن چکا ہے، حکومت عالمی حالات کو جواز بنا کر عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مسلسل مہنگائی کا سامنا کرنے پر مجبور کر رہی ہے، اگر حکومت اپنا نظام موثر انداز میں نہیں چلاسکتی تو اس کی ناکامی کا بوجھ عام آدمی پر ڈالنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔

بقیہ سحر 23

آف پاکستان کی زیرِ صدارت قومی عدالتی پالیسی ساز کمیٹی کا 62واں اجلاس سپریم کورٹ میں منعقد ہوا جس میں لاہور، پشاور اور سندھ ہائی کورٹس کے چیف جسٹس صاحبان اور رجسٹرار اسلام آباد ہائی کورٹ نے شرکت کی۔ جبری گمشدگیوں کے مقدمات کے ازالے کے مجوزہ طریقہ کار اور کمیشن کے قیام پر پیش رفت کا جائزہ لیا، وزارتِ قانون وانصاف کو جبری گمشدگیوں سے متعلق معاملہ جلد حتمی شکل دے کر آئندہ اجلاس میں جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ قومی عدالتی پالیسی ساز کمیٹی نے ورلڈ جسٹس پروجیکٹ کے قانون کی حکمرانی کے اشاریے سے ہم آہنگ قومی عدالتی اصلاحاتی فریم ورک پر غور کیا مجوزہ قانون کی حکمرانی ٹریکر کے اشاریے تمام ہائی کورٹس کو تجاویز کیلئے بھجوانے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں قانون کی حکمرانی ٹریکر کو 15 مارچ 2027 تک عدالتی نظام کی تمام سطحوں پر مکمل فعال کرنے کا فیصلہ کیا گیا، قومی قانون کی حکمرانی اشاریے اور عدالتی اصلاحات ٹریکر پورٹل کی تیاری پر لا اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان اور نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی کاوشوں کو سراہا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق انصاف کے شعبے کے لیے میڈیا اینڈ اسٹریٹجک کمیونیکیشنز سیل فوری طور پر مکمل فعال کرنے کی ہدایت کی گئی عدالتی ڈیٹا کی بروقت، درست اور ذمہ دارانہ ترسیل کے لیے معیاری طریقہ کار وضع کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ورلڈ جسٹس پروجیکٹ کے قانون کی حکمرانی کے اشاریے پر پاکستان کی کارکردگی کے غیر جانبدارانہ جائزے کے لیے بین الاقوامی شہرت کے حامل ماہر کی خدمات حاصل کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ہائی کورٹس اپنی ضروریات کے مطابق مجوزہ خواتین سہولت مراکز کے ڈیزائنز پر عملدرآمد کرسکیں گی قومی عدالتی پالیسی ساز کمیٹی نے اسلام آباد کی ضلعی عدلیہ کے لیے روٹیشن پالیسی پر پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 24

میں مخصوص ترمیم، پبلک پروکیورمنٹ رولز 2025 کے نئے سیٹ، جیوگرافیکل انڈیکیشن ایکٹ 2020 کو متعلقہ شیڈول میں شامل کرنے سمیت مختلف قانونی و انتظامی امور کی منظوری دے دی، جبکہ ڈرگز ریسرچ رولز 1978 میں مجوزہ ترمیم اور ریلوے اراضی سے متعلق قواعد میں مجوزہ ترامیم کے معاملات مزید مشاورت کے لیے مؤخر کردیئے گئے۔ وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیرصدارت کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی معاملات کا اجلاس جمعہ کو یہاں وزارت قانون وانصاف میں منعقد ہوا، جس میں مختلف وزارتوں اور ڈویژنز کے متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس 2002 میں مخصوص ترمیم، پبلک پروکیورمنٹ رولز 2025 کے نئے سیٹ، جیوگرافیکل انڈیکیشن ایکٹ 2020 کو متعلقہ شیڈول میں شامل کرنے، کنڈمنٹ الاؤنس کے خاتمے اور ڈینش اسکولز اتھارٹی ترمیمی بل 2026 میں مخصوص ترمیم سے متعلق امور زیرغور آئے۔ کمیٹی نے مذکورہ پانچوں امور کی مخصوص ترامیم سمیت منظوری دے دی، جبکہ منظور شدہ معاملات مزید کارروائی کے لیے متعلقہ وزارتوں اور ڈویژنز کو ارسال کردیئے گئے۔ اجلاس میں ریلوے اراضی کے مؤثر استعمال اور اس سے ریونیو میں اضافے سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو ریلوے اراضی سے حاصل ہونے والی آمدن میں نمایاں اضافے، موجودہ اور متوقع اراضی کی دستیابی سے متعلق امور پر بریفنگ دی گئی۔ ریلوے اراضی سے متعلق قواعد میں مجوزہ ترامیم پر مزید مشاورت کا فیصلہ کیا گیا جبکہ متعلقہ حکام کو معاملے پر مزید مشاورت کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں ڈرگز ریسرچ رولز 1978 میں مجوزہ ترمیم کا معاملہ بھی زیرغور آیا، جسے مزید غور و مشاورت کے لیے مؤخر کردیا گیا۔ اجلاس میں دیگر مؤخر کیے گئے معاملات پر بھی مزید مشاورت اور غور آئندہ اجلاس میں جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ متعلقہ وزارتوں اور محکموں سے مزید وضاحت ومشاورت کے بعد معاملات دوبارہ کمیٹی کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔

بقیہ سحر 25

مولانا فضل الرحمان اور دیگر نے استقبال کیا۔ جس کے بعد ملاقات ہوئی جس میں اپوزیشن کی احتجاجی تحریک پر بات کی گئی۔ ملاقات کے بعد مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ کے باہر گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن سے جوائنٹ اپوزیشن پر بات ہوئی تھی سینیٹ وقومی اسمبلی میں جوائنٹ اپوزیشن پر اتفاق ہوا تھا، جوائنٹ اپوزیشن کے حوالے سے آج پہلی میٹنگ ہوئی، ہم نے فیصلہ کیا کہ قومی معاملات پر تمام جماعتوں کو اعتماد میں لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کے معاملے پر آل پارٹیز کانفرنس بلائی جارہی ہے، جوائنٹ اپوزیشن پلیٹ فارم سے اسمبلی اجلاس سمیت قیدیوں کے معاملے پر متفقہ مشاورت ہوگی، آج پہلی ملاقات خوش آئند رہی اور مستقبل میں بھی جاری رہے گی۔ جے یو آئی رہنما مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ ہم اپوزیشن کی آمد کا خیرمقدم کرتے ہیں، مشاورتی اجلاس میں آل پارٹیز کانفرنس پر بات چیت ہوئی، ملک میں صوبوں کی قیام سمیت مختلف معاملات پر بات چیت ہوئی، بلوچستان میں بدامنی سمیت دہشت گردی و مسائل پر بات ہوگی، ملک جن مسائل میں گھرا ہے اس میں کوشش ہوگی کچھ کردار ادا کریں۔

بقیہ سحر 26

الہندوستان کے دہشت گردوں نے ڈپٹی کمشنر کی گاڑی کو نشانہ بنا کر اسکواڈ کو اغوا کرنے کی بزدلانہ سازش کی تھی۔ سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی میں دہشت گردوں کے تمام عزائم خاک میں مل گئے۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں ڈپٹی کمشنر تمپ کے اسکواڈ کے تمام اہلکاروں کو بحفاظت بچالیا گیا ہے۔ اس دوران دہشت گرد اپنی گاڑی اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہونے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی کے دوران فتن الہندوستان کے متعدد حملہ آور دہشت گردوں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، جبکہ علاقے میں سیکیورٹی صورتحال اب مکمل طور پر کنٹرول میں ہے۔

بقیہ سحر 27

کو مکمل بنایا، اسپیکر قومی اسمبلی۔ قائداعظمؒ نے ہمیشہ آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور جمہوری اصولوں کو مقدم رکھا، اسپیکر قومی اسمبلی۔ قائد کیا ایمان، اتحاد اور تنظیم کے رہنما اصولوں پر عمل پیرا ہوکر پاکستان کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے، اسپیکر سردار ایاز صادق۔ نوجوان نسل کو قائداعظمؒ کی جدوجہد، افکار اور اصولوں سے روشناس کرانا ضروری ہے

بقیہ سحر 28

خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی ہیں، پاکستان سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری، علاقائی سالمیت کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ سلامتی کونسل کا سعودی عرب پر حوثی حملے کے حوالے سے ہنگامی اجلاس ہوا جس میں پاکستان نے سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری، علاقائی سالمیت کی مکمل حمایت کی اور کہا کہ سعودی عرب کو اپنے شہریوں، رہائشیوں اور قومی اثاثوں کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کا جائز حق حاصل ہے۔ پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ یمن کی صورتحال کو انتہائی تشویشناک اور خطرناک مرحلے میں داخل ہوچکی ہے

بقیہ سحر 29

۔ برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں پولٹری فارمز میں اینٹی بایوٹکس کے زیادہ استعمال سے ایسے خطرناک جراثیم پھیلنے کا خدشہ ہے جن پر عام اینٹی بایوٹکس کا اثر کم یا ختم ہوجاتا ہے۔ 2023 میں دیہی پنجاب میں کیے گئے سروے کے مطابق 60 فیصد پولٹری فارمز میں بغیر نسخے کے اینٹی بایوٹکس استعمال کی گئیں اور تقریباً نصف فارمز میں مرغیوں کی افزائش کیلئے بھی یہ ادویات استعمال کی گئیں، بعض کمپنیاں قوانین کے برخلاف مرغیوں کی خوراک میں بھی اینٹی بایوٹکس شامل کرتی ہیں۔ برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز کی رپورٹ میں خبردار کیا گیا کہ اینٹی بایوٹکس کے بے دریغ استعمال سے مزاحم جراثیم کے زندہ رہنے اور افزائش کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

بقیہ سحر 30

پر لگی، ملزم ساتھی کی فائرنگ سے مرا نہیں۔ سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ملزم پر پہلے بھی 16 سے زائد مقدمات ہیں جس پر جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ پھر تو بہتر ہے ملزم جیل میں رہے، ہوسکتا ہے ملزم باہر آ کر ساتھیوں کی فائرنگ سے مر جائے۔ جسٹس جمال مندوخیل کے ریمارکس پر وکیل ملزم مطیع اللہ نے بتایا کہ ملزم کو ہاف فرائی کیا گیا ہے، فل فرائی نہیں۔ فاضل جج نے استفسار کیا کہ کیا یہ لوگ اللہ سے نہیں ڈرتے؟ ہاف فرائی فل فرائی کیا ہوتا ہے؟

بقیہ سحر 31

قاسم ندیم، ارشد ملک، ندیم اسلم لودھی، رانا ریاض احمد اور محمد حنیف شامل تھے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے ساہیوال میں جلد 14 مزید الیکٹرو بسیں مہیا کرنے کا اعلان کیا اور ارکان اسمبلی کو ساہیوال میں جاری ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے معیار اور شفافیت پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت بھی کی۔ صوبائی ارکان اسمبلی نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی عوامی خدمت کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ساہیوال شہر کی بیوٹیفکیشن کو شاندار اور تاریخی اقدام قرار دیا۔

بقیہ سحر 32

نیسا تھی ملزمان کے ساتھ مل کر فوڈ اتھارٹی کے ملازمین پر حملہ کیا، ملزمان کے قبضے سے پستول بھی برآمد ہوا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے سوال کیا کہ کیا فوڈ اتھارٹی بغیر وارنٹ کسی کی حدود میں داخل ہوسکتی ہے؟ کیا کسی کی حدود میں داخل ہونیکے لیے فوڈ اتھارٹی بااختیار ہے؟ سرکاری وکیل نے جواب دیا کہ ہمارے پاس جعلی دودھ کی پکی خبر تھی۔ جسٹس مندوخیل نے سوال کیا کیا اطلاع کے بعد کسی کی حدود میں داخل ہونیکی اجازت مل جاتی ہے؟ ملزم کے وکیل نے کہا کہ سارے الزامات جھوٹے ہیں، 8 ملزمان کی ضمانت ہوچکی ہے، ملزم کا دودھ کا کاروبار تو ہے، چھ ماہ سے جیل میں ہے۔

بقیہ سحر 33

کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر و دیگر افسران بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے سانحہ بلدیہ ٹاؤن کراچی اور سانحہ بند روڈ لاہور کے شہداء کی یاد میں شمعیں بھی روشن کیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حال ہی میں یونائیٹڈ نیشن نے ایمرجنسی سروسز کو انسراگ سرٹیفائیڈ کیا ہے جو پاکستان کیلئے قابل فخر اور اعزاز کی بات ہے۔

بقیہ سحر 34

کے لیے لے جارہے تھے کہ نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزمان نے گڑھی موسم خان میں خواتین سے مبینہ اجتماعی زیادتی کی تھی۔ پولیس نے اجتماعی زیادتی کا مقدمہ تھانہ رحمان بابا میں 6 ستمبر کو درج کیا گیا تھا۔

بقیہ سحر 35

کی گولیوں کا نشانہ بن گئے اور جام شہادت نوش کیا۔ لیفٹیننٹ کرنل عبدالرحمان کو ان کی بہادری کے اعتراف میں بعد از شہادت ستارہ جرات کے اعزاز سے نوازا گیا۔ میجر ضیا الدین احمد عباسی سیالکوٹ میں تعینات تھے، جہاں قبضے کے لیے بھارت نے بھرپور حملہ کر رکھا تھا اور دشمن کا اگلا ہدف وزیر آباد تھا۔ میجر ضیا الدین احمد عباسی دشمن کے ارادوں کی راہ میں بڑی رکاوٹ بن کر کھڑے ہوئے اور ان کی دلیرانہ قیادت نے دشمن کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا۔ میجر ضیا الدین احمد عباسی اپنے ٹینک پر کھڑے تھے کہ دشمن کے فائر کی زد میں آ گئے اور جام شہادت نوش کیا۔ میجر ضیا الدین احمد عباسی کو ان کی بہادری کے اعتراف میں بعد از شہادت ستارہ جرات سے نوازا گیا۔ لیفٹیننٹ حسین شاہ بھی دشمن کیخلاف بہادری کے ساتھ لڑتے ہوئے شہادت کے عظیم رتبے پر فائز ہوئے۔ لیفٹیننٹ حسین شاہ کو بعد از شہادت بہادری کے اعتراف میں ستارہ جرات سے نوازا گیا۔ لیفٹیننٹ کرنل عبدالرحمان، میجر ضیا الدین احمد عباسی اور لیفٹیننٹ حسین شاہ کا نام جنگ ستمبر 1965 کی تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جائے گا۔

بقیہ سحر 36

برصغیر کے مسلمانوں کو آزاد وطن دے کر انہیں شناخت، وقار اور خودمختاری کا حق دلایا، ان کا وژن جمہوری پاکستان کا تھا جہاں تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 11 ستمبر یوم وفات قائداعظم محمد علی جناح کے موقع پر جاری بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم سماجی و اقتصادی انصاف، مساوات، رواداری اور جمہوریت پر مبنی پاکستان کے خواہاں تھے، اتحاد، ایمان اور تنظیم قائداعظم کے سنہری اصول ہیں جن پر عمل ہی پاکستان کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ قائداعظم کی جدوجہد ہمیں قومی یکجہتی، دیانت، محنت اور حب الوطنی کا درس دیتی ہے، ہمیں قائداعظم کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایسا پاکستان تشکیل دینا ہے جہاں ہر شہری کو مساوی حقوق اور ترقی کے مواقع حاصل ہوں۔

بقیہ سحر 37

۔ شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ 57 فیصد کیسز شہری اور 43 فیصد دیہی علاقوں سے رپورٹ ہوئے، یہ مسئلہ پورے معاشرے کا ہے کسی ایک طبقے کا نہیں، 89 فیصد کیسز کا کیس درج ہونا اچھا ہے لیکن فوری تفتیش اور بروقت کارروائی بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں سے زیادتی کے ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں، ہر کیس کو مثال بنایا جائے اور ملزمان کو عبرتناک سزا دی جائے، اعلیٰ عدلیہ بچوں کے خلاف سنگین جرائم کے مقدمات کا فوری ٹرائل کرے، بچوں کا تحفظ ریاست اور معاشرے دونوں کی مشترکہ ذمے داری ہے۔ شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ والدین کو بھی اپنے اردگرد مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھنی ہوگی، اگر ہم معصوم بچوں کو تحفظ نہیں دے سکتے تو یہ نظام کی سب سے بڑی ناکامی ہے۔

بقیہ سحر 38

ہے، اصل مسئلہ صرف نئے یا چھوٹے صوبوں کا قیام نہیں بلکہ عوام کو اقتدار، وسائل اور فیصلہ سازی میں حقیقی شراکت دینا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ملک کا موجودہ نظام ایک ایسے قبضے کا شکار ہے جس میں حکمران طبقہ خود کو مکمل بااختیار سمجھتا ہے جبکہ عوام کا اقتدار میں عملی حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ عوام موجودہ صورت حال میں اپنا وجود محفوظ نہیں سمجھتے اور وہ تبدیلی چاہتے ہیں جبکہ حکمران طبقہ موجودہ نظام برقرار رکھنے میں دلچسپی رکھتا ہے۔ پاکستان کا پورا نظام ایک پہیے کی گاڑی بن چکا ہے جس میں حکمران تو شامل ہیں لیکن عوام اس کا موثر حصہ نہیں۔ محمد علی درانی نے کہا کہ پاکستان کو قائم ہوئے تقریباً 78 برس گزرنے کے باوجود ملک میں بنیادی مسائل جوں کے توں ہیں۔

بقیہ سحر 39

ہوا ہے، متاثرہ بچہ تحصیل میریان کی یونین کونسل نورڑ کا رہائشی ہے جبکہ رواں سال رپورٹ ہونے والے 4 میں سے 3 پولیو کیسز بنوں ڈویژن سے سامنے آئے ہیں۔ حکام این ای اوسی نے بتایا کہ سیکورٹی مسائل کے باعث بنوں ڈویژن میں بچوں تک مسلسل رسائی ممکن نہیں ہورہی، یونین کونسل نورڑ میں پولیو ٹیمیں 2025 سے بچوں تک باقاعدگی سے نہیں پہنچ سکیں۔

بقیہ سحر 40

نشوونما پروگرام، فیملی پارک، پبلک لائبریری، شاپنگ سینٹر، تعلیم، صحت، نادرا اور صاف پانی سمیت دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل اور مطالبات پیش کیے گئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صاحبزادہ نجیب اللہ نے خواتین کے مسائل غور سے سنے اور متعلقہ محکموں کے افسران کو سائلین کی درخواستوں پر فوری کارروائی اور مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ خواتین کے مسائل کا حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے

بقیہ سحر 41

مطالبہ کیا گیا کہ مرکزی ملزم اور گھریلو ملازم کے تمام الیکٹرانک آلات کا فوری فورنزک کروایا جائے اور کیس کی تفتیش آزاد تفتیشی ٹیم کے سپرد کی جائے۔

بقیہ سحر 42

کے مقابلے میں 0.85 ڈگری زیادہ ہے۔ کوپرنیکس کے اعداد وشمار کے مطابق اگست کا درجہ حرارت صنعتی دور سے قبل 1850 سے 1900 کے اوسط کے مقابلے میں 1.65 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہا۔ نومبر 2025 کے بعد یہ پہلا مہینہ ہے جب عالمی درجہ حرارت دوبارہ 1.5 ڈگری کی سطح سے اوپر پہنچا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اگست کے دوران قطبی علاقوں کے علاوہ دنیا کے سمندروں کی اوسط سطحی درجہ حرارت 21.07 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا جو اگست کے لیے نیا ریکارڈ ہے۔ 24 اور 25 اگست کو سمندری درجہ حرارت کی روزانہ اوسط 21.11 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گئی جو اب تک کی بلند ترین سطح ہے۔ بحرالکاہل میں تیزی سے مضبوط ہوتا ایل نینو بھی سمندری درجہ حرارت میں اضافے کا اہم عنصر ہے۔ ماہرین کے مطابق موجودہ غیر معمولی گرمی کی بنیادی وجہ طویل عرصے سے جاری انسانی سرگرمیاں، بالخصوص فوسل فیول کے استعمال سے پیدا ہونے والی گرین ہاس گیسوں کا اخراج ہے، جبکہ ایل نینو نے گرمی میں مزید اضافہ کیا ہے

بقیہ سحر 43

اضافی ٹینک رجمنٹ نے کھیم کرن کے علاقے سے پاکستان کے شہر قصور پر حملہ کیا۔ اس حملے کا پاکستانی افواج نے منہ توڑ جواب دیتے ہوئے بھارتی افواج کی پسپائی پر کھیم کرن پر قبضہ کیا۔ گھمسان کی جنگ کے بعد پاکستان نیبز دل بھارتی فوج کو بھاری نقصان پہنچایا۔

بقیہ سحر 44

حال بارے اعداد وشمار جاری کر دیئے۔ ترجمان واپڈا کے اعداد وشمار کے مطابق دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر پانی کی آمد 1 لاکھ 16 ہزار 300 اور اخراج 1 لاکھ 54 ہزار 800 کیوسک ہے جب کہ دریائے جہلم میں منگلا کے مقام پر پانی کی آمد 11 ہزار 400 اور اخراج 30 ہزار کیوسک ہے۔ ترجمان واپڈا نے بتایا کہ چشمہ بیراج میں پانی کی آمد 1 لاکھ 81 ہزار 100 اور اخراج 1 لاکھ 65 ہزار کیوسک، دریائے چناب میں ہیڈ مرالہ کے مقام پر پانی کی آمد 41 ہزار 800 اور اخراج 14 ہزار 700 کیوسک جبکہ دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر پانی کی آمد اور اخراج 17 ہزار 100 کیوسک ہے۔ ترجمان واپڈا کے اعداد وشمار کے مطابق تربیلا میں پانی کی سطح 1546.42 فٹ اور پانی کا ذخیرہ 53 لاکھ 74 ہزار ایکڑ فٹ ہے، منگلا میں پانی کی سطح 1221.15 فٹ اور پانی کا ذخیرہ 56 لاکھ 67 ہزار ایکڑ فٹ ہے جبکہ چشمہ ریزروائر میں آج پانی کی سطح 645.70 فٹ اور پانی کا ذخیرہ 1 لاکھ 64 ہزار ایکڑ فٹ ہے۔

بقیہ سحر 45

کونسل کے حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں گلگت بلتستان کے آئینی، قانونی، مالی اور انتظامی امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ شرکاء نے آئینی وقانونی معاملات سے متعلق مختلف آپشنز اور سابقہ رپورٹس کا جائزہ لیا، جبکہ گلگت بلتستان کے مالیاتی وسائل کے لیے مختلف تجاویز اور ماڈلز پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں گلگت بلتستان کے موجودہ گورننس فریم ورک میں عملی اصلاحات کے امکانات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ گلگت بلتستان کے آئینی معاملات پر جامع اور تفصیلی غور کیا جائے گا اور اس حوالے سے مشاورت کا عمل جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے مالی، انتظامی اور آئینی معاملات کو مربوط انداز میں دیکھا جائے گا۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے ورکنگ گروپ کو ہدایت کی کہ گلگت بلتستان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اور قابلِ عمل تجاویز مرتب کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عبوری رپورٹ جامع غور وخوض کے بعد تیار کی جائے اور سفارشات سمیت بڑی کمیٹی کے سامنے پیش کی جائے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ متفقہ آئینی و قانونی حل کے لیے مزید وقت درکار ہوگا۔ا

بقیہ سحر 46

حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے ممکن ہوگی۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق کسی شخص یا کمپنی کو براہ راست ادائیگی کی ممانعت ہے ورنہ نقصان کی ذمہ دار وزارت نہیں ہوگی۔

بقیہ سحر 47

۔ مقدمے کی ساعت جسٹس جمال مندوخیل کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کی

بقیہ سحر 48

گندم کی قیمت 90 روپے سے بڑھ کر 132 روپے فی کلو ہوگئی، یعنی قیمت میں 42 روپے فی کلو اضافہ ہوا۔ 2.5 آٹا 55 روپے اضافے سے 155 روپے، فائن آٹا 45 روپے اضافے سے 157 روپے جبکہ چکی آٹا 45 روپے اضافے سے 180 روپے فی کلو ہوگیا۔

بقیہ سحر 49

کا خیرمقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ثقافتی میلوں کی بحالی کے لیے بہت اچھے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مجھے ذاتی طور پر پنجاب کی شاندار ثقافت کے بارے میں جاننے میں لطف آتا ہے۔ انہوں نے الحمرا آرٹس کونسل کی تزئین وآرائش کے منصوبے کو قابلِ تعریف قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ پنجاب میں بسنت 2027 کے حوالے سے بہت پرجوش ہیں

بقیہ سحر 50

چاہتے تھے تاہم نامکمل سفری دستاویزات اور حکومتی این او سیز نہ ہونے پر مسافروں کو روکا گیا ہے۔ ایف آئی اے نے بتایا کہ مسافروں کے پاس واپسی کے ٹکٹ اور حکومتِ پاکستان کے مطلوبہ این او سیز موجود نہیں تھے، مسافروں کو وزارت مذہبی امور، وزارت خارجہ اور وزارت داخلہ کے این او سیز درکار ہوتے ہیں۔ ایف آئی اے کے مطابق سکھ مسافروں کا تعلق ننکانہ صاحب اور پاکستان کے مختلف شہروں سے ہے۔

بقیہ سحر 51

شخصیات اور مختلف وفود نے ملاقاتیں کیں۔ ملاقات کرنے والوں میں سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ہاسنگ اینڈ ورکس کے چیئرمین سینیٹر ناصر بٹ، کشمیرویمن کمیشن کی رکن ریحانہ خان، معروف فٹ بالر مبشر سنجرانی اور بلوچستان اسمبلی کے رکن میر عاصم کرد گلو سمیت دیگر شخصیات شامل تھیں۔ ملاقاتوں کے دوران مختلف شعبوں سے متعلق امور، عوامی مسائل، مقامی سطح پر گورننس کی بہتری، معاشی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور ملک کو درپیش مختلف چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ حکومت ملک میں کاروباری وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ، معاشی استحکام، گورننس کی بہتری اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لئے موثر اقدامات کر رہی ہے، حکومت کی ترجیح ہے کہ عوام اور تمام متعلقہ سٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر مسائل کا قابلِ عمل اور پائیدار حل تلاش کیا جائے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ سحر 52

بلڈنگ کی اراضی کی منتقلی میں ہونے والی پیش رفت سے بھی گورنر کو آگاہ کیا گیا اور بتایا گیا کہ 26 سیٹیزن فسیلیٹیشن سنٹرز کا جلد ہی افتتاح کیا جائے گا۔ گورنر نے ڈیرہ اسماعیل خان کے بڑے دیہی علاقوں میں نادرا کی سہولیات کا دائرہ وسیع کرنے کی ہدایات جاری کیں انہوں نے کہا کہ عوام کے لیے ہر ممکن سہولیات کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہے اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ملاقات میں کرم میں نادرا کے حوالہ سے عوامی مشکلات کے ازالہ کے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام زونل ہیڈ امیگریشن اینڈ پاسپورٹ نے ملاقات میں گورنر کو صوبہ میں محکمہ پاسپورٹ کی سہولیات کے حوالہ سے بریفنگ دی۔ گورنر کو بتایا گیا کہ نادرا کے تمام دفاتر میں پاسپورٹ کی سہولیات کی فراہمی مرحلہ وار شروع ہوگئی ہے ابتدائی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں جن کا دائرہ کار مرحلہ وار بڑھایا جائے گا۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی دہلیز پر فراہمی انتہائی ضروری ہے۔

بقیہ سحر 53

کی اور ان سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے آتشزدگی سے متاثرہ نرسری وارڈ کا بھی دورہ کیا اور واقعے کے حوالے سے صورتِ حال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نائب صدر کا کہنا تھا کہ ماں باپ کے غم کو کوئی لفظ اور کوئی ہمدردی کم نہیں کرسکتی۔ حمزہ شہباز نے کہا کہ یہ ایسا زخم ہے جسے پوری قوم نے محسوس کیا ہے، میں متاثرہ والدین کا غم بانٹنے اور ان سے اظہار تعزیت کے لیے آیا ہوں، انہوں نے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 54

صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں سینیٹرز سعدیہ عباسی، ثمینہ ممتاز زہری، پلواشہ محمد زئی خان، فیصل سلیم رحمان، جان محمد اور دوست علی جیسر نے شرکت کی، جبکہ استحقاق تحریک کے محرک سینیٹر بلال احمد خان مندوخیل نے بذریعہ زوم اجلاس میں شرکت کی۔ سینیٹ قواعد وضوابط واستحقاق کمیٹی کے اجلاس میں سینیٹر پلواشہ محمد زئی خان کی جانب سے 24 دسمبر 2025ء کو ایوان میں وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان کے خلاف 19 دسمبر 2025ء کو منعقدہ سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کے اجلاس کے دوران مبینہ بدسلوکی کے حوالے سے پیش کی گئی استحقاق تحریک، جو کمیٹی کی 7 اپریل 2026ء کی سفارش کے مطابق زیرغور تھی مؤخر کردی گئی

بقیہ سحر 55

معاہدہ اراضی کی تکمیل کا دعویٰ مسترد کردیا۔ جسٹس مزمل اختر شبیر نے میاں انعام الٰہی اور دیگر کی جانب سے دائر دوسری اپیل پر فیصلہ جاری کیا۔ درخواست گزاروں نے 27 جولائی 1987ء کو 199 کنال 9 مرلہ اراضی کے لیے دس لاکھ روپے کے عوض معاہدہ بیع کیا تھا، جس میں ایک لاکھ روپے بطور بیعانہ ادا کیے گئے تھے۔ درخواست گزاروں کے مطابق باقی رقم ادا کر کے رجسٹری مکمل کی جانی تھی، تاہم فریق مخالف نے معاہدے پر عمل درآمد نہیں کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ معاہدے میں تکمیل کے لیے تین ماہ کی مدت درج تھی، تاہم کوئی مخصوص تاریخ مقرر نہیں کی گئی تھی، اس لیے قانونِ تحدید مدت کے آرٹیکل 113 کے تحت مدت کا آغاز اس وقت ہوا جب درخواست گزاروں کو معاہدے سے انکار کا علم ہوا۔

بقیہ سحر 56

یوان ہوا انڈسٹریل (ایچ جی گروپ) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اینڈی لیاؤ شامل تھے۔ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن سے سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ احمد کمال مان، ایڈیشنل سیکرٹری انور بریار اور آئی ڈیپ کے افسران موجود تھے۔ ملاقات میں ہسپتالوں کی منصوبہ بندی، ڈیزائن اور ہیلتھ کیئر انفراسٹرکچر میں تعاون کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چینی وفد نے صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کو اپنی کمپنیز اور طبی شعبے میں جاری منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ اور مضبوط تعلقات قائم ہیں۔ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی اور انفراسٹرکچر کو عالمی معیار کے مطابق بنانے کے لئے اقدامات جاری ہیں۔ شعبہ صحت میں بہتری حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق حکومت پنجاب شعبہ صحت میں بنیادی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ عوام تک مفت، معیاری اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔

بقیہ سحر 57

کرپشن فری پنجاب کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے حکومت پوری طرح پرعزم ہے تاہم سرکاری اداروں میں کرپشن، اختیارات کے ناجائز استعمال اور شہریوں کے ساتھ ناانصافی کی کوئی گنجائش نہیں۔ صوبائی وزیر قانون نے ہدایت کی کہ انکوائری مکمل ہونے تک متعلقہ ایس ایچ او تھانہ نور شاہ اور محرر کو موجودہ ذمہ داریوں سے ہٹانے کے معاملے پر فوری عملدرآمد کیا جائے تاکہ تحقیقات شفاف انداز میں مکمل ہوسکیں اور کسی قسم کا دباؤ یا اثر انداز ہونے کا امکان نہ رہے۔ رانا محمد اقبال خان نے کہا کہ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح شہریوں کو فوری اور بلاامتیاز انصاف کی فراہمی ہے۔ کسی بھی اہلکار کو اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے، شہریوں کو ہراساں کرنے یا غیرقانونی طور پر کسی شہری کو حراست میں رکھنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ صوبائی وزیر قانون نے مزید کہا کہ محکموں میں موجود کالی بھیڑوں کا خاتمہ حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ جو عناصر اپنے عہدے یا اختیارات کو ذاتی مفادات کے لیے استعمال کرتے ہیں، ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ سحر 58

تفریحی ماحول فراہم کرنے اور بسنت 2027ء کے ثقافتی ایونٹ کو محفوظ بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گی۔

بقیہ سحر 59

کے بعد لیول ون کے حامل کوچز کو دوبارہ یہ کورس کرنا ہوگا۔ خواتین کوچز کے لیے دو الگ لیول ون کوچنگ کورسز بھی منعقد کیے جائیں گے پی سی بی کے مطابق رواں سیزن تمام لیول ون کوچنگ کورسز نیشنل کرکٹ اکیڈمی کے بجائے ملک کے چھ مختلف مقامات پر منعقد ہوں گے۔ لیول ون کوچنگ کورسز کے لیے پی سی بی کے سینئر ڈومیسٹک کوچز کو دو ٹیوٹر ٹریننگ کورسز بھی کروائے جائیں گے تاکہ وہ کوچنگ کورسز کی تربیت مؤثر انداز میں فراہم کرسکیں سکول کرکٹ کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تین شہروں کے سکول کرکٹ کوچز کو بھی پی سی بی لیول ون کوچنگ کورس کروایا جائے گا۔ پی سی بی کے ہائی پرفارمنس سینٹرز سے وابستہ کوچز کے لیے لیول تھری کوچنگ کورس جبکہ ریجنل بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ کوچز کے لیے خصوصی سکلز کورس متعارف کروایا گیا ہے ڈومیسٹک کوچز کے لیے بائیو مکینکس کورسز کے ساتھ آئی ٹی ٹریننگ کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ پی سی بی کے مطابق کوچنگ کے معیار کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور ملک بھر میں کوچز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے مختلف تربیتی پروگرام ترتیب دیے گئے ہیں سیزن 2026-27 میں پہلی پی سی بی کوچنگ کانفرنس بھی منعقد ہوگی، جس میں موجودہ اور سابق کھلاڑیوں، کوچز کے علاوہ کرکٹ فینز کی شرکت بھی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ سحر 60

تعطیلاتی گروپس حتمی تصور ہوں گے، جس کے بعد گروپ یا تعطیلات کے دورانیے میں تبدیلی صرف غیر معمولی حالات میں ممکن ہوگی، تعطیلاتی گروپ میں کسی بھی تبدیلی کے لئے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی منظوری لازمی قرار دی گئی ہے۔

بقیہ سحر 61

کی بانی عائشہ بخش (پرتھ، آسٹریلیا) نے کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے عائشہ بخش نے کہا کہ 1926ء میں ان کے نانا خواجہ محمد بخش کی قائم کردہ آسٹریلیا مسجد محض اینٹ اور پتھر کا ڈھانچہ نہیں بلکہ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ایک صدی پر محیط ایمان، انسانیت، ثقافت، محبت اور لازوال دوستی کی جیتی جاگتی علامت ہے؛ مذہب اور ثقافت انسانوں کو قریب لانے، باہمی احترام اور محبت کو فروغ دینے کا ذریعہ ہیں، جبکہ اس تاریخی وروحانی ورثے کو محفوظ کر کے آئندہ نسلوں تک منتقل کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

بقیہ سحر 62

پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 20 روپے زائد قیمت پر فروخت کیا گیا۔

بقیہ سحر 63

نے عدالت کو بتایا کہ افغان طلبا کے پاس درست ویزے موجود نہیں۔ جسٹس خالد اسحاق نے استفسار کیا کہ داخلہ دیتے ہوئے ایجوکیشن ویزہ کیسے دیا تھا، 4،4 سال ان کی زندگی کے ضائع کردیئے اب واپس بھیج رہے ہیں، پی ایم ڈی سی کو شاہی حکم آیا جس کے بعد نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ وکیل پی ایم ڈی سی نے کہا کہ پوری دنیا کا اصول ہے کہ ویلڈ ویزہ نہ ہوتو آپ رہ نہیں سکتے۔ جسٹس خالد اسحاق نے کہا کہ آپ انکو میڈیکل کی تعلیم مکمل ہونے کے بعد بھیج دیں۔ وکیل نے بتایا کہ سر یہ ریاستی سکیورٹی کا مسئلہ ہے۔

بقیہ سحر 64

باز رہے۔ اس کے نتائج حکومت کو خود بھگتنا پڑیں گے۔ محمد جاوید قصوری نے کہا کہ گزشتہ ایک ماہ کے دوران پٹرول کی قیمتوں میں تقریباً 45 روپے فی لیٹر اضافہ عوام کے ساتھ سراسر زیادتی اور انتہائی تشویشناک اقدام ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا براہِ راست اثر ٹرانسپورٹ، اشیائے ضروریہ، بجلی، صنعت، زراعت اور روزمرہ زندگی کے تمام شعبوں پر پڑتا ہے۔ حکومت کی جانب سے ایک طرف عوام کو ریلیف دینے کے دعوے کیے جاتے ہیں جبکہ دوسری طرف پٹرولیم مصنوعات پر مسلسل اضافی بوجھ ڈال کر مہنگائی میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے نجی دورے کے لئے سرکاری جہاز کا استعمال سے حکومتی کفایت شعاری کی دھجیاں آڑ گئیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غریب اور متوسط طبقہ پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور کم آمدن کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہے۔ پٹرول کی قیمت میں معمولی اضافہ بھی عام شہری کے گھریلو بجٹ کو متاثر کرتا ہے، جبکہ 45 روپے کے قریب اضافہ عوام کے لیے ناقابلِ برداشت بوجھ ہے۔ حکومت کو عوام کی مشکلات کا احساس کرنا ہوگا

بقیہ سحر 65

20 کلو آٹے کے مزید 131,956 تھیلے بھی فراہم کیے گئے۔ آٹے کی مجموعی سپلائی میں 10 کلو کے 829,118 بیگ شامل ہیں۔ ترجمان فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن پنجاب نے کہا کہ حکومت پنجاب عوام کو معیاری آٹے کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ آٹے کی دستیابی اور قیمتوں پر مسلسل نظر رکھی جارہی ہے تاکہ شہریوں کو مقررہ قیمت پر معیاری آٹا باآسانی دستیاب رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبہ بھر میں آٹے کی سپلائی کے عمل کی مسلسل مانیٹرنگ جاری ہے اور فلور ملز کی کارکردگی سمیت مارکیٹ میں آٹے کی دستیابی کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کیا جارہا ہے۔ محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن پنجاب عوام کو آٹے کی وافر اور بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ سحر 66

15 جولائی 2026 تک الیکشن شیڈول کو حتمی شکل دینا ضروری تھا، جس کے پیش نظر 13 جولائی 2026 کو ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ میں انتخابات کے لیے مناسب مقام سمیت الیکشن شیڈول کو حتمی شکل دی گئی۔ اسی موقع پر الیکشن کمشنرز کا تقرر بھی عمل میں لایا گیا، جن میں الیکشن کمیشن میں ملک خالد گوجر کے ساتھ شیخ سجاد افضل اور شاہد بیگ شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن نے شفاف اور قابلِ اعتماد انتخابی عمل کو یقینی بنانے کے لیے وفاقی وزیرتجارت جام کمال خان اور ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز (DGTO) بلال پاشا کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات پر خصوصی شکریہ اور خراجِ تحسین پیش کیا۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ انتخابات کو زیادہ شفاف، ٹیکنالوجی پر مبنی بنانے کے لیے وزارتِ تجارت اور ڈی جی ٹی او نے پاکستان سنگل ونڈو (PSW) کے تحت ایک آن لائن پورٹل قائم کیا ہے،

بقیہ سحر 67

کی، دورانِ سماعت پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم اینڈ ڈی سی) کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ افغان طلبہ کے پاس مطلوبہ دستاویزات موجود نہیں ہیں۔ پی ایم اینڈ ڈی سی کے وکیل نے کہا کہ دنیا بھر میں اصول ہے کہ درست ویزے کے بغیر کسی شخص کو قیام کی اجازت نہیں دی جاتی۔ جسٹس خالد اسحاق نے استفسار کیا کہ جب ان طلبہ کو میڈیکل کالجز میں داخلہ دیا گیا تو انہیں تعلیمی ویزے کیسے جاری کیے گئے؟ عدالت نے یہ سوال بھی اٹھایا کہ چار سال تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد طلبہ کو واپس بھیجنے کا فیصلہ کیسے کیا گیا جبکہ ان کے خلاف کسی اقدام سے قبل انہیں سنا جانا چاہئے تھا۔ پی ایم اینڈ ڈی سی کے وکیل نے معاملے کو ریاستی سلامتی سے متعلق قرار دیتے ہوئے امریکہ میں ویزا قوانین کی مثال دی اور کہا کہ امریکہ میں بھی درست ویزے کے بغیر قیام نہیں کیا جا سکتا۔ جسٹس خالد اسحاق نے ریمارکس دیئے کہ افغان طلبہ کو اپنی میڈیکل تعلیم مکمل کرنے کے بعد واپس بھیجا جا سکتا ہے، عدالت نے ریاستی سلامتی سے متعلق موقف مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس معاملے میں ریاستی سلامتی کا کوئی مسئلہ نہیں۔

بقیہ سحر 68

تقریباً 2 ہزار مربع میٹر رقبے پر پروسیسنگ پلانٹ قائم کیا ہے جبکہ چینی آلات فراہم کرنے والی کمپنیوں سے جدید مشینری کی فراہمی کے حوالے سے بات چیت جاری ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق پاکستان نے 2026 کے پہلے سات ماہ میں چین کو 103,340 ٹن تل کے بیج برآمد کیے جن کی مالیت 105.29 ملین ڈالر رہی۔ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں برآمدی مقدار میں 110.8 فیصد جبکہ برآمدی مالیت میں 72.2 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ آئی ایم جی سی کے چین میں نمائندے وانگ لی کے مطابق کمپنی صرف صاف شدہ تل کے بیج برآمد کرنے کے بجائے پاکستان میں ہی تل سے کھانے کا تیل، تل کا پیسٹ اور دیگر ویلیو ایڈڈ مصنوعات تیار کرے گی جس سے خام زرعی پیداوار کے بجائے زیادہ تجارتی قدر کی مصنوعات برآمد کی جاسکیں گی۔ پلانٹ میں چین سے حاصل کردہ جدید پروسیسنگ آلات استعمال کیے جائیں گے۔ اعداد وشمار کے مطابق پاکستان کی موجودہ تل کی ویلیو ایڈڈ برآمدات انتہائی محدود ہیں۔ ورلڈ بینک کے ڈیٹا کے مطابق 2024 میں تل کے تیل اور متعلقہ مصنوعات کی مجموعی برآمدات صرف 228,470 ڈالر یعنی تقریباً 25.7 ٹن رہی تھیں جن کا تقریباً تمام حصہ چین کو برآمد کیا گیا۔

بقیہ سحر 69

رچیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ دنیا میں اہم معدنیات کے حصول کی بڑھتی ہوئی دوڑ پاکستان کیلئے برآمدات، غیر ملکی سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی کے نئے مواقع پیدا کر رہی ہے، پاکستان اپنی وسیع معدنی صلاحیت کو موثر پالیسی، جدید ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری کے ذریعے معاشی ترقی کا اہم ذریعہ بنا سکتا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر تانبے، سونے، کرومائٹ اور دیگر اہم معدنیات کی طلب میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ برقی گاڑیوں، قابل تجدید توانائی، سیمی کنڈکٹرز اور جدید ٹیکنالوجی کی صنعتیں ان وسائل پر تیزی سے انحصار کر رہی ہیں۔ پاکستان میں معدنی ذخائر کی وسیع صلاحیت موجود ہے تاہم اس شعبے کی مکمل استعداد سے فائدہ اٹھانے کیلئے جدید ارضیاتی تحقیق، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریکوڈک سمیت بڑے معدنی منصوبے پاکستان کو عالمی معدنی سپلائی چین میں نمایاں مقام دلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

بقیہ سحر 70

گارڈین کو ہمراہ لاسکتے ہیں۔ لاہور ٹریفک پولیس کے مطابق اب تک ایک لاکھ 72 ہزار سے زائد موٹرسائیکل ڈرائیونگ لائسنس جبکہ 6 ہزار 546 جووینائل پرمٹس جاری کیے جاچکے ہیں۔ سکوٹی ٹریننگ سکولز آبشار ڈرائیونگ سکول، لبرٹی خدمت مرکز اور گریٹر اقبال پارک کے علاوہ ٹریفک پولیس لائنز مناواں اور ایل او ایس فیروزپور روڈ پر بھی قائم کیے گئے ہیں۔ سی ٹی او سید عبدالرحیم شیرازی کے مطابق ایل او ایس فیروزپور روڈ پر صرف خواتین کو مفت سکوٹی چلانے کی تربیت فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ سحر 71

سیلنگ کا عمل بھی ڈیجیٹل کردیا گیا ہے اور تمام نوٹسز کیو آر کوڈ پر مبنی کردیئے گئے ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے کے مطابق فیلڈ عملہ شہریوں کو کیو آر کوڈ پر مبنی کارڈ دکھانے کا پابند ہوگا، جلد ہی ایل ڈی اے کی فیلڈ ٹیموں کو باڈی کیمز بھی پہنائے جائیں گے جبکہ ایل ڈی اے کا نام استعمال کرنے والے نجی افراد اور فرمز کے خلاف مقدمات درج کرائے جارہے ہیں۔ تمام ٹیکنیکل سیکشنز کی کارپوریٹ طرز پر اپ گریڈیشن کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ان کے مطابق غیرقانونی کمرشل سرگرمیوں کی روک تھام اور غیرقانونی تعمیرات کی مانیٹرنگ بھی سنٹر سے کی جائے گی دورے کے موقع پر ایڈیشنل ڈی جی ہیڈکوارٹرز، چیف ٹاؤن پلانرز، چیف آئی ٹی آفیسر اور چیف میٹروپولیٹن پلانرز بھی موجود تھے۔

بقیہ سحر 72

پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے کہا کہ نوزائیدہ بچوں سمیت تمام مریضوں کی حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ہسپتال میں فائر سیفٹی کے تمام ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جارہا ہے انہوں نے بتایا کہ این این یو میں ہنگامی اخراج کے لیے فائر سیفٹی ایگزٹ ڈور، مکمل فائر کٹس، جدید فائر ایکسٹنگوشرز، فائر بالز، فائر بلینکیٹس اور فائر ماسکس کی تنصیب مکمل کرلی گئی ہے جبکہ سموک الارمز اور آکسیجن سینسرز بھی 24 گھنٹے فعال ہیں پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین نے کہا کہ بائیومیڈیکل اور الیکٹریکل ڈیپارٹمنٹس کے انجینئرز طبی وبرقی آلات کی باقاعدگی سے جانچ اور مانیٹرنگ کر رہے ہیں تاکہ کسی بھی ممکنہ تکنیکی خرابی یا شارٹ سرکٹ کے خطرے کا بروقت تدارک کیا جاسکے ہنگامی اخراج کے راستوں کا روزانہ معائنہ کیا جاتا ہے اور سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے 24 گھنٹے نگرانی بھی جاری ہے

بقیہ سحر 73

کیٹیگریز کی کھلاڑی شامل ہوں گی۔ پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر سے کھلاڑیوں کو کیمپ کا حصہ بنایا جائے گا پاکستان ہاکی فیڈریشن کے مطابق اکتوبر کے بعد یہی انٹرنیشنل کوچنگ پینل جنوری میں ویمنز کھلاڑیوں کے تربیتی کیمپ کی نگرانی کرے گا۔ بعدازاں منتخب کھلاڑیوں کو ہالینڈ کا دورہ بھی کرایا جائے گا، جہاں وہ مختلف کلب ٹیموں کے خلاف میچز کھیل کر بین الاقوامی تجربہ حاصل کریں گی کیمپ کے لیے کھلاڑیوں کے حتمی نام پاکستان ویمنز ونگ اور صوبائی ویمنز ہاکی ایسوسی ایشنز کی مشاورت سے طے کیے جائیں گے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کا کہنا ہے کہ کیمپ کا مقصد خواتین کھلاڑیوں کو مساوی مواقع فراہم کرنا، انہیں عالمی سطح کے مقابلوں کے لیے تیار کرنا اور جدید ملکی وغیر ملکی کوچنگ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستان میں ویمنز ہاکی کو نئی بلندیوں تک پہنچانا ہے۔

Azma Zahid Bokhari

لاہور: وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کو برطانوی ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن کو یادگاری تحفہ پیش کر رہی ہیں

30 ستمبر کے بعد فائر سیفٹی ایس او پیز پر عمل نہ کرنے والی بلند عمارتیں سیل کر دی جائیں گی

خواجہ سلمان رفیق

ایمرجنسی سروسز میں بہتری لانے کیلئے 256 ایمبولینسز کا اضافہ کیا گیا ہے، ایئر ایمبولینس اور موٹر وے پر ایمرجنسی سروسز کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو جاتا ہے

ملٹی اسٹوری عمارتوں میں فائر اسپرنکلر سسٹم مؤثر فائر سیفٹی کا اہم ذریعہ ہے، ورلڈ فرسٹ ایڈ ڈے کے موقع پر پنجاب کے تمام ریسکیو 1122 اسٹیشنز پر فرسٹ ایڈ ٹریننگ کی سہولت دستیاب ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق محکمہ ایمرجنسی سروسز میں جدید ریفارمز لا رہے ہیں، پنجاب میں فائر سیفٹی پر ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، 30 ستمبر تک پنجاب کی تمام بلند و بالا عمارات کو ایس او پیز کے مطابق اقدامات کرنے کا وقت دیا جا رہا ہے، 30 ستمبر کے بعد ایس او پیز پر عمل درآمد نہ کرنے والی بلند و بالا عمارات کو سیل کر دیا جائے گا اور مالکان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایمرجنسی ہیڈکوارٹرز میں فائر سیفٹی کے حوالہ سے اہم پریس کانفرنس (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 33)

NATIONAL
ESS CLU
AMABA

اسلام آباد: نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کے رہنما فواد حسین چوہدری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جنگِ ستمبر کا گیارہواں دن؛ پاک فوج کی منہ توڑ جوابی کارروائی سے دشمن پسپا

بھارتی فوج کو ابتدائی حملوں میں شکست دینے کے بعد پاک افواج کے حوصلے اور عزم مزید بلند ہو گئے

چھمب سیکٹر پر پاکستانی فوج نے دیوا کے شمال میں موجود بھارتی فوجی چوکی پر قبضہ کر لیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ستمبر 1965 کی جنگ کے گیارہواں روز پاک فوج کی منہ توڑ جوابی کارروائی سے دشمن بھاری نقصان کے ساتھ پسپا ہوا۔ بھارتی فوج کو ابتدائی حملوں میں شکست دینے کے بعد پاک افواج کے حوصلے اور عزم مزید بلند ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق افواج پاکستان منظم ہو کر دشمن پر ڈٹ کر جوابی کارروائیوں اور بھرپور حملوں کے لیے مکمل تیار ہو گئی۔ پاکستان کی مسلح افواج کے یکے بعد دیگرے کامیاب حملوں سے بھارتی افواج کے سینئر افسران کے قدم ڈگمگا گئے۔ بھارتی سینئر افسران پست حوصلوں کے ساتھ اس کشمکش میں مبتلا ہو گئے کہ محض کشمیر کو جواز بنا کر اتنی بڑی جنگ کا مقصد کیا ہے؟ بھارتی فوج کے فورتھ مانٹین ڈویژن، 2nd Independent آرمڈ بریگیڈ گروپ اور ایک (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 43)

گلگت بلتستان کے آئینی و قانونی معاملات پر مشاورت کا عمل جاری

وزیر قانون کی زیر صدارت اجلاس، جی بی کے آئینی، قانونی، مالی اور انتظامی امور پر تفصیلی غور

انتظامی و آئینی انتظام پر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے گا، وزیر قانون

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے آئینی و قانونی معاملات پر مشاورت کا عمل جاری ہے، مستقبل کے انتظامی و آئینی انتظام پر وسیع مشاورت کی جائے گی اور تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ وزیر قانون نے آئندہ اجلاس میں وزیر اعلیٰ اور قائد حزب اختلاف گلگت بلتستان کو بھی مدعو کر لیا۔ جمعہ کو یہاں وزارت قانون و انصاف میں وفاقی وزیر قانون و انصاف کی زیر صدارت جی بی ایشوز ورکنگ گروپ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں گلگت بلتستان، وزارتِ دفاع، وزارتِ خارجہ، وزارتِ امورِ کشمیر و گلگت بلتستان اور گلگت بلتستان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 45)

sealants around cables
Servic
nent of

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پریس کانفرنس کرتے ہوئے

رواں برس اگست دنیا کا گرم ترین مہینہ قرار، اگست کا درجہ حرارت صنعتی دور سے قبل 1850 سے 1900 کے اوسط کے مقابلے میں 1.65 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اگست 2026 عالمی سطح پر ریکارڈ کیا جانے والا مشترکہ طور پر گرم ترین مہینہ بن گیا جب دنیا کے اوسط درجہ حرارت نے جولائی 2023 کے سابقہ ریکارڈ کو بھی چھو لیا۔ تفصیلات کیمطابق یورپی یونین کی موسمیاتی نگرانی سروس کوپرنیکس کے مطابق اگست میں عالمی اوسط سطحی درجہ حرارت 16.96 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جو 1991 سے 2020 کی اوسط (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 42)

واپڈا نے دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتِ حال بارے اعداد و شمار جاری کر دیئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) واٹر اینڈ پاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (واپڈا) نے دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتِ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 44)

پرائیویٹ عازمین حج کی رجسٹریشن اور بکنگ کا عمل پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے 20 نومبر تک جاری رہے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پرائیویٹ عازمین حج کی رجسٹریشن اور بکنگ کا عمل پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے 20 نومبر تک جاری رہے گا۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق عازمین حج کی آسانی کے لیے تین اقساط میں ادائیگی کی سہولت فراہم کی گئی ہے، ادائیگی صرف پاک (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 46)

غیر قانونی ٹرانسپلانٹ، رشتہ دار گردہ دینے کو تیار نہیں ہوتے، مریض مر رہا ہو تو کیا کرے؟ سپریم کورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے گردوں کے مبینہ غیر قانونی ٹرانسپلانٹ میں ملوث ڈاکٹر نادر کی ضمانت منظور کر لی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 47)

عوام کیلئے روٹی بھی مہنگی، آٹے کا 50 کلو تھیلا 8 ہزار روپے تک پہنچ گیا

سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور پنجاب میں آٹا مہنگا ہو چکا ہے جس سے کسان اور صارف دونوں متاثر ہو رہے ہیں، صدر کسان اتحاد

ناقص ذخیرہ کاری کے باعث گندم میں نمی اور کیڑوں کا خطرہ بڑھ جاتا ہے، جس سے اس کی برآمدی قدر کم ہو جاتی ہے، ماہرین کی گفتگو

کراچی (بیورو رپورٹ) گزشتہ سال گندم کی بھرپور پیداوار کے باوجود ملک میں آٹا مسلسل مہنگا ہونے لگا اور بعض علاقوں میں 50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 8 ہزار روپے تک پہنچ گئی جبکہ پاکستان کی غیر جینیاتی طور پر تبدیل شدہ (نان جی ایم) گندم عالمی منڈی میں پریمیم کے بجائے رعایتی نرخ پر فروخت ہو رہی ہے۔ بدانتظامی، کمزور سپلائی چین اور گندم ذخیرہ کرنے کے ناقص نظام کے باعث ایک طرف مقامی صارفین مہنگا آٹا خریدنے پر مجبور ہیں تو دوسری جانب پاکستانی گندم کو عالمی منڈی میں معیار کے خطرے کے باعث کم قیمت مل رہی ہے۔ کراچی کی ہول سیل مارکیٹ میں گزشتہ 4 ماہ کے دوران (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 48)

الیکشن کمیشن کی اولین ترجیح انتخابات کا شفاف کرانا ہے، صدر چیمبر آف کامرس

قانون کے مطابق 15 جولائی 2026 تک الیکشن شیڈول کو حتمی شکل دینا ضروری تھا

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے الیکشن کمیشن نے انتخابات کے انتظامات کے حوالے سے ممبران کو باضابطہ بریفنگ دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ الیکشن کمیشن کی اولین ترجیح انتخابات کا شفاف، منظم، پُرامن اور قانون کے مطابق انعقاد ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ضروری انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے ممبران کو بتایا گیا کہ قانون کے مطابق (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 66)

SEP. 10, 2026
Strategic Partners
Authoritative Speakers
Relevant Audience
Meaningful Connections
Future-Focused Outcomes
Education
Chamber of Commerc
ustry
PRESIDENT
CHIEF GUEST

لاہور چیمبر کے صدر کا الیکشن کے حوالے سے ہونے والے اجلاس میں گروپ فوٹو

لاہور ہائیکورٹ نے افغان میڈیکل طلبہ کو بے دخل کرنے سے روک دیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب کے تمام میڈیکل کالجز کو افغان طلبہ کو بے دخل کرنے سے روک دیا، عدالت نے یہ حکم 30 سے زائد افغان طلبہ کی جانب سے اپنی بے دخلی کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت کے دوران دیا۔ جسٹس خالد اسحاق نے افغان طلبہ کی درخواستوں پر سماعت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 67)

پاکستانی تل کی بڑھتی طلب کے پیش نظر تل کی ویلیو ایڈڈ مصنوعات تیار کر کے چینی مارکیٹ میں برآمد کرنے کا منصوبہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) چین میں پاکستانی تل کی بڑھتی طلب کے پیش نظر انٹرنیشنل ملٹی گروپ آف کمپنیز نے پاکستان میں تل کی ویلیو ایڈڈ مصنوعات تیار کر کے چینی مارکیٹ میں برآمد کرنے کا منصوبہ تیار کر لیا، اس مقصد کے لیے گروپ نے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 68)

ریکوڈک جیسے منصوبے پاکستان کو عالمی سپلائی چین میں نمایاں مقام دلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں، خادم حسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 69)

طلبہ کیلئے ای بائیکس سکیم، سکوٹی ڈرائیونگ سکولز اور جین زی کاؤنٹرز قائم

خواتین کو ایل او ایس فیروز پور روڈ پر مفت سکوٹی ٹریننگ، لائسنس کے حصول کیلئے بھی سہولت فراہم کر دی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طلبہ و طالبات کے لئے ای بائیکس سکیم کے تحت سہولیات میں اضافہ کر دیا گیا۔ لاہور ٹریفک پولیس کی جانب سے طلبہ و طالبات کو سکوٹی چلانے کی تربیت اور ڈرائیونگ لائسنس کے حصول میں آسانی فراہم کرنے کے لئے نئے سکوٹی ڈرائیونگ سکولز اور جین زی کاؤنٹرز قائم کر دیئے گئے ہیں۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کی ہدایت پر طلبہ و طالبات کی سہولت کے لئے 5،5 ڈرائیونگ ٹریننگ سکولز قائم کیے گئے ہیں جبکہ تمام لائسنس سینٹرز میں جین زی کاؤنٹرز بھی بنائے گئے ہیں۔ سکوٹی لائسنس کے حصول کیلئے طلبہ و طالبات شناختی کارڈ یا ب فارم کے ساتھ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 70)

پنجاب حکومت کے احکامات پر عملدرآمد، جنرل ہسپتال کے این این یو میں فائر سیفٹی کے فول پروف انتظامات مکمل

لاہور (سٹاف رپورٹر) حکومت پنجاب کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے لاہور جنرل ہسپتال کے نیونیٹل نیورولوجی یونٹ (این این یو) میں فائر سیفٹی اور کسی بھی ناگہانی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کیلئے فول پروف حفاظتی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں نوزائیدہ بچوں کی جان و مال کے تحفظ کو اولین ترجیح دیتے ہوئے یونٹ میں جدید حفاظتی آلات اور ہنگامی نظام فعال کر دیا گیا ہیمیڈیکل سپرنٹنڈنٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 72)

ایل ڈی اے کی سروسز ڈیجیٹل، فیلڈ ٹیموں کو جلد باڈی کیمز دینے کا فیصلہ

ایل ڈی اے کا نام استعمال کرنے والے نجی افراد اور فرمز کے خلاف مقدمات درج کرائے جا رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ایل ڈی اے اربن پلاننگ اینڈ ڈیزائن سنٹر کا دورہ کیا، جہاں ایڈیشنل ڈی جی ہیڈکوارٹرز اور چیف ٹاؤن پلانرز نے انہیں بریفنگ دی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ سنٹر میں ٹاؤن پلاننگ اور ماسٹر پلاننگ کے افسران ایک ہی جگہ تعینات ہوں گے جبکہ ایل ڈی اے مرحلہ وار اپنی تمام سروسز ای بز پر منتقل کر رہا ہے، شہریوں کو نقشے کی منظوری اور دیگر سروسز کے لیے ایل ڈی اے آنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ ایل ڈی اے کا سیلنگ اور ڈی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 71)

ویمنز ہاکی کو نئی اڑان دینے کی تیاری، اسلام آباد میں قومی کیمپ کا اعلان

150 کھلاڑیوں کو عالمی معیار کی تربیت، ڈچ کوچ رچرڈ اسنائیر کی نگرانی میں 10 روزہ کیمپ، منتخب کھلاڑیوں کا ہالینڈ ٹور بھی ہوگا

کیمپ کا مقصد خواتین کھلاڑیوں کو مساوی مواقع فراہم کرنا اور جدید ملکی و غیر ملکی کوچنگ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستان میں ویمنز ہاکی کو نئی بلندیوں تک پہنچانا ہے، پاکستان ہاکی فیڈریشن

لاہور (محمد عاصم راجہ سے) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی کی ہدایت پر ملک میں ویمنز ہاکی کے فروغ اور ترقی کے لیے قومی ویمنز ہاکی ٹریننگ کیمپ 7 سے 17 اکتوبر 2026 تک نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم، پاکستان اسپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں منعقد ہوگا دس روزہ خصوصی تربیتی کیمپ کی نگرانی انٹرنیشنل ڈچ کوچ رچرڈ اسنائیر اور ان کے دو معاون انٹرنیشنل کوچز کریں گے۔ غیر ملکی کوچز قومی کھلاڑیوں کو جدید بین الاقوامی ہاکی کی تکنیک، کھیل کے جدید طریقہ کار اور عالمی معیار کی تربیت فراہم کریں گیکیمپ میں ملک بھر سے 150 منتخب ویمنز کھلاڑی شریک ہوں گی، جن میں سینئر، انڈر 21 اور انڈر 18 (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 73)

لاہور: ڈی جی سپورٹس محمد طارق قریشی نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں سی ایم پنجاب چیمپئن کے مردوں اور خواتین کے فائنل میچز کے انتظامات بارے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

جنگ ستمبر 1965، دشمن کے دانت کھٹے کرنے والے عظیم شہدا کو قوم کا سلام

لیفٹیننٹ کرنل عبدالرحمان، میجر ضیاالدین احمد عباسی اور لیفٹیننٹ حسین شاہ کا نام تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جائیگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جنگ ستمبر 1965 میں دشمن کو ناکوں چنے چبوانے والے شہدا کو قوم کی جانب سے سلام پیش کیا گیا ہے۔ 1965 کی جنگ کے دوران جری جانبازوں کی قربانیوں کا سلسلہ جاری رہا۔ جنگ کے 11 ویں روز لیفٹیننٹ کرنل عبدالرحمان، میجر ضیا الدین احمد عباسی اور لیفٹیننٹ حسین شاہ دشمن کیخلاف جوانمردی سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔ لیفٹیننٹ کرنل عبدالرحمان سیالکوٹ کے محاذ پر کمانڈنگ آفیسر تھے جہاں ٹینکوں کی شدید لڑائی ہوئی۔ اسی اثنا میں لیفٹیننٹ کرنل عبدالرحمان دشمن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 35)

بلوچستان کے ضلع سوراب کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کیلئے گرینڈ کھلی کچہری

خواتین کی جانب سے بجلی، گیس، تعلیم، صحت اور صاف پانی سمیت مختلف مسائل پیش

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے ضلع سوراب کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کے لیے گرینڈ کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر سوراب صاجزادہ نجیب اللہ نے کی۔ کھلی کچہری میں ایف سی بلوچستان 61 ونگ کے کمانڈر کرنل سید فخر رفیق طلحہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی، اسسٹنٹ کمشنر اکبر علی، ڈی ایس پی بلاول سمیت مختلف محکموں کے ضلعی افسران نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں اساتذہ، طالبات اور سیکڑوں خواتین نے شرکت کی اور اپنے مسائل ضلعی انتظامیہ کے سامنے پیش کیے۔ خواتین کی جانب سے بجلی، گیس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP)، بینظیر انکم (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 40)

حنا جاوید قتل کیس، اہلخانہ کا پولیس تفتیش پر تحفظات کا اظہار

اہل خانہ کو خدشہ ہے کہ حنا قتل کیس میں سچ چھپانے کی کوشش کی جارہی ہے، حنا جاوید کے بھائی کا چیئرمین قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو خط

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حنا جاوید قتل کیس میں اہل خانہ نے پولیس تفتیش پر تحفظات کا اظہار کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق حنا جاوید کے بھائی نے چیئرمین قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو خط لکھ دیا۔ متاثرہ فیملی نے وزارتِ قانون اور پارلیمنٹ کی کاکس کمیٹی کو بھی خط بھیج دیا۔ خط میں تفتیش ایف آئی آر کے مطابق نہ کیے جانے کے خدشے کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ اہل خانہ کو خدشہ ہے کہ حنا قتل کیس میں سچ چھپانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ خط میں لکھا کہ تفتیش کا رخ اصل ملزم کے بجائے گھریلو ملازم کی جانب موڑا جا رہا ہے، کیس کے اہم شواہد کو درست طریقے سے محفوظ نہیں کیا گیا۔ خط میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 41)

پنجاب میں تھیٹر کی بحالی وزیر اعلیٰ مریم نواز کا مشن ہے، عظمیٰ بخاری

الحمراء کے تھیٹر ڈراموں میں خاندانوں کی بھرپور شرکت تھیٹر کی عوامی پذیرائی کا ثبوت ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری سے برطانوی ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پنجاب میں ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ، تھیٹر کی بحالی، محفوظ بسنت اور پاکستان و برطانیہ کے درمیان ثقافتی روابط مزید مستحکم کرنے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پنجاب کے سیکرٹری اطلاعات سید طاہر رضا ہمدانی اور برطانوی ہائی کمیشن کے سینئر پولیٹیکل ایڈوائزر اویس شاہ بھی موجود تھے۔ برطانوی ہائی کمیشن لاہور کے سربراہ بین وارنگٹن نے ثقافتی شعبے میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اقدامات کو سراہا اور پنجاب میں محفوظ بسنت میلے کے کامیاب انعقاد (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 49)

Mr. M. Shahid Baig
Election Commission

لاہور: چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات کے الیکشن کمیشن کے ممبران بریفنگ دے رہے ہیں

صوبائی وزیر قانون کا ساہیوال میں مبینہ رشوت طلبی کے واقعہ کا نوٹس

انکوائری مکمل ہونے تک متعلقہ ایس ایچ او تھانہ نورشاہ اور محرر کو موجودہ ذمہ داریوں سے ہٹایا جائے، رانا محمد اقبال خان

محکموں میں موجود کالی بھیڑوں کا خاتمہ حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا محمد اقبال خان نے ضلع ساہیوال کے تھانہ نور شاہ میں شہری سے مبینہ طور پر رشوت طلب کیے جانے کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او ساہیوال سے فوری رپورٹ طلب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ معاملے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے شفاف، غیر جانبدارانہ اور میرٹ پر مبنی انکوائری کی جائے اور حقائق سامنے لائے جائیں۔ رانا محمد اقبال خان نے اینٹی کرپشن کی بروقت کارروائی پر متعلقہ ٹیم کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 57)

بسنت کی تیاریاں، پتنگ سازی کے لائسنسز کی تصدیق تیز کرنے کا حکم

ہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو مینوفیکچررز کی فیلڈ ویریفکیشن کے لیے متحرک کر دیا گیا ہے

غیر قانونی مواد تیار کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

لاہور (کورٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے بسنت 2027ء کے ثقافتی ایونٹ کو محفوظ بنانے کے لیے پتنگ سازی کے مینوفیکچرنگ لائسنسز کی تصدیق کا عمل تیز کرنے کی ہدایت کر دی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق 5 ستمبر سے پتنگ سازی کے مینوفیکچرنگ لائسنسز کے لیے رجسٹریشن کا عمل جاری ہے جبکہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو مینوفیکچررز کی فیلڈ ویریفکیشن کے لیے متحرک کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی ہے کہ اسسٹنٹ کمشنرز مینوفیکچررز کے کوائف کی جانچ اور مقامات کے معائنے کا عمل فوری مکمل کریں۔ صرف ان مینوفیکچررز کو لائسنس جاری کیے جائیں گے جو تمام قانونی تقاضے اور مقررہ معیار پورا کریں گے۔ کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے کہا کہ لائسنسنگ کے عمل میں مکمل شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا جبکہ کسی بھی مینوفیکچرر کو مقررہ معیار پر سمجھوتے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر قانونی مواد تیار کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ شہریوں کو محفوظ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 58)

لاہور ہائیکورٹ، ججز کی تعطیلات سے متعلق نئی گائیڈ لائنز اور ایس او پیز جاری

موسمِ گرما میں ججز 3 جبکہ سرمائی تعطیلات میں 2 گروپس میں تقسیم ہوں گے، ہنگامی مقدمات کیلئے ججز کی دستیابی یقینی بنانے کا فیصلہ

لاہور (کورٹ رپورٹر) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کے حکم پر ججز کی موسمِ گرما اور موسمِ سرما کی تعطیلات کے لئے پہلی مرتبہ نیا میکنزم تیار کر لیا گیا، لاہور ہائیکورٹ نے ججز کی تعطیلات سے متعلق نئی گائیڈ لائنز اور ایس او پیز جاری کر دیئے ہیں۔ نئی پالیسی کا مقصد تعطیلات کے دوران ججز کی دستیابی یقینی بنانا اور فوری و ہنگامی نوعیت کے مقدمات کی سماعت کا سلسلہ جاری رکھنا ہے، نئی گائیڈ لائنز کے تحت موسمِ گرما کی تعطیلات کے لیے ججز کو تین گروپس میں تقسیم کیا جائے گا جبکہ ہر گروپ میں ججز کی تعداد حتی الامکان برابر رکھی جائے گی اور سینئر و جونیئر ججز کا مناسب امتزاج یقینی بنایا جائے گا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ موسم گرما کے لئے تین تعطیلاتی گروپس تشکیل دیں گی، ججز کو تعطیلاتی گروپس اور ان کے دورانیے سے ہر سال جنوری کے اختتام تک آگاہ کیا جائے گا، تعطیلات کے دورانیے میں تبدیلی یا دوسرے جج سے گروپ تبدیل کرنے کی درخواست فروری کے اختتام تک دی جا سکے گی۔ یکم مارچ سے موسمِ گرما کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 60)

لاہور ہائیکورٹ نے تمام میڈیکل کالجز کو افغان طلبا کو نکالنے سے روک دیا

ایجوکیشن ویزہ کیسے دیا، 4، 4 سال زندگی کے ضائع کر دیئے اب واپس بھیج رہے ہیں، جسٹس خالد اسحاق

افغان طلبہ کو تعلیم مکمل کرنے کے بعد واپس بھیجا جائے، جسٹس خالد اسحاق کے سماعت کے دوران ریمارکس

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب کے تمام میڈیکل کالجز کو افغان طلبہ کے اخراج اور پیپرز منسوخ کرنے سے روکتے ہوئے حکم دیا ہے کہ طلبہ کو تعلیم مکمل کرنے کے بعد واپس بھیجا جائے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس خالد اسحاق نے افغان میڈیکل طلبا کو کالجز سے نکالنے کے خلاف درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ جسٹس خالد اسحاق نے 30 سے زائد افغان طلبا کی درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے پنجاب کے تمام میڈیکل کالجز کو افغان طلبا کو نکالنے سے روک دیا۔ وکیل پی ایم ڈی سی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 63)

پنجاب بھر میں آٹے کی فراہمی کا سلسلہ معمول کے مطابق جاری ہے، ترجمان محکمہ فوڈ

پنجاب بھر میں مجموعی طور پر 8 لاکھ 29 ہزار 118 تھیلے آٹا سپلائی، دستیابی اور قیمتوں کی کڑی نگرانی جاری ہے

صوبہ بھر میں آٹے کی سپلائی کے عمل کی مسلسل مانیٹرنگ جاری ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ترجمان محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن پنجاب نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں آٹے کی فراہمی کا سلسلہ معمول کے مطابق جاری ہے اور مارکیٹ میں آٹے کی کسی قسم کی شارٹیج نہیں ہے۔ 10 ستمبر 2026 تک پنجاب میں سرکاری گندم سے تیار کردہ آٹے کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق پنجاب کی فلور ملز سرکاری گندم گرائنڈ کر کے 10 کلو آٹے کا تھیلا 1100 روپے میں فراہم کر رہی ہیں۔ صوبہ بھر میں آٹے کی وافر دستیابی یقینی بنانے کے لیے فلور ملز معمول کے مطابق فعال ہیں جبکہ آٹے کی سپلائی، دستیابی اور قیمتوں کی صورتحال پر محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن پنجاب کی جانب سے مسلسل کڑی نگرانی کی جا رہی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ پنجاب بھر میں 10 کلو آٹے کے 222,737 تھیلے جبکہ 20 کلو آٹے کے 342,469 تھیلے سپلائی کیے گئے۔ اسی طرح صوبے بھر میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 65)

شیری رحمٰن کا بچوں کیخلاف بڑھتے زیادتی کے کیسز پر اظہارِ تشویش

89 فیصد کیسز کا کیس درج ہونا اچھا ہے، فوری تفتیش اور بروقت کارروائی بھی ضروری ہے، نائب صدر پیپلز پارٹی

بچوں سے زیادتی کے ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں، ہر کیس کو مثال بنایا جائے اور ملزمان کو عبرتناک سزا دی جائے، بیان

اگر ہم معصوم بچوں کو تحفظ نہیں دے سکتے تو یہ نظام کی سب سے بڑی ناکامی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمٰن نے بچوں کے خلاف بڑھتے زیادتی کے کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بچوں سے زیادتی کے ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں، ہر کیس کو مثال بنایا جائے اور ملزمان کو عبرتناک سزا دی جائے۔ شیری رحمٰن نے اپنے بیان میں کہا کہ جنوری تا جون 2026 بچوں کے خلاف زیادتی کے 1914 کیسز کا رپورٹ ہونا ہمارے لیے لمحہ فکریہ ہے، پنجاب سے 80 فیصد کیسز کا آنا ثابت کرتا ہے کہ وہاں بچوں کے تحفظ کا نظام مکمل ناکام ہے۔ انہوں نے کہا کہ 43 فیصد ملزمان کا بچوں کا واقف کار ہونا بتاتا ہے مسئلہ گھروں میں سخت نگرانی نہ ہونا بھی ہے، تقریباً 45 فیصد واقعات کا بچوں کے اپنے گھروں میں پیش آنا سب سے زیادہ افسوس ناک ہے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 37)

پشاور، مبینہ اجتماعی زیادتی کے 4 ملزمان نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہلاک

پشاور (بیورو رپورٹ) صوبائی دارالحکومت پشاور میں مبینہ اجتماعی زیادتی کرنے والے 4 ملزمان نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق زیر حراست ملزمان کو نشاندہی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 34)

قائداعظم کا وژن جمہوری پاکستان کا تھا جہاں تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہوں، سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ قائداعظم نے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 36)

صوبے بنانے کی بحث سے پہلے مضبوط بلدیاتی اداروں کا قیام ضروری ہے، محمد علی درانی

پاکستان میں اشرافیہ کا قبضہ قائم ہو چکا ہے، اسٹیٹس کو آپشن نہیں، چھوٹے صوبوں سے پہلے عوام کو اختیار دینا ضروری ہے

ملک کا موجودہ نظام ایک ایسے قبضے کا شکار ہے جس میں حکمران طبقہ خود کو مکمل با اختیار سمجھتا ہے جبکہ عوام کا اقتدار میں عملی حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وفاقی وزیر اطلاعات محمد علی درانی نے کہا ہے کہ پاکستان کے لیے اسٹیٹس کو کوئی آپشن نہیں ہے اور عوام کو نچلی سطح پر اختیارات کی منتقلی اب ناگزیر ہو چکی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 38)

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے ڈائریکٹر جنرل نادرا کے پی کے خالد عنایت اللہ خان ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان میں رواں سال پولیو کا چوتھا کیس سامنے آ گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں رواں سال پولیو کا چوتھا کیس سامنے آ گیا۔ قومی ایمرجنسی آپریشنز سینٹر کے مطابق پولیو کا نیا کیس خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں سے رپورٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 39)

فیصل آباد، ائیر پورٹ پر 92 پاکستانی سکھ مسافروں کو سفر سے روک دیا گیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد ائیر پورٹ پر 92 پاکستانی سکھ مسافروں کو سفر سے روک دیا گیا۔ ایف آئی اے کے مطابق سکھ مسافر فیصل آباد سے شارجہ سے ہو کر بھارت روانہ ہونا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 50)

فیصل کریم کنڈی سے خالد عنایت اللہ خان اور فرحان شہزاد کی الگ الگ ملاقات

ملاقات میں ڈیرہ اسماعیل خان میں نادرا بلڈنگ کی اراضی کی منتقلی میں ہونے والی پیش رفت سے بھی گورنر کو آگاہ کیا گیا

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ڈائریکٹر جنرل نادرا خیبر پختونخوا خالد عنایت اللہ خان اور قائم مقام زونل ہیڈ امیگریشن اینڈ پاسپورٹ فرحان شہزاد نے گورنر ہاؤس پشاور میں الگ الگ ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈیرہ اسماعیل خان میں نادرا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 52)

کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، عوامی مسائل کے حل اور بہتر گورننس کے لئے حکومت مؤثر اقدامات کر رہی ہے، سیدال خان ناصر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے پارلیمنٹ ہاؤس میں مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات، وکلا، سول سوسائٹی کے نمائندوں، سیاسی و سماجی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 51)

پمز آتشزدگی کا واقعہ ایسا زخم جسے پوری قوم نے محسوس کیا: حمزہ شہباز

ماں باپ کے غم کو کوئی لفظ اور کوئی ہمدردی کم نہیں کر سکتی، نائب صدر ن لیگ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر حمزہ شہباز نے کہا ہے کہ پمز آتشزدگی کا واقعہ ایسا زخم ہے جسے پوری قوم نے محسوس کیا۔ وفاقی دارالحکومت میں حمزہ شہباز نے پمز ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہوں نے پمز آتشزدگی کے واقعے میں متاثرہ والدین سے ملاقات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 53)

سینیٹ کی استحقاق کمیٹی کی پی آئی اے اور اے ایس ایف کو عملے کی بدسلوکی پر تادیبی کارروائی کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ نے استحقاق کمیٹی کی پی آئی اے اور اے ایس ایف کو عملے کی بدسلوکی پر تادیبی کارروائی کی ہدایت کی گئی۔ سینیٹ قواعد و ضوابط و استحقاق کمیٹی کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں سینیٹر سید وقار مہدی کی زیر (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 54)

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے چینی وفد کی ملاقات

ہسپتالوں کی منصوبہ بندی، ڈیزائن اور ہیلتھ کیئر انفرا اسٹرکچر میں تعاون کے امور پر تبادلہ خیال

عوام تک مفت، معیاری اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں چینی وفد نے ملاقات کی۔ چینی وفد میں شنگھائی جیانگ چوان فوہائی بائیوٹیکنالوجی کمپنی لمیٹڈ کے چیئرمین یان جن، بزنس مینیجر جے ایف ایچ بلیئر ہی اور ہانگ کانگ ٹریڈ اینڈ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 56)

لاہور ہائیکورٹ کا 39 سال پرانے اراضی کیس پر فیصلہ، تکمیل کا دعویٰ مسترد

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے 39 سالہ پرانے اراضی تنازعہ سے متعلق فیصلہ سنا دیا، عدالت نے 1987ء کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 55)

پی سی بی کا 2026-27 سیزن کیلئے کوچ ایجوکیشن و ڈویلپمنٹ شیڈول جاری

نئے سیزن کے دوران ایک ٹیوٹر ورکشاپ، 19 مختلف کوچنگ کورسز جبکہ پہلی پی سی بی کوچنگ کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا

پانچ سال مکمل ہونے کے بعد لیول ون کے حامل کوچز کو دوبارہ یہ کورس کرنا ہوگا۔ خواتین کوچز کے لیے دو الگ لیول ون کوچنگ کورسز بھی منعقد کیے جائیں گے

لاہور (محمد عاصم راجہ سے) پاکستان کرکٹ بورڈ نے سیزن 2026-27 کے لیے کوچ ایجوکیشن اور ڈویلپمنٹ پروگرام کا شیڈول جاری کر دیا۔ نئے سیزن کے دوران ایک ٹیوٹر ورکشاپ، 19 مختلف کوچنگ کورسز جبکہ پہلی پی سی بی کوچنگ کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا۔ شیڈول پی سی بی کوچ ایجوکیشن ہیڈ اور سابق فرسٹ کلاس کرکٹر شاہد اسلم نے ترتیب دیا ہے پی سی بی نے لیول ون کوچنگ کورس کی مدت معیاد پانچ سال مقرر کر دی ہے، پانچ سال مکمل ہونے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 59)

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کو اندرون لاہور میں پارکس کی بحالی پر افسران کی جانب سے بریفنگ دی جا رہی ہے

پٹرولیم لیوی ظالمانہ ٹیکس، حکومت فوری واپس لے، عوام کو ریلیف دیا جائے، جاوید قصوری

وزیر اعلیٰ کا لندن کے نجی دورے کے لئے سرکاری جہاز کا استعمال شرمناک اقدام ہے

حکومت پٹرول کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ فوری طور پر واپس لے، امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی عوام پر عائد کیا جانے والا ایک ظالمانہ بوجھ ہے، جس کے باعث مہنگائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور عام آدمی کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے، جماعت اسلامی لاہور سمیت پشاور، کراچی، کوئٹہ، سرگودھا، فیصل آباد، اسلام آباد، راولپنڈی، چترال، دیر، حیدرآباد سمیت پاکستان کے 35 مختلف اضلاع اور مقامات پر پٹرولیم لیوی اور حکومتی معاشی پالیسیوں کے خلاف دھرنے دے رہی ہے، جو عوامی حقوق کی جدوجہد کا تسلسل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کے حقوق کی جنگ لڑ رہی ہے اور جب تک حکومت عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم نہیں کرتی، ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ مذاکرات میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرے۔ مذاکرات کو محض لیت و لعل، بہانے اور وقت گزاری کے لیے استعمال کرنے سے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 64)

آسٹریلیا مسجد پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ایک صدی پر محیط ایمان، انسانیت، ثقافت اور دوستی کی روشن علامت ہے، عائشہ بخش

لاہور (سٹاف رپورٹر) تاریخی آسٹریلیا مسجد لاہور کے قیام کے 100 سال مکمل ہونے پر منعقدہ پروقار صد سالہ تقریب کا باقاعدہ افتتاح بانیِ مسجد خواجہ محمد بخش کی نواسی اور سلام فیسٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 61)

برائلر گوشت کے نرخ مستحکم، فارمی انڈے مہنگے

لاہور (سٹاف رپورٹر) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 468 روپے، زندہ برائلر کی قیمت 323 روپے فی کلو پر مستحکم جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت ایک روپے اضافے سے 243 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ مختلف مقامات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 62)

لاہور: ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور و اوقاف حافظ انیس الرحمٰن رسم چادر پوشی سے حضرت میراں حسین زنجانی کے سالانہ عرس مبارک کا افتتاح کر رہے ہیں

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، منیجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر
LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے
شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com